जगत सिमरती

۱۶ - اور اُن بڑی شکت مانون کے سوکشم آبہوکہوا اپنی اپنی بکار مین ملا کر تمام مخلوقات کو پرماتمانے بنایا۔

۱۷ - پر کرت سہت برہم کے شریر کا چہہ سوکشم ابیّے (یعنی تنماترا و اھنکار) اور اندریونکے پیدا کرنیوالے ہین ۞

۱۸ - پہر اُس اناشی اور جگت رچنے ولے برہم سے اپنے اپنے کامونکے ساتھ آکاش وغیرہ خلقت اور سوکشم ابیّونکے ساتھ مَن یعنی دل پیدا ہوا ۞

۱۹ - بعد اِسکے ابناشی برہم نے اِن سات بڑے پراکرم رکہنے ولے مہت تتّو اور آھنکار اور پانچ تنماترونکی سوکشم بہاگ اس ناش ہونیوالے جگت کو بنایا ۞

۲۰ - اِن مہابہوتونمین اوّل اوّل کا خواص دوسرے دوسرے مین جاتا ہے جسکی جیسی حیثیت ہے اُسمین ویسا گُن رہتا ہے ۞

۲۱ - پہر پرماتمانے سب جیوونکا نام اور کرم علیحدہ علیحدہ جسکا جیسا پیدائش سے پہلے تہا ویسا ہی وید شبد سے جانکر بنایا ۞

۲۲ - پہر پربہو یعنی برہمانے دیوتا وُنکو اور جڑ پدارتہونکو اور سوکشم سنتیہ یگیہ کو پیدا کیا ۞

۲۳ - پہر یگیہ سدہ ہونیکے لئے اگن سے رگ و ... سے سام وید کو نکالا ۞

1660;U

۲۴ - پہر کال اور کال کے حصّے یعنی برس مہینہ ہفتہ دِن وغیرہ اور ... وغیرہ نکشتر اور سورج وغیرہ گرہ ندی سمندر پربت سم یعنی ہموار ٹیڑہے سیدہے استہانکو بنایا ۞

۲۵ - اِنکے بنانیکے بعد تپ یعنی پراجاپت وغیرہ اور بانی رت یعنی چت کا سنتوش اچہا کام

کر وُوہ دیوآدک پرجا اِن سبکو بنایا ✤

۲۶- کرم جنکے پرکار جاننے کے لئے یگیہ وغیرہ دھرم اور برھم ہتیا وغیرہ ادھرم الگ
انکے سکھہ دکھہ دینے والے پھل کو پرجا کے پیچھے لگا دیا ✤

۲۷- اسکے بعد بجلی بادل روہت دھنش الکا (یعنی لُک کا ٹوٹنا) ثوابت و
وسُہیل وقُطب وغیرہ کو بنایا ✤

۲۸- کنّر بندر مچھلی طرح طرح کے پرند وچارپایہ وہرن وآدمی اور دو دانت والے سانپ کو
۲۹- پھر تھوڑے کیڑے چھوٹے بڑے کیڑے شلبھہ ڈھیل مکھی انڈس ٹُونس مساطرح طرح کے درخت اِن سب کو
۳۰- چارپایہ ہرن دوروئیہ دانت والے سانپ راکشش پشاچ آدمی یہہ سب جرائج
(یعنی حمل کا چھپانے والا جو جھلّا ہے اسمین رکھہ پھر اُس سے باہر نکلتے ہین) ✤

۳۱- پرند سانپ مچھلی کچھوا یہہ سب انڈج ہین (یعنی بیضہ سے پیدا ہوتے ہین) اور جو
طریق سے پانی یا زمین سے پیدا ہون وہ بھی انڈج کہاتے ہین ✤

۳۲- ڈنس مسا ڈھیل مکھی اُڈنس یہہ سب پسینا سے پیدا ہوتے ہین اِسلئے سویدج کہ
ہین اور جو ایسی گرمی سے ہوتے ہین وہ بھی سویدج کہاتے ہین ✤

۳۳- استھا ور سب اُدبھج کہلاتے ہین کوئی تو بیج سے پیدا ہوتے ہین اور کوئی قلم
سے اَو شدہ پھل پھول والے جو پکنے پر ناش ہوتے ہین ✤

۳۴- جنمین پھول نہین لگتا فقط پھل ہی لگتا ہو انکو بنس پت کہتی ہین اور جنمین
پھل دونون لگتے ہین انکو برکش کہتے ہین ✤

۳۵ - گچّھہ اور گلم یہہ بہت قسم کے ہوتے ہین اور نترن کوئی بیج سے اور کوئی شاخ لگانے سے ہوتے ہین جیسے پرنانا اور رُبلی وغیرہ ٭

۳۶ - ان سب مین تموگن زیادہ رہتا ہے اس سبب سے سکھہ دکھہ کا گیان اندر ہی اندر رہتا ہے

۳۷ - اس جہان فانی مین برہما سے لیکر چیونٹی تک جو حالت جانداروں کی ہے سو ہمنے آپ لوگون سے بیان کی ٭

۳۸ - اسطرح برہما جی اچنت پراکرمی مجھکو اور سرشٹ کو بناکر پرلے کیوقت ناش کرکے برہم مین لے ہوجاتے ہین ٭

۳۹ - جب برہما جاگتے رہتے ہین تب یہہ جگت دیکھہ پڑتا ہے اور جب وہ شانت پُرش سو جاتا ہے تب پرلے ہوجاتی ہے ٭

۴۰ - جب برہما سُچت ہوکر سوتے ہین تب جیو (جو کرم کے موافق شریر دھارن کرتا ہے) اور من دونون اپنے کرمون سے چھوٹ جاتے ہین ٭

۴۱ - جب سب جاندار اُس مہاتما مین محو ہوجاتے ہین تب یہہ سب بھوتون کا آتما آنند سے سوتا ہے یعنی تب مہا پرلے ہوتی ہے ٭

۴۲ - اب لنگ کی حالت لکھتے ہین کہ یہہ جان ہم صحبت حواس ہوکر زمانہ دراز تک عالم نادانی مین رہتی ہے اور جب انفاس تمام ہوجاتے ہین تب قالب اول سے دوسرے قالب مین جاتی ہے ٭

۴۳ - اور جب وہ عناصر و حواس و دل و عقل و خواہش و عمل و ہوا و نادانی ان آٹھ چیزونکی ہمراہ تخم ساکن مین جاتی ہے تب درخت وغیرہ کی قالب کو پاتی ہے اور جب تخم متحرک مین جاتی ہے تب آدمی وغیرہ کی قالب کو پاتی ہے ٭

۴۴ - اسی طرح برہما جی جاگنے اور اونے سبھی تمام جانداران ساکن و متحرک کو بار بار جلاتے اور مارتے رہین

۴۵ - برہمانے اِس شاستر کو بنا کر پہلے ہمکو بدہ پورک بتایا پہر ہمنے مرنچ وغیرہ رشیونکو سکہایا ॰

۴۶ - اور اب اس سمپورن شاستر کو بہرگ رشی آپ لوگونکو سناوینگے کیونکہ اُسنے ہمسے اِس شاستر کو پڑہا ہے ॰

۴۷ - جب اسطرح منُ نے بہرگ سے کہا تب بہرگ نے پرسن ہوکر سب رشیونسے کہا کہ سُنئے ॰

۴۸ - ۱۸ پل کا ایک کاشٹا - ۳۰ کاشٹا کی ایک کلا - ۳۰ کلا کا ایک مہورت - ۳۰ مہورت کا ایک دِن رات ہوتا ہے ॰

۴۹ - آدمی اور دیوتا کے رات دن کی تمیز آفتاب کے باعث سے ہوتی ہے سب جانداروںکی آرام کے لئے رات اور کاروبار کے لئے دِن مقرر ہوا ہے ॰

۵۰ - آدمیونکی ایک مہنہ کی برابر پتیرونکا ایک رات دِن ہوتا ہے اُسمین کرشن پکش کام کرنیکے لئے دِن ہے اور شُکل پکش سونے کے لئے رات ہے ॰

۵۱ - آدمیونکے ایک برش کے برابر دیوتاؤنکا ایک رات دن ہوتا ہے جبتک سورج اُترائن رہین تب تک دِن ہے اور جبتک دکشناین رہین تب تک رات ہے ॰

۵۲ - برہما کے رات دن کی مقدار اور ہر ایک جگون کی مقدار خلاصہ سلسلہ وار لکہتے ہین ॰

۵۳ - دیوتاؤنکے چار ہزار برش کا ست جگ ہوتا ہے جگ کے پہلے دیوتونکی چار سو برش کی سندہیا کہلاتی ہے اور جگ کے اخیر پر اُتنا ہی سندہیانش کہلاتا ہے ॰

۵۴ - اور تینون جگون (ترتیا دواپر کلجگ) کی سندہیا اور سندہیانش کی مقدار ایکہزار اور ایک سو کے گہٹانے سے ہوتی ہے ॰

۵۵ - یہہ جو چارُ جگونکا اندازہ کہا اُسکا بارہ ہزار گُنا دیوتاؤنکا جُگ ہوتا ہے ❊

۵۶ - اور دیوتاؤنکے ہزار جگ کے برابر برہما کا ایک دِن ہوتا ہے اور اتنی ہی رات ہوتی ہے ❊

۵۷ - برہما کے ایک ہزار جگ کے برابر پربرہم کا ایکدن ہوتا ہے سو وہ دن بڑا پَوِتر ہے اور رات بھی اتنی ہی ہوتی ہے اِس رات دن کے جاننے والے نے کہا ہے ❊

۵۸ - وہ برہما اپنے دنمین کام کرتے ہین اور رات مین سوتے ہین جب جاگتے ہین تب سنکلپ بِکلپ روپ مَن کو واسطے سرشٹ رچنے کے اگیا دیتے ہین ❊

۵۹ - مَن نے برہما کی اگیا پاکر آپ سے آپ آکاش کو بنایا اُسکی صفت آواز ہے ❊

۶۰ - آکاس سے جملہ خوشبو کے پہونچانے والی پاک و قوی ہوا پیدا ہوئی اوسکی صفت لمس ہے ❊

۶۱ - ہوا سے تاریکی دُور کرنیوالی اور روشنی پھیلانیوالی جُوت پیدا ہوئی اُسکا گُن روپ ہے ❊

۶۲ - جُوت سے پانی پیدا ہوا جسکا گُن رس ہے اور پانی سے زمین پیدا ہوئی جسکی صفت بُو ہے بعد قیامت پیدائش عالم کی یہی صورت ہے ❊

۶۳ - دیوتاؤنکا جو جگ ہے بارہ ہزار برش کا اُسکا اکہتر گُن ایک منونتر ہوتا ہے یعنی ایک مَن کی سلطنت کی مدّت ❊

۶۴ - بے انتہا منونتر اور پیدائیش اور فناء عالم کہیل کے برابر بغیر محنت کے برہماجی بار بار کیا کرتے ہین ❊

۶۵ - ست جگ مین دھرم چار و چرن سے رہا اور اُس جگ کے آدمی بیچ [illegible] کام دہرم کا نہین کرتے تھے ❊

۶۶ - ترتیا وغیرہ تینون جگونمین لوگ ادہرم یعنی چوری جہوٹھ [illegible] کام کرنے لگے اسلئے دہرم

ایک چرن گھٹتا گیا (یعنی تریتا مین ۳ - دواپر مین ۲ - کلجگ مین ۱ -) ٭

۶۷ - ست جگ مین سب جاندار تندرست رہتے تھے اور جو چاہتے تھے وہی ہوتا تھا چار سو برش کی عمر ہوتی تھی تریتا وغیرہ تینون جگون مین عمر آدمی کی ایک ایک چرن رُبع گھٹ گئی ٭

۶۸ - یہہ شاستر کلیان اور بدّھ اور یش اور عمر اور مکت کا دینیوالا ہے ٭

۶۹ - اس شاستر مین تمام دہرم اور کرمونکے گُن و دوش اور آچار لکھے ہین ٭

۷۰ - جب منون نے دیکھا کہ آچار ہی سے دہرم پراپت ہوتا ہی تب سمپورن تپسیا کا مول جو آچار ہے اُسکو دہارن کیا ٭

۷۱ - اتنی باتین اس شاستر مین کہی گئی ہین جگت کی اُتپت سنسکار بدھ برت کا آچرن اسنان بدھ ٭

۷۲ - استری پرسنگ بواہونکا لکشن مہایگیہ شرادہ کی بدھ ٭

۷۳ - جیو کا کا لکشن برہم چاری کا برت کہانے اور نہ کہانے والی چیزین صفائی چیزونکی پاک کرنیکا طریقہ ٭

۷۴ - استری کا دہرم تپسیا موکش سنیاس اُجونکا دہرم سب کا مونکا بچارہ ٭

۷۵ - طریق گواہی گواہان عورت مرد کا دہرم بہباگ دہرم (یعنی حصہ بانٹ) جوا کھیلنے کی بابت مجرمونکی سزا ٭

۷۶ - ویشیہ اور شودرونکا دہرم ورن سنکرونکی پیدائش برپت سے ورنونکا دہرم باپ سے چہوٹنے کی بدھ ٭

۷۷ - شبہہ اشبہہ کرمونسے اُتّم مدہم ادھم شریر مین جنم پانا آتم گیان (یعنی خودشناسی) نتیجہ اعمال نیک و بد ٭

۷۸ - دلیش جات کُل یا کہنڈی ان سبہونکا دہرم اتنی باتین اس شاستر مین مُن جی نے کہی ہین ٭

۷۹ - بہرگُ جی کہتے ہین کہ جسطرح ہمنے اس شاستر کو مُن جی سے پوچھا اور اُنہون نے کہا اُسیطرح آپ لوگ بہی ہم سے سُنئے ٭

۸۰ - دوستی و دشمنی سے علیحدہ اچّہے پنڈت لوگون نے دہرم کی پیروی کی ہے اور وہ دہرم کلّیان کرنیوالا ہے اُس دہرم کو ہمسے سُنئے ٭

۸۱ - پہل کی اچّہیا سے کوئی کام کرنا اچہا نہین ہے (کیونکہ اوس پہل کے بہوگنے کیواسطے جنم لینا پڑتا ہے) اور جو نِتیہ کرم اور نمتک ہے وہ معاونِ حصول معرفت ہوکر مُکت دینے والا ہے مگر اس بیان سے عام خواہش کی ممالعت نہین ہے کیونکہ تمام بیان متعلقہ دہرم مندرجہ وید و شاستر عین خواہش ہی ہے ٭

۸۲ - اچّہا یگیہ برت نیم دہرم یہہ سب سنکلپ (یعنی اس کام سے یہہ پہل ہو ایسی بُدہ) سے پیدا ہوتے ہین ٭

۸۳ - بغیر اچّہا کے کوئی کام نہین ہے جو کچھ ہوتا ہے سب اچّہا ہی سے ہوتا ہے ٭

۸۴ - بغیر اچّہا کے اگر کام کرے تو مُکت حاصل ہو اور دُنیا کی تمنّا بہی بر آوے ٭

۸۵ - وید کا قول اور وید جاننے والونکا قول و فعل اور سادہ لوگونکا فعل اور وہ فعل جسکے کرنے سے اپنا دِل مطمئن ہو یہہ سب دہرم کا مُول ہے ٭

۸۶ - سب باتونکی جاننے والے مَن جی نے جسکا جو دہرم اس شاستر مین کہا ہے وہ سب وید مین ہے ٭

۸۷ - ہر شخص کو بچشم عقل و اعتقاد کے وید و شاستر پر نظر کرکے اپنے دہرم پر ثابت قدم رہنا چاہئیے ٭

۸۸ - جو شخص وید و شاستر مین کہے ہوئے دہرم پر چلتا ہے وہ دُنیا مین نیکنامی اور عاقبت مین عیش جاودانی حاصل کرتا ہے ٭

۸۹ - وید و شاستر پر بحث لا طایل کر کے اُلٹے معنے نہ لگانا چاہئے کیونکہ اِنہین دونون سے دہرم نکلا ہے ٭

۹۰ - وید اور شاستر اور اچّھے لوگون کا طریقہ جس سے اپنے دلکو سچّا اطمینان ہووے یہہ چار و دہرم کے لکشن ہین ٭

۹۱ - ارتہہ اور کام اِن دونون کی جسکو خواہش نہین ہے اُسکو دہرم اور گیان کا ادِھکار ہے اور جسکو دہرم جاننے کی خواہش ہے اُسکو صرف وید ہی پرمان ہے ٭

۹۲ - دیوتاؤن کی ندی جو سرسوتی اور درِشدوتی ہے اِن دونون کے بیچ جو ملک ہے اُسکو آریا ورت کہتے ہین ٭

۹۳ - برہماورت کے متصل کرکشیتر متسیہ پنچال شورسینک یہہ سب دیش برہم رشیون کے ہین ٭

۹۴ - ہماچل اور بندہاچل کا بیچ ونشن کے پورب اور پریاگ کے پچھم مدھیہ دیش کہلاتا ہے ٭

۹۵ - مشرقی سمندر سے لیکر مغربی سمندر تک ور ہماچل اور بندھیاچل کا درمیان یہہ آریاورت کہلاتا ہے ٭

۹۶ - جوٹھا کسیکو نہ دینا دِن و رات کے بیچ مین بہوجن نکرنا بہت بہوجن نکرنا جوٹھے مُنہہ کہین نجانا ٭

۹۷ - زیادہ بہوجن کرنا عُمر و تندرستی و بہشت و ثواب کے واسطے نہین ہے اور دُنیا مین باعث بدنامی ہے ٭

۹۸ - پہلے تین بار آچمن کرے پہر دو دفعہ مُنہہ دہووے اور ناک کان آنکہہ مُنہہ چہاتی سر کو پانی سے چھووے ٭

۹۹ - ہر روز سبق کے آغاز و اختتام پر دونون ہاتھ سے گرو کے چرنون کو چھوے ٭

۱۰۰ - گرو حکم دے تب چیلا پڑھے اور جب چُپ رہنے کو کہے تب چُپ رہے حاصل یہہ کہ گرو کے حکم سے پڑھے اور چُپ رہے ٭

۱۰۱ - سبق کے آغاز اور اختتام پر پرنو (یعنی اونکار) کہے اگر نہ کہے تو پڑھا ہوا بھول جاتا ہے ٭

۱۰۲ - ویدبین لکھی ہوئی سب کریا ناش ہونیوالی ہین مگر اونگ جب برھم کا روپ ہے لازوال ہے ⁂

۱۰۳ - یگیہ سے اپانس جپ وش گنا زیادہ ہی جسکو پاس کے رہنیوالی بھی نہ سنین سن پڑہنیسے اپانس سو گنا زیادہ ہے اور دل مین چپ چاپ کیا جائے اونٹھ نہ ہلے تو اپانس سے ہزار گنا زیادہ ہے ⁂

۱۰۴ - برہمن سب جاندارون سے محبت کہی اور صرف جپ ہی کو کرے تو سب سدھ ہوتی ہے ⁂

۱۰۵ - اپنی اپنی بشیونسے اندریونکو روکے اسطرح کہ جیسے رتہوان گھوڑے کو کمچال سے روکتا ہے ⁂

۱۰۶ - اگلے پنڈتون نے جو گیارہ اندری (یعنی حواس) کہا ہے اُن سبکو ٹھیک ٹھیک کہین گے ⁂

۱۰۷ - سامعہ - باصرہ - شامہ - ذائقہ - لامسہ - ہاتھہ - پانو - زبان - مقام پاخانہ - مقام پیشاب ⁂

۱۰۸ - ان سبھون مین پہلی پانچ گیان اندری کہلاتی ہین اور دوسری پانچ کرم اندری کہلاتی ہین ⁂

۱۰۹ - گیارہوان من ہے اپنی صفتونسے گیان اندری و کرم اندری سے نامزد ہوتا ہے من کو جیتنے سے دشو اندری جیتی جاتی ہین ⁂

۱۱۰ - اندریونکی صحبت سے جیو دکھی ہوتا ہی اور اندریون سے ترک تعلق کرنیسے جیو سدہ کو پاتا ہے ⁂

۱۱۱ - جس چیز کی خواہش من (دل) کو ہو اُسکے ملجانیسے کبھی آسودہ نہین ہوتا بلکہ اور خواہش زیادہ ہوتی ہے جسطرح گھی پانے سے آگ تیز ہوتی ہے ⁂

۱۱۲ - جس شخص کو خاطر خواہ سب چیز میسر ہے اور جو پائی ہوئی سب چیزونکو ترک کردیتا ہی ان دونون مین ترک کرنیوالا بڑا ہے ⁂

۱۱۳ - نعمتونکا ترک بغیر انکے استعمال کے نہین ہوتا بلکہ اُنمین عیب دیکھنے سے ہوتا ہے ⁂

۱۱۴ - جسکا سوبھاو دُشٹ ہے اسکو وید تیاگ نیم تپ یگیہ سے کچھ سدہ نہین ملتی ⁂

۱۱۵۔ جو شخص سُنتے اور چُھونے اور دیکھنے اور استعمال کرنے اور سُونگھنے سے ناخوش ہوتا ہے اور نہ بغیر اُسکے ناخوش ہوتا ہے وہ جتیندری کہلاتا ہے ⁘

۱۱۶۔ سب اندریوں میں سے ایک بھی اندری اپنے بشئے میں لگی تو بُدھ جاتی رہتی ہے جیسے چھلنی سے پانی نکل جاتا ہے

۱۱۷۔ یہ تدبیر شائستہ جان جو من و دلکو اپنے قابو میں کرے اسطرحپر کہ جسمین جسم کو تکلیف نہو پاوے سب دونکو حاصل کرے ⁘

۱۱۸۔ آچارج کا بیٹا خدمت کرنیوالا دھرم کرنیوالا گیان دینیوالا پوتر رہنیوالا یگانہ سمرتھہ سادہ روپیہ دینیوالا ہمقوم یہہ دس پڑھانیکے لائق ہیں ⁘

۱۱۹۔ بغیر پُوچھے کسی سے کوئی بات کہنا نہ چاہئے فریب سے پوچھے تو بھی نہ کہے عقلمند آدمی واقف ہونے پر بھی دُنیا میں مثل شئے غیر متحرک کے رہے ⁘

۱۲۰۔ جو آدمی ادھرم سے پوچھتا ہے اور جو ادھرم سے کہتا ہے دونوں میں سے ایک مر جاتا ہے یا دُشمنی پیدا ہو جاتی ہے ⁘

۱۲۱۔ جہان دھرم ارتھہ سیوا شاستر کے موافق نہیں ہے وہان علم نہ سکھانا کیونکہ عمدہ بیج اُوسر زمین میں نہیں بُویا جاتا ہے ⁘

۱۲۲۔ ودیا سہت ویدپڑھنیوالا خواہش میں مرجائے مگر کیسی ہی مصیبت میں اُس ودیا کو اُوسر زمین میں نہ بووے ⁘

۱۲۳۔ جس سے لوکک گیان یا ویدک گیان یا برہم گیان سیکھے اُنکو پہلے پرنام کرے ⁘

۱۲۴۔ بڑے لوگ جب آسن یا شیا پر بیٹھے ہوں اُسپر آپ نہ بیٹھے اور اگر آپ سیا یا آسن پر بیٹھا ہو تو اُٹھہ کر پرنام کرے ⁘

۱۲۵ - بڑے لوگون کے آنے سے چھوٹے لوگونکا دل خوش ہوتا ہے اور چھوٹے لوگ جب اُٹھ کر پرنام کرتے ہین تو اُس پرنام کو پاتے ہین ٭

۱۲۶ - جو آدمی بڑے لوگونکو ہمیشہ پرنام کرتا ہے اور خدمت کرتا ہے اُسکی عُمر و علم و نیکنامی و قوت چارون بڑھتی ہین ٭

۱۲۷ - پرنام کرنے کے بعد بزرگونسے یہہ کہے کہ مین فلان شخص ہون ٭

۱۲۸ - جو شخص پرنام کرنیکے کلام کو نہین جانتا وہ صرف اپنے نام ہی کو کہے اور عورتین بھی اسیطرح کہین ٭

۱۲۹ - جس عورت سے کسیطرحکا رشتہ نہین ہے اسکو سُبھگی بھوتی بھگنی (یعنی بہن) کہکے پکارنا چاہئے ٭

۱۳۰ - موسی مائین ساس پھوپھی یہہ سب گُرو کی استری کے برابر ہین اسلئے انکی پوجا مثل گُرو کی استری کے کرنا چاہیئے ٭

۱۳۱ - بڑے بھائی کی عورت جو ہمقوم ہو اُسکا پانو چھوکر ہمیشہ پرنام کرے اور ہمقوم رشتہ دار عورت کا بھی پانو چھوکر پرنام کرے لیکن جبکہ سفر سے آکر اپنے دیش مین قیام کرے تب پانو کو نہ چھوئے صرف پرنام کرے ٭

۱۳۲ - پھوپھو موسی بڑی بہن ان سبکو مان کے برابر جاننا مگر مان ان سب سے بڑی ہے ٭

۱۳۳ - ایک گانون یا ایک شہر کے رہنیوالے گُن سے رہت ہون اور دس برس بڑے ہون تو اُنکے ساتھ دوستی کا بیوہار ہوتا ہے اور گنی ہو پانچ برس بڑا ہو تو اُسکی ساتھ بھی دوستی کا بیوہار ہوتا ہے اور وید پڑھا ہو وہ تین برس بڑا ہو تو بھی دوستی کا بیوہار ہوتا ہے اور رشتہ دار ہو تو تھوڑے ہی زمانہ مین دوستی ہوتی ہے اگر مندرجہ بالا سے عمر زیادہ ہو تو وہ بزرگونمین داخل ہے ٭

۱۳۴ - دولت رشتہ دار عُمر عَمل علم یہہ پانچون واجب التعظیم ہین اُنمین پہلے سے دوسرا دوسرے سے تیسرا وغیرہ افضل ہے ٭

۱۳۵ - رتھ سوار و نوّے برش سے زیادہ عمر والا و بیمار و سر بوجھ والا و عورت و برہمچاری و راجہ و نوشہ ان سبھونمین سے کوئی اگر آتا ہو تو اُسکو رستہ دینا چاہئے یعنی آپ ہٹ جائیے ۔

۱۳۶ - جو دونون کانونکو وید سے سمپورن کرتا ہی وہ سچا ماں باپ کی ہی اُس سے کبھی دشمنی نکرے ۔

۱۳۷ - اُپادھیائے سے دش حصہ آچارج بڑا ہی آچارج سے سو حصہ باپ بڑا ہی باپ سے ہزار حصہ ماں بڑی ہی ۔

۱۳۸ - جنم دینے والا اور وید پڑھانیوالا ان دونونمین وید پڑھانیوالا بڑا ہی وید پڑھنے سے جو جنم ہوتا ہی وہ لازوال ہے ۔

۱۳۹ - ماتا پتا اپنی کام کے بس ہوکر لڑکے کو پیدا کرتے ہین اسلئے پیدائش کے مقام ہین ۔

۱۴۰ - تھوڑا یا بہت وید کے پڑھانے سے جو اپکار کرتا ہے اُسکو بھی گرو سمجھنا چاہئے ۔

۱۴۱ - اپنی عمر سے چھوٹا ہے اور وید کو پڑھاتا اور دھرم سکھاتا ہے وہ بھی گرو کہلاتا ہے ۔

۱۴۲ - انگرہ کے بیٹے نے اپنے چچا کو پڑھایا اور بیٹا کہا اسوجہ سے کہ گیان مین بڑا تھا ۔

۱۴۳ - تب وہ چچا خفا ہوکر دیوتاؤنسے پوچھنے گیا دیوتاؤن نے جواب دیا کہ اُس لڑکے نے اچھا کہا ۔

۱۴۴ - کیونکہ جو کچھ نہین جانتا وہ بالک کہلاتا ہے اور جو منتر دیتا ہے وہ باپ کہلاتا ہے ۔

۱۴۵ - زیادہ عمر ہونے اور بالونکی پکنے اور زیادہ دولت اور بہت رشتہ دارونسے بڑا نہین کہلاتا بلکہ انگ سہت وید کا پڑھنے والا بڑا ہے یہہ رشیونکا قول ہے ۔

۱۴۶ - برہمنونمین گیان سے بڑائی ہی کشتریونمین طاقت سے ویشیونمین دولت سے شودرونمین جنم سے ۔

۱۴۷ - بالون کے پکنے سے بڑا نہین کہلاتا جوان ہی اور پڑھا ہوا ہے اُسکو دیوتاؤن نے بڑا کہا ہے ۔

۱۴۸ - کاٹھ کا ہاتھی چمڑے کا ہرن مورکھ برہمن یہہ تینون برائے نام ہین کچھ کام نہین کر سکتے ۔

۱۴۹ - جسطرح نامرد آدمی عورتونمین اور گئو گئو مین نشپھل ہے اور جسطرح مورکھ برہمن کو دان دینا نشپھل ہے

اُسی طرح بے پڑہا برہمن نشپھل ہے ❊

۱۵۰۔ ایسے کام کی آگیا دینا چاہئیے جسمیں کسی جاندار کو تکلیف نہو اور دہرماتما آدمی کو میٹھی بانی بولنا چاہئیے ❊

۱۵۱۔ جسکی بانی اور من شُدھ ہے اور ہمیشہ پاپ سے بچا ہوا ہے وہ ویدانت کے پھل کو پاتا ہے ❊

۱۵۲۔ دُکھی ہونے پر بھی ایسی بات نہ کہے کہ جس سے کسی کے دل پر گھاؤ لگے اور حسد کرے ❊

۱۵۳۔ برہمن تعظیم و تکریم کو مثل آب حیات و توہین و تحقیر کو مثل زہر کے سمجھتا رہے ❊

۱۵۴۔ توہین پانے والا خوشی تمام سوتا اور جاگتا اور پھرتا ہے اور توہین کرنیوالا مرجاتا ہے ❊

۱۵۵۔ طرح طرح کے تپ اور برت کو کرکے وید کو مع پوشیدہ علم کے پڑھے ❊

۱۵۶۔ مدھ مانس گندھ مالا رس ستری شُگنت جیو ونکا مارنا ❊

۱۵۷۔ اُبٹن کاجل جوتا چھتری کام کرودھ لوبھ ناچنا گانا بجانا ❊

۱۵۸۔ جوا جھگڑا کسی کا جھوٹھا عیب بیان کرنا عورتونکو دیکھنا اور اُنسے ملنا کسی کی بدخواہی اِن سب باتونسے پرہیز کرے ❊

۱۵۹۔ اکیلا سووے بیج کو نہ گراوے اور جو عمداً بیج کو گراتا ہے وہ اپنا برت کھوتا ہے ❊

۱۶۰۔ گرو کی اجازت ہو یا نہو مگر وید کے پڑھنے اور گرو کی بھلائی کرنے میں کوشش کرے ❊

۱۶۱۔ جسم و زبان عقل و حواس و دل کو قابو میں رکھکر ہاتھ جوڑے ہوئے گرو کو دیکھتا ہوا سامنے کھڑا رہے ❊

۱۶۲۔ داہنے ہاتھ کو چادر سے ہمیشہ باہر رکھے ساؤدہ کیطرح آچار سے رہے چنچلتا کو چھوڑے رہے اور جب گرو بیٹھنے کی اجازت دے تب اونکے سامنے بیٹھے ❊

۱۶۳۔ روبرو گرو کی ایسا طریق اختیار کرے کہ جیسا گرو ہو جن کرے اُس سے ادنے درجہ کا آپ بھوجن کرے

اور جیسا کپڑا گرو پہنے اس سے کم درجہ کا آپ پہنے اور جیسی صورت سے گرو رہے اُس سے کمتر صورت سے
آپ رہے گرو کے جاگنے سے پہلے جاگے اور گرو کے سونیکے بعد سووے ۔

۱۶۴ - سوتا ہوا اور آسن پر بیٹھا ہوا اور بھوجن کرتا ہوا و منہہ پھیرے ہوئے گرو سے بات چیت نکرے اور نہ سُنے ۔

۱۶۵ - گرو بیٹھے ہوں تو آپ کھڑا ہوکر اور کھڑے ہوں تو آپ چلکر اور گرو چلتے ہوں تو آپ سامنے جاکر اور
گرو دوڑتے ہوں تو آپ بھی پیچھے دوڑ کر گفت و شُنید کرے ۔

۱۶۶ - گرو منہہ پھیر کھڑے ہوں تو سامنے جاکر اور دور ہوں تو پاس جاکر اور سوتے ہوں تو پرنام کرکے
اگیا کو سُنے ۔

۱۶۷ - گرو کے پاس خوابگاہ اور بستر اپنا نیچا رکھے جیسا دل چاہے ویسا نہ رکھے ۔

۱۶۸ - گرو کے پیچھے بھی صرف انکا نام کو نہ لیوے اور گرو کی جیسی چال ڈھال بولی چیشٹا (وضع)
ہو ویسی اپنی نہ رکھے ۔

۱۶۹ - جہاں گرو کا سچا یا جھوٹا عیب کہا جاتا ہو یا نندا ہوتی ہو وہاں اپنے کان بند کرے یا وہاں سے اُٹھ جاوے

۱۷۰ - گرو کا سچا یا جھوٹا عیب کہنے سے گدہا اور نندا کرنیسے کُتا ہوتا ہے اور گرو کا اُچت دہن بھوجن
کرنیسے چھوٹا کیڑا اور گرو کی بڑائی نہ سہہ سکنے سے بڑا کیڑا ہوتا ہے ۔

۱۷۱ - گرو کی پوجا دور سے (یعنی کسیکو ہاتہہ پوجا کی سامگری بہیجکر) نکرنا اور غصہ سے نکرنا چاہیے اور اپنی صورت
کے پاس بیٹھا ہو یا سواری پر یا آسن پر بیٹھا ہو تو سواری سے اتر کر اور آسن کو چھوڑ کر پرنام کرے ۔

۱۷۲ - جو آدمی گرو کے ملک سے چیلہ کے ملک میں آیا ہو خواہ چیلہ کے ملک سے گرو کے ملک میں آیا ہو - ان دونوں کے روبرو
چیلہ گرو کے ساتھ نہ رہے جو بات گرو کے سُننے میں آوے ایسی کوئی بات گرو کی یا اور کسیکی نہ کہے یعنی گرو سے

چہپا کر کوئی بات نہ کہے ۔

۱۷۳ - بیل گہوڑا اونٹ والی رتھ یا گاڑی پر اور اٹاری و چٹائی و پتہر و لکڑی و ناؤ پر گرو کی ساتھ بیٹھے ۔

۱۷۴ - گرو کی گرو کو بہی مثل اپنے گرو کی جانے اور بغیر حکم گرو کی اپنے ملک سے آئے ہوئے چچا وغیرہ کو پرنام کرے ۔

۱۷۵ - اسیطرح سوائے آچارج کے اپا دہیائے وغیرہ دش گروہین اور چچا وغیرہ رشتہ دار اور ادہرم سے بچانیوالے اور اچھی بات سکہانیوالے بھی مثل گرو کے ہین ۔

۱۷۶ - جو بڑے لوگ ہین اور گرو کی بڑے بیٹے اور گرو کے بہائی بندہ ان سبہوکو بہی مثل گرو کے جانے ۔

۱۷۷ - گرو کا بیٹا اپنی عمر سے چہوٹا ہو یا بڑا ہو اور پڑہنے کی سامرتہ رکہتا ہو اور اپنی یگیہ دیکہنے کو آوے تو اسکی تعظیم مثل گرو کے کرنا چاہئے ۔

۱۷۸ - اسنان کرانا ابٹن لگانا جوٹہا بہوجن کہانا پانو دہونا یہہ سب کام گرو کی بیٹے کا نکرے ۔

۱۷۹ - گرو کی ہمقوم زوجہ کی پوجا مثل گرو کے کرے اور جو عورت ہمقوم نہین ہے اسکی پوجا یہی ہے کہ اُٹھکر صرف پرنام کرے ۔

۱۸۰ - گرو کی استری کے بدن مین تیل اور ابٹن نہ لگاوے اور نہ اسنان کراوے نہ بال سنگہاوے ۔

۱۸۱ - جو چیلا بیس برس کا ہو اور عیب و ہنر جانتا ہو وہ گرو کی جوان عورت کا پانو پکڑ کر پرنام نکرے ۔

۱۸۲ - آدمیونکو عیب لگانا عورتونکی عادت ہے اسلیئے پنڈت لوگ عورتونسے ہوشیار رہین ۔

۱۸۳ - کام کرودہ سے پنڈت ہو یا مورکہ ہو اُسکو بے راہ مین لیجانے کیواسطے استری لوگ سامرتہ رکہتی ہین ۔

۱۸۴ - ماں بہن لڑکی ان سبہی ساتھ اکیلے مکانمین نرہے کیونکہ اندری بہت بلوان ہین پنڈت کو

بھی بُرے راہ پر کھینچ لے جاتی ہین ٭

۱۸۵- سفر سے اگر اچھے لوگونکے دہرم کو یاد کرے گُرو کی استری کے پانو پکڑے اور پرنام تو ہر روز کرے ٭

۱۸۶- جسطرح کُداری سے کھود کھودتے آدمی پانی پاتا ہے اُسیطرح گُرو کی سیوا کرتے کرتے گُرو کی سمپورن ودیا کو چیلہ پاتا ہے ٭

۱۸۷- عورت یا چھوٹا آدمی کوئی اچھی بات کرتا ہو تو اُسکو آپ بھی کرے یا جس عمل مطابق شاستر مین دلکو اطمینان ہو وہ کام کرے ٭

۱۸۸- کسیکے مت مین دہرم وارتھ دونون اور کسیکے مت مین ارتھ وکام اور کسیکے مت مین صرف دہرم کلیان کرنیوالا ہے اب یہی مت کو کہتے ہین کہ دہرم ارتھ کام تینون باہم موافق ہین انہین تینون سے سب کچھ ملتا ہے ٭

۱۸۹- آچارج پرماتما کی مورت اور ماتا پرتھوی کی مورت اور پتا برہما کی مورت اور سگا بھائی اپنی مورت ہے ٭

۱۹۰- آچارج اور پتا اور سگا بڑا بھائی ان تینونکی توہین رنجیدہ دل ہونے پر بھی نکرے اس بات کی تعمیل برہمن کو تو ضرور ہی واجب ہے ٭

۱۹۱- آدمی کے پیدا ہونے مین جو تکلیف ماں اور باپ سہتے ہین اُسکا عوض سو برس کے اپکار کرنیسے بھی نہین ہوسکتا یہہ سب دیوتا روپ ہین انکا اپمان نکرنا چاہئے ٭

۱۹۲- ماں وباپ و آچارج اِن تینونکی خدمت ہمیشہ کرنا چاہئے انکی خوشی رہنے سے سب عبادت پوری ہوتی ہے ٭

۱۹۳- اِن تینونکے سوا پرم تپ ہے اِن لوگونکی اگیا بنا کوئی دوسرا دہرم نکرنا چاہئے ٭

۱۹۴- تینوں لوگ تینون آشرم تینون وید تینون اگن یہی تینون شخص ہین ٭

١٩٥ - اِن تینونکی خدمت گذاری مین ہوشیار رہنے سے تینون لوک کو جیتتا ہے بڑا تیج وان ہوکر دیوتاؤن کیطرح سورگ مین آنند کرتا ہے *

١٩٦ - ماتا کی بھگت کرنیسے بھولوک اور پتا کی بھگت کرنیسے انترکش لوک اور گرو کی بھگت کرنیسے برہم لوک کو پاتا ہے *

١٩٧ - جس شخص نے اِن تینونکا آدر کیا وہ گویا سب دہرمونکا آدر کر چکا اور جسنے اِن تینونکا آدر نہین کیا اُسکی سب کریا نشپہل ہے *

١٩٨ - جبتک یہہ تینون زندہ رہین تب تک خود مختار ہوکر دوسرا دہرم نکرے اُنہین کی خدمت اور بھلائی اور مرضی مین رہے *

١٩٩ - اِنہونکی سیوا پوروک دوسرا دہرم بھی کرے تو من بانی کرم کرکے اُنہون سے کہدیوے *

٢٠٠ - اِنہین تینونمین آدمی کے کرنیکی جو بات ہے سو ہو جاتی ہے پس اِنکی خدمت کے سوائے اور دہرم اوپ دہرم ہین *

٢٠١ - شردھا کرکے اچھی وِدّیا کو نیچ ذات سے بھی لینا اور پرم دہرم کو چانڈال سے بھی لینا اور سندر اِستری کو دُشٹ کل سے بھی لینا چاہئے *

٢٠٢ - زہر و طفل و دشمن اِن سبہو نسے سلسلہ سے آبحیات و شیرین زبانی و طریقہ نیک و طلا اِن سب کو لینا چاہئے *

٢٠٣ - عورت و جواہرات و وِدّیا و دہرم و صفائی و پاکی و شیرین زبانی و طرح طرح کی کاریگری اِن سبکو جہان سے ملے وہانسے لینا چاہئے *

۲۰۴ - اگر مصیبت آپڑے تو کشتری وغیرہ سے برہمن پڑھے اور جبتک پڑھے تب تک اُس گرو کے پیچھے چلے اور سیوا کرے ❖

۲۰۵ - اُتم گت کی چہا کرنیوالا آدمی کشتری وغیرہ گرو اور مورکھ برہمن کے پاس زیادہ قیام نکرے ❖

۲۰۶ - جو برہمچاری شریر تیاگ کرنے تک گرو کی سیوا کرتا ہے وہ بلا محنت اویناشی برہم لوک کو پاتا ہے ❖

۲۰۷ - دہرم کا جاننے والا برہمچاری جبتک پڑھتا رہے تب تک سوائے سیوا کے دوسرا اپکار گرو کا نکرے پڑھ چکنے کے بعد سماورتن کے نمت اسنان کرمکے گرو کا حکم لے کر گرو کو حسب توفیق دکشنا دے ❖

۲۰۸ - یعنے زمین - سونا - گؤ - گھوڑا - چھتری - جوتا - آسن - شاگ - کپڑا وغیرہ گرو کو دیوے ❖

۲۰۹ - گرو کے مرنے کے بعد گرو کا لڑکا جو گن وان ہو اور گرو کی استری اور گرو کی سپنڈ (یعنے بھائی بند) ان سبھونکو گرو کیطرح ماننا چاہئے ❖

۲۱۰ - جو برہمچاری نیشٹک ہے وہ بحالت نہ موجود ہونے گرو و عزیز و اقارب گرو کے اُنکے مکان و آسن مین رہکر اگن کی سیوا کرتا ہوا اپنے کو برہم مین ملجانیکے لائق کرے ❖

۲۱۱ - چھتیس یا اٹھارہ یا نو برش تا تحصیل علم وید کے تینون ویدونکی پڑھنے کا برت کرنا چاہئے ❖

۲۱۲ - تینون وید یا دو وید یا ایک وید سلسلہ سے پڑھکر اکھنڈ برت کرنیوالا آدمی گرہستہ آشرم مین آوے ❖

۲۱۳ - گرو کی اگیا سے اسنان کرکے سماورتن کرم کرکے اپنی ذات کی اچھی لڑکی سے وواہ کرے ❖

۲۱۴ - جو لڑکی ماں کے سپنڈ مین نہو اور نہ باپ کے گوتر مین ہو ایسی لڑکی تینون ورنون کو زوجہ بنانے کے لئے اچھی ہوتی ہے ❖

۲۱۵ - اگرچہ گائے بکری دولت وغیرہ کی کثرت ہو تو بھی جو دش کل آگے کہینگے انمین وواہ نکرنا چاہئے ❖

۲۱۶ جس کل کی کریا نشٹ ہوگئی ہے اور مرد جسمین نہون اور جس کل مین بہت روم والے عورت مرد

ہون اور جسمین وید کا پڑھنا نہین ہے اور بواسیر کی بیماری اور چھئے روگ اور ضعف ہاضمہ و مرگی اور سفید داغ وغیرہ بہت طرح کے کوڑہ جس کل مین ہون وہ اگر اوپر کہے ہوئے دھن دولت سے بھرا ہو تو بھی اُس کُل مین وِواہ نکرے ؛

۲۱۷ - کپل رنگ کی زیادہ اعضا رکھنے والی بیمار بغیر بال والی بہت بال والی بہت بولنے والی پنگلا رنگ کی ؛

۲۱۸ - اور جسکا نام ستارہ درخت پرند سانپ ملیکش پہاڑ واس کیطرح ہیبتناک ہے اُسکے ساتھ وِواہ نکرنا چاہئے ؛

۲۱۹ - بلکہ جو سب اعضا رکھنے والی ہو اور نام بھی جسکا اچھا ہو اور چال جسکی مثل ہاتھی و ہنس کے ہو اور بال اور دانت بھی چھوٹے ہون ایسی عورت کے ساتھ وِواہ کرنا چاہئے ؛

۲۲۰ - جس لڑکی کا بھائی نہو اور جسکے باپ کا نام معلوم نہو اُس سے وِواہ نہ کرنا چاہئیے کیونکہ پُتریکا دھرم کا شُبہہ رہیگا (باپ وِواہ کیوقت ارادہ کرے کہ لڑکی کا لڑکا میرا ہو گا اسکو پُتریکا کرنا کہتے ہین پس وہ لڑکا اپنے نانا کا لڑکا ہو گا) ؛

۲۲۱ - لڑکی کا باپ تھوڑا بھی معاوضہ نہ لیوے طمع سے کچھ بھی معاوضہ لینے سے لڑکی کا بیچنے والا کہلاتا ہے ؛

۲۲۲ - عورتونکی سواری و دولت و کپڑا لیکر جو عزیز و اقارب اوقات بسری کرتے ہین وہ بڑے پاپی ہین نرک مین جاتے ہین ؛

۲۲۳ - کسی رشی نے آرش وِواہ مین دو گو لینا جائز کہا ہے لیکن تھوڑا یا بہت کچھ بھی لینا لڑکی کا بیچنا ہی کہلاتا ہے ؛

۲۲۴ - جس لڑکی کا معاوضہ ذات کے لوگ نہین لیتے وہ بیچنا نہین کہلاتا معاوضہ نہ لینا لڑکی کا پوجن ہے اور نترحم ہے ⁂

۲۲۵ - بہت کلیان کے چاہنے والے باپ بہائی پتی دیور گہنا اور کپڑے سے عورتونکی پوجا کرین ⁂

۲۲۶ - جس کل مین عورتونکی پوجا ہوتی ہے اُس کل مین دیوتا لوگ بہار کرتے ہین اور جہان عورتونکی پوجا نہین ہوتی وہان سب کریا نشپھل ہے ⁂

۲۲۷ - جس کل مین استری لوگ دکہی رہتی ہین وہ کل جلد نشٹ ہوجاتا ہے اور جس کل مین استری لوگ سکہی رہتی ہین وہ کل ہمیشہ بڑہتا ہے ⁂

۲۲۸ - پوجا کو نہ پا کر استری لوگ جس کل کو سراپ دیتی ہین وہ کل چارو طرف سے نشٹ ہو جاتا ہے

۲۲۹ - اسلئے دولت کا چاہنے والا آدمی گہنا کپڑا کہانا سے ہمیشہ استریونکی پوجا کرے ⁂

۲۳۰ - جس کل مین استری سے پتی اور پتی سے استری پرسن رہتی ہین اُس کل مین بیشک کلیان ہے

۲۳۱ - جو استری پتی کو پرسن نہ رکہیگی تو اولاد کہان سے ہوگی ⁂

۲۳۲ - استری کے پرسن رہنے سے سب کل پرسن رہتا ہے اور استری کے اپرسن رہنے سے سب کل اپرسن رہتا ہے ⁂

۲۳۳ - وید کے پڑہنے اور ان دان دینے سے تینون آشرمونکو گرہستہ آشرم والا ہر روز اختیار کرتا ہے اس سے گرہستہ آشرمی بڑا ہے ⁂

۲۳۴ - پرلوک مین اکشے سورگ اور اس لوک مین سکہہ کی اچہا کرنیوالا اُس گرہستہ آشرم کو یتن سے دہارن کرتا ہے جو دربل اندری والون سے دہارن نہین ہو سکتا ⁂

۲۳۵ - رشی پتر دیوتا اتیتہہ یہہ سب گرہستہونسے ہی جن کا آسرا رکہتے ہین اسلئے ان سکو ان جل

دینا چاہیے ؞

۲۳۶ - بدھ پوروک گرو کو گئو دینے سے جو پہل ہوتا ہے وہی پہل بھکھاری کو بھیکھہ دینے سے گرہستھ آشرم والا پاتا ہے ؞

۲۳۷ - جو اتیتھ آپ سے آیا ہو اسکو اپنی شکت کے موافق بدھ پوروک آسن ان جل آدر سے دیوے ؞

۲۳۸ - گھاس پانی زمین شیرین زبانی ان چیزوں سے اچھے لوگوں کا گھر کبھی خالی نہیں رہتا ؞

۲۳۹ - ایک رات رہنے والے کو اتیتھ کہتے ہیں اسلئے اتیتھ کو سوائے ایک رات کے ہر روز نہ رہنا چاہئے ؞

۲۴۰ - جس گرہستھ کے گھر استری اور اگن موجود ہو اسکے گھر وشو دیو کے سمے اتیتھ آیا ہو تو اتیتھ ہے مگر ایک گاؤں کا رہنے والا اور بچیتر ہنسی کہنے والا اتیتھ نہیں کہاتا ہے ؞

۲۴۱ - جو گرہستھ اگیانی ہر پاک کی اُپاسنا کرتے ہیں اسکے کرنیسے پر لوک ہیں ان دینے والے کے پشو ہوتے ہیں ؞

۲۴۲ - سورج ڈوبے اتیتھ آیا ہو تو اُسکو کھانا پانی ضرور دینا چاہئے وقت پر آوے یا بیوقت مگر بغیر کھانا کھائے گھر میں نہ رہنے پاوے ؞

۲۴۳ - جو چیز اتیتھ کو نہ کھلاوے اسکو آپ بھی نہ کھائے اتیتھ کو کھانا کھلانا دولت نیکنامی و عمر و سورگ کیواسطے ہے ؞

۲۴۴ - اسطرح دیا کرکے ویشیہ و شودر کو بھی بھائی بندوں کے ساتھ بھوجن دینا چاہئے ؞

۲۴۵ - پریت سہت متر وغیرہ گھر میں آئے ہوں تو آدر سہت یتھا شکت استریوں کے بھوجن کے سمے انکو بھی بھوجن دینا چاہئے ؞

۲۴۶ - بیٹے کی استری دُواہی لڑکی چھوٹا لڑکا بیمار حاملہ ان سبہونکو ایتتھہ بہوجن سے پہلے بہوجن دینا چاہئے کچھ پس و پیش نکرنا چاہئے ÷

۲۴۷ - بہوجن کے لائق جتنے آدمی کھاتے ہین ان سبکو بغیر بہوجن کرائے جو اگیانی آپ بہوجن کرتا ہے وہ نہین جانتا کہ ہمارے جسم کو کتا اور گدھ کہاوینگے ÷

۲۴۸ - جو آدمی صرف اپنے ہی واسطے پاک کرتا ہے وہ پاپ کو بہوجن کرتا ہے یگیہ کا بچا ہوا انّ پہلے لوگونکے بہوجن مین اچت ہے ÷

۲۴۹ - رونا غصہ کرنا جہوٹھ بولنا ان سبکو چہوڑے پاؤن سے انّ کو نہ چہوئے اور نہ اچھال اچھالکر انّ کو برتن مین رکھے ÷

۲۵۰ - واسطے حصول معاش کے دروغگوئی وشیرین زبانی ومضحکہ کو اختیار نکرے دروغ وفریب والی معاش کو ترک کر کے برہمنونکی نیک معاش سے اوقات گذاری کرے ÷

۲۵۱ - قناعت کر کے حواس کو قابو مین لاوے کیونکہ خوشی کی بنیاد قناعت ہے اور رنج کی جڑ بیصبری ہے ÷

۲۵۲ - اندریونکو قابو مین لاکر انکی زیادتی خواہش کو دل سے دور کرے ÷

۲۵۳ - جس دولت سے وید پڑہنے مین ہرج ہو اسکو ترک کرے اور جس طریق سے وید پڑہنے مین ہرج نہو اس طریق سے مطلب حاصل کرے ÷

۲۵۴ - عمر وعمل و دولت و سُنی سُنائی بات و ملک و پوشاک و تقریر و عقل ان سبہونکی صورت کو آچرن کرتا ہوا دنیا مین رہے ÷

۲۵۵ - عقل اور دولت کو ترقی دینے والے جو مفید وید (ویدانگ وغیرہ) ونگم علم صناعت وطب و

سلحرانی وو دہرم شاستر وغیرہ علوم ہین اُنکا مطالعہ روز کیا کرے ٭

۲۵۶ - آدمی جیسی جیسی شاستر مین مہارت کرتاہے ویسا ویسا اُسکا مطلب سمجھتاہے اور گیان بھی اُسکو اچھا لگتاہے ٭

۲۵۷ - جو آدمی یگیہ شاستر کو جانتے ہین مگر اُن یگیون کے کرنیکی خواہش نہین کرتے وے ہمیشہ اندریونمین ہون کرتے ہین ٭

۲۵۸ - جو آدمی بانی اور پران مین لازوال یگیہ سدہ کو دیکھتے ہین وے پران کو بانی مین اور بانی کو پران مین ہون کرتے ہین (یعنی سمپادان و سمپادن کرتے ہین) ٭

۲۵۹ - سمپورن کریا کی جڑ گیان ہے ایسی گیان روپی آنکھ سے دیکھکر گیان ہی سے ان یگیون کو پوجن کرتے ہین بعض آدمی ٭

۲۶۰ - آسن بھوجن شیا جل مول پھل ان سبھون سے کسی ایک چیز سے بیتھا شکت بغیر پوجا پائے اتیتھ گرہستھ کے گھر مین نہ رہنے پاوے ٭

۲۶۱ - اگر پاکھنڈی و ناقص معاش سے اوقات بسر کرنیوالے و بیڈال برتک و ویدخوانی نخر کرنیوالے خلاف دلائل کرنیوالے یہ سب اتیتھ کال مین آوین تو گفتگو سے بھی انکا پوجن نکرے مگر بھوجن دے ٭

۲۶۲ - جو گرہستھ وید مین یا برت مین یا دونومین پکاہے اُسکا پوجن ہتیہ اور کبیہ سے کرے خلاف عمل نکرے ٭

۲۶۳ - جو برہمچاری اور سنیاسی وغیرہ اپنی ہاتھ سے کہانا نہین بناتے ہین انکو حسب توفیق اپنے گرہستھ آدمی کہانا پانی دہی پھر لڑکے بالونکی کہانیسے جو کہانا پانی بچے اُس سے اور جاندارونکو دیوے ٭

۲٦۴ - اگر شاٹنک گرہستہہ بہو گھہ سے لیے جین ہو تو راجہ وجمان و وّدیارتہی ان سبہونسے دھن لیوے اور کسی سے نہ لیوے یہہ شاشتر کی مرجادا ھے ؞

۲٦۵ - وید پڑھے اور اعمال نیک مین ہمیشہ مصروف رہے اور بال اور ناخن اور داڑھی کو چھوٹا کئے رہے سفید کپڑے پہنے پاک وصاف رہکر حواس پر ضابط رہے ؞

۲٦٦ - اگر شہوت بدرجہ غائیت ہو تو بہی حیض والی عورت سے صحبت نکرے اور بہر بہر جا پرائی پر عورت کے ساتھہ نہ سووے ؞

۲٦۷ - حیض والی عورت سے جو شخص صحبت کرتا ھے اوسکی عقل جلال قوّت نظر عُمر یہہ سب کم ہو جاتی ھے ؞

۲٦۸ - حیض والی عورت سے جو شخص صحبت نہیں کرتا ہے اُسکی عقل و جلال و قوت و نظر و عُمر یہہ سب بڑھتی ھے ؞

۲٦۹ - عورت کے ساتھہ بہوجن نکرنا اور جسوقت عورت کہاتی ہو یا چھینکتی ہو یا جمہائی لیتی ہو یا سُکھہ سے بیٹھی ہو تو اسکو نہ دیکھنا چاھئے ؞

۲۷۰ - جسوقت عورت آنکہونمین انجن یا بدنمین اُبٹن لگاتی ہو یا ننگی ہو یا لڑکا جنتی ہو تو اُسکو نہ دیکھے جس برہمن کو تیج کی اِچھا ہو ؞

۲۷۱ - ایک کپڑا پہنی ہوئی بہوجن نکرے ننگے ہو کر سنان نکرے راہ و راکھہ و گئو کے استہان پر پیشاب نکرے ؞

۲۷۲ - جُتا ہوا کھیت پانی آگ بڑا وہ پہاڑ دیوتا وٗنکا پُرانا مندر چیونٹے چھوٹے کیڑونسے ڈھیر کی ہوئی مٹی ان سبہو نپر پیشاب اور پشٹا نہ کرے ؞

۲۷۳ - کھڑے ہوکر اور گڑھے مین جسمین جاندار رہتے ہون اور چلتے ہوئے اور ندی کنارہ اور پہاڑ کی چوٹی پر بہی پاخانہ وپیشاب نکرے ٭

۲۷۴ - سوکہا پتا گہاس پہوس کاٹہ ڈھیلا وغیرہ سے زمین کو چہپاکر اور سر کو باندہکر سب اعضا کو کپڑے سے پوشیدہ کرکے خاموش ہوکر پاخانہ وپیشاب کرے ٭

۲۷۵ - اگنی کو مُنہہ سے نہ پہونکنا اور اگنی مین ناپاک چیز نہ ڈالنا اور پانونکو نہ تپانا اور ننگی استری کو نہ دیکہنا چاہئے ٭

۲۷۶ - چارپائی کے نیچے اگنی کو نہ رکہنا اور نہ اُسکو نانگہنا اور نہ پاؤنسے چہونا اور نہ پران بادہا کرنا چاہئے ٭

۲۷۷ - جل مین پیشاب غلیظ کہکہار ناپاک چیز خون زہر ان سبکو نہ ڈالنا چاہئے ٭

۲۷۸ - گہر مین اکیلا نہ سووے اور جو شخص آپسے علم وغیرہ مین زیادہ اور سوتا ہوا اسکو نہ جگاوے حیض والی عورت سے بات نکرے بغیر بلائے یگیہ مین نجائے ٭

۲۷۹ - جس گانو مین دہرم نہین ہے اور آفتونسے ہراسی اسمین نہ رہے اکیلے راہ نہ چلے بہت دنونتک پہاڑ پر نرہے ٭

۲۸۰ - جس گانو مین شودر کا راج ہے اور جسمین ادہرمی پاکہنڈی چانڈال آدمی فساد کرتے ہون اُس گانو مین نہ رہے ٭

۲۸۱ - جس چیز سے تیل نکالا گیا ہو اُسکو نہ بہوجن کرے اور عین صبح اور عین شام کیوقت بہوجن نکرے اور بہت بہوجن نکرے اگر صبح کو زیادہ بہوجن کیا ہو تو شام کو بہوجن نکرے ٭

۲۸۲ - جس تجارت سے اس لوک اور پرلوک مین کچھ فایدہ نہو اُسکو نہ کرے اور چلو سے پانی نہ پیئے جا نگہہ پر لڈو وغیرہ رکھکر نہ کہائے اور بے مطلب کسی بہید کے جاننے کی خواہش نکرے ٭

۲۸۳ - ناچنا گانا بجانا تالی ٹہوکنا کٹ کٹانا مضحکہ سے گدہے وغیرہ کی بولی بولنا ان سب باتونسے پرہیز کرے ٭

۲۸۴ - کانسہ کے برتن مین پانون نہ دہووے اور پہوٹے برتن مین یا جس برتن مین من پرسن نہو اُسمین بہوجن نکرے ٭

۲۸۵ - جوتا چہتری جنیو گہنا پہولونکی مالا کمنڈل کپڑا ان سبکو کسی نے استعمال کیا ہو تو آپ استعمال نہ کرے

۲۸۶ - جس رتہہ مین ایسا بیل لگا ہو کہ جسکو رتہہ مین چلنا نہ سکہایا گیا ہو اور بہوکہا پیاسا خواہ بیمار ہو اور جسکی سینگ آنکہہ پونچھ کہر ٹوٹ گئی ہو ایسی رتہہ پر سوار ہوکر نہ چلے ٭

۲۸۷ - جس رتھ مین ایسا بیل لگا ہو کہ جسکو رتھ مین چلنا سکہایا گیا ہو اور لکشن رنگ روپ جسکا اچہا ہو اُس رتہہ پر سوار ہو کر چلے مگر بیل کو پینبا سے نہ مارے ٭

۲۸۸ - مٹی اور ڈہیلا کو نہ مردن کرے اور ناخن سے تنکو نہ توڑے بیفایدہ کام کو نکرے اور جس کام کے کرنیسے سکھ ہونیوالا نہین ہے اُس کام کو نکرے ٭

۲۸۹ - ڈہیلا مردن کرنیوالا تنکا توڑنے والا دانتونسے ناخن اُکہاڑنیوالا چغلی کرنیوالا ناپاک رہنے والا جلد ناش ہو جاتا ہے ٭

۲۹۰ - لوک ریت یا وید ریت مین دل لگا کر قصہ گوئی نکرے باہر مالا نہ پہنے بیل کی پیٹھہ پر چڑہکر نہ چلے یہہ سب باتین ہمیشہ منع ہین ٭

۲۹۱ - گانو یا گھر یہہ دونون سب طرف سے گھیرے ہوئے ہون تو دروازہ چھوڑکر اور طرف سے پہاند کر اُسکے اندر نجائے اور رات کیوقت درخت کی جڑ مین نرہے *

۲۹۲ - پانسا کبھی نہ کہیلے اپنا جوتا اپنے ہاتھہ سے ایک جگہہ سے دوسری جگہہ نہ لیجائے بلکہ پانون سے لیجائے چارپائی پر بیٹھکر اور بہت انگن کو ہاتھہ مین رکھکر تھوڑا تھوڑا انکالکر آسن کے اوپر بہوجن پاتر کو رکھکہ بہوجن نکرے *

۲۹۳ - تل سے ملی ہوئی چیز کو رات کیوقت نہ کہائے ننگا ہوکر نہ سوئے وجوٹھے منہہ کہین نجائے *

۲۹۴ - ملے ہوئے دونون ہاتھون سے اپنے سر کو نہ کہجلاوے اور ہاتھہ جوٹھے ہون تو سر کو نہ چھووے اور سر کو چھوڑکر گلے سے اشنان نکرے یعنی سر سے پانون تک اشنان کرے *

۲۹۵ - غصہ سے اپنے یا دوسرے کے سر مین نمارے اور بالونکو نہ کہینچے اگر سر مین تیل لگا کر سنان کرے تو پہر اور بدن کے اعضا مین تیل نہ لگاوے *

۲۹۶ - جو راجہ لالچی اور خلاف شاستر کے کام کرنیوالا ہے اوس سے جو کوئی دان لیتا ہے وہ سلسلے اکیس طرح کے نرک جو آگے کہتے ہین اُسمین جاتا ہے *

۲۹۷ - دو گھڑی رات رہے اُٹھکر دہرم وارتھہ کا دہیان کرے دہرم ارتھہ کی جڑ جو شریر کا کلیش ہے اُسکو اور وید کے تتوارتھہ یعنی برہم گیان کو بہی دھیان کرے *

۲۹۸ - اُٹھکر ضروری کام سے فرصت کرکے اطمینان کے ساتھہ طہارت کرے اور صبح و شام کی سندہیا مین دیر تک جپ کرتا رہے *

۲۹۹ - بہوجن کئے ہو اور آتر ہو تو سنان نکرے کپڑے پہنے ہوئے بہی بار بار سنان نکرے آدہی اکہو

اور جو جل کا استھان جاتا ہوا نہین ہے اُسمین اسنان نکرے ٭

۳۰۰ - دشمن اور دشمن کا دوست اور ادہرمی اور چور اور برائی عورت اِن سبھونکی صحبت مین نرہے

۳۰۱ - برائی عورت کی صحبت کے برابر دوسری کوئی چیز عمر گہٹانیوالی مرد کیواسطے نہین ہے ٭

۳۰۲ - افلاس لینے ہونیپر بھی اپنی بیقدری نکرے مرتے دم تک دولت کی تمنا رکہے حصول دولت کو غیر ممکن سمجھے ٭

۳۰۳ - بات سچی اور میٹھی کہے اور اگر سچی ہو اور میٹھی نہو تو نہ کہے اور اگر میٹھی ہو اور سچی نہو
تو بہی ایسی بات نہ کہے یہہ روزمرّہ کا دہرم ہے ٭

۳۰۴ - بُری کو بھی اچھی کہنا چاہئے خالی عداوت اور جھگڑا کسی سے نکرے ٭

۳۰۵ - عین صُبح و عین شام اور عین وقت دوپہر اور اجنبی شخص اور شودر کے ساتھ اور اکیلے کہین نجائے

۳۰۶ - کوئی عضو نرکھنے والا کوئی عضو زیادہ رکہنیوالا مورکھ بوڑہے بدصورت نیچ ذات والا کم دولت
والا اِن سبھونکی بدگوئی نکرے - (یعنی کانے کو کانا کہکر نہ پکارے) ٭

۳۰۷ - جنکو چہونا نہین کہا ہے اگر انکو چہوئے تو آچمن کر کے ہاتھ مین پانی رکہکر اُس پانی سے
ناک کان وغیرہ سب اندریونکو اور سب بدنکو چہوئے اور ناف کو ہتھیلی سے چہوئے ٭

۳۰۸ - آتر جو نہین ہے وہ بغیر ضرورت اپنی اندریونکو نہ چہوئے اور پوشیدہ جگہونکی بال یعنی بغل
و مقام پاخانہ و پیشاب وغیرہ بہی نہ چہوئے ٭

۳۰۹ - خوش و خرم اور اندر باہر سے پاک و صاف رہکر نفس پر قادر ہوکر جپ اور ہون کرے کاہلی چہوڑدے

۳۱۰ - جو شخص اِن سب کامونکو کرتا ہے اور شاستر کی ریت پر چلتا ہے اسکا دیوتا اور آدمی کچھ نقصان نہین کرسکتے ٭

۳۱۱ - آلس چہوڑکر اپنے وقت پر ہر روز وید کا استعمال کرے یہہ پرم دہرم ہے اور سب اُپ دہرم ہے ٭

۳۱۲ - ہر روز وید کا ابھیاس پوتر تاتپ جیوون پر دیا یہہ سب کرنیسے اگلے جنم کی ذات یاد آتی ہی ٭

۳۱۳ - اگلی جنم کی ذات کو یاد کرتے ہوئے پھر وید ہی کا استعمال کرتا رہی وید کے استعمال سے ہمیشہ سکھ ملتا ہی ٭

۳۱۴ - بشٹا تیاگ سنگار وغیرہ سنان داتون انجن دیوتا کا پوجن ان سب کاموںکو قبل دوپہر کرنا چاہیی ٭

۳۱۵ - رکشا کی لیے دیوتا دھارک برہمن گرو راجہ وغیرہ ان سبھونکا درشن ہر بیین کرے ٭

۳۱۶ - اگر کوئی بڑا بوڑہا اپنے گہر مین آوہی تو اسکو پرنام کرکے اپنا آسن بیٹہنی کیواسطی دے اور ہاتھ جوڑکر سامنے کہڑا رہے جب چلنے لگی تو آپ بھی پیچھے ہوکر چلے ٭

۳۱۷ - وید اور شاستر کے موافق جو اچھی لوگونکا آچار ہی وہ عین دہرم ہی کاہلی چھوڑکر اسی آچار پر ہمیشہ چلے ٭

۳۱۸ - عمر و اچھی اولاد و لازوال دولت یہہ سب آچار سے ملتے ہین اور جو عیوب بلنچی بد دینی والے جسم مین ہون اسکو آچار دور کردیتا ہے ٭

۳۱۹ - دُراچاری آدمی دُنیا مین بدنام ہوتا ہی اور ہمیشہ رنج و مصیبت مین رہکر تہوڑے دن جیتا ہے ٭

۳۲۰ - جو جو کرم دوسرے کے اختیار مین ہی اسکو ترک کرے اور جو اپنی اختیار مین ہی اسکو سیون کرے ٭

۳۲۱ - جس کرم کے کرنیسے اپنی دلکو اطمینان ہو اسکو کرے اور اگر بالعکس ہو تو نکرے ٭

۳۲۲ - آچارج وید کا ارتھہ پڑہانیوالا باپ مان گرو برہمن گو تپسوی ان سبہونمین سے کیسکو نہ مارے ٭

۳۲۳ - ناستک پن وید اور دیوتا کی برائی کرنا دشمنی پاکہنڈ غرور غصہ تندمزاجی ان سبہونکو نہ کری ٭

۳۲۴ - غصہ سے کسی کے مارنیکو ڈنڈا نہ پہینکے اور کیسکو ضرب جسمانی نہ پہونچاوی مگر بیٹیا اور چیلا کو تعلیم کیواسطے جسم پر ضرب دینا کچھ مضائقہ نہین ٭

۳۲۵ - جو برہمن لڑائی نہین کرتا ہی اسکی بدنسے خون نکالنیوالا اپنی بیعقلی سے پرلوک مین بڑے دکھ کو پاتا ہی ٭

۳۲۶ - جو ادھرمی یا ناپاک دولت والی یا ہر روز جان مارنیوالی ہین وہ اس لوک مین سکھ نہین پاتے ٭

۳۲۷ - ادھرمی اور پاپیون کے دھن وغیرہ کو جلد ناش ہوتے ہوئے دیکھکر اور دھرم مین تکلیف بھی پاکر ادھرم مین مصروف نہ ہووے ٭

۳۲۸ - ادھرم جلدی پھل نہین دیتا جیسے زمین بیج بونے سے جلدی پھل نہین دیتی کچھہ دنون بعد پھل دیتی ہے

۳۲۹ - اگر ادھرم کا پھل ادھرم کرنیوالیکو نہین ہوتا تو اسکی بیٹے کو ہوتا ہے اگر بیٹے کو نہوا تو پوتے کو ہوتا ہے پوتے کو نہوا تو ناتی کو ہوتا ہے ادھرم بے پھلے نہین رہتا ٭

۳۳۰ - پہلے ادھرم کرنیسے بڑہتا ہے پھر کلیان پاتا ہے پھر دشمن کو جیتتا ہے آخر کو جڑ بنیاد سے مٹ جاتا ہے

۳۳۱ - پہلے لوگونکا آچار ستیہ دھرم پوتر تاہے ان سب مین ہمیشہ مصروف رہے استری پتر داس چیلا ان سبکو بالنس اور رسی سے مار بانی یا نہ ادر کا سنجم کرے ٭

۳۳۲ - ادھرم سے برجت جو ارتہہ کام ہے اسکا تیاگ کرنا دھرم ہے مگر لوک ریت کے خلاف ہے اور جو زمانہ آئندہ مین سکھ دینے والا نہین ہے اسکو بھی تیاگ کرنا چاہئے ٭

۳۳۳ - ہاتھہ پانون آنکھہ زبان ان سبھون مین چنچل ہوئے ٹیڑھا نہ رہے کسی کی برائی مین نرہے ٭

۳۳۴ - رتوگ پروہت آچارج ماما اتتھہ انشرت بال برده آتر بید جات سمبندھی بابندھو ٭

۳۳۵ - جام ماتا پتا بھائی پتر استری بیٹی داس لوگ انہون کے ساتھ لڑائی نکرے ٭

۳۳۶ - انہون سے لڑائی نکرکے سب پاپ پولنسی چھوٹتا ہے ان سبھو لنسی ہارنے مین گرہستہہ آدمی سب لوک جیتتا ہے ٭

۳۳۷ - آچارج برہم لوک کا سوامی ہے اور پتا پرجاپت لوک کا اور اتتھہ اندر لوک کا اور رتوگ دیو لوک کا سوامی ہے ٭

۳۳۸ بہن پتوہو وغیرہ باندہو سمندہی ماتا و ماما یہہ سب سلسلہ سے الپسرا لوک شودیو لوک برن لوک مرت لوک کے سوامی ہین ٭

۳۳۹ - بال بردھ کرشن آتریہہ چارو اکاش لوک کے سوامی ہین بڑا بہائی باپکے برابر ہے بہائی کا بیٹا اپنا شریر ہے -

۳۴۰ - داس ٹہلوا اپنی چہایا ہے اور لڑکی غریب ہے اسلئے ان سبہونکی بات کو برداشت کرے دلمین رنج نہ لاوے

۳۴۱ - دان لینیکی سامرتہہ رکہتا ہو تو بہی نہ لیوے کیونکہ دان لینے سے برہم تیج جاتا رہتا ہے ٭

۳۴۲ - اگر مصیبت مین بہوکہہ کے مارے بے چین ہو تو بھی دان کو اس حالمین نہ لیوے جبکہ اُس دان لینے کی بدھان یعنی دیوتا اور منتر کو نجانتا ہو ٭

۳۴۳ - سونا - زمین - گہوڑا - گو - ان - بستر - تل - گہی ان سبہو مین سے کسی ایک چیز کے لینے سے مورکھ برہمن لکڑی کیطرح جلکر راکھ ہوجاتا ہے ٭

۳۴۴ - سونا اور ان کا دان لینے سے مورکھ برہمن کی عمر کم ہوجاتی ہے اسیطرح گو اور زمین جسم کو گہوڑا - انکہونکو بستر چمڑے کو گہی تیج کو تل پُتر ونکو نقصان پہونچاتا ہے ٭

۳۴۵ - جو برہمن تپ اور ویدابہیاس نہین کرتا ہے اور دان لیا کرتا ہے وہ معہ اُس دان دینے والے کے ڈوبتا ہے جیسی پانی مین پتہر کی ناؤ ٭

۳۴۶ - اسلئے مورکھ برہمن تہوڑے دان لینے سے بہی ڈرتا رہے نہین تو جسطرح کیچڑ مین گئو پہنس کر تکلیف اُٹہاتی ہے اُسیطرح وہ بہی تکلیف پاتا ہے ٭

۳۴۷ - بیڈال برت بک برت مورکھ ان تینون برہمنون کو دہرم جاننے والا آدمی پانی تک نہ دیوے ٭

۳۴۸ - بدہ پوروک پیدا کئے ہوئے دہن کو ان تینونکو دینے سے پرلوک مین اُسکو کچھ فائدہ نہین ہے ٭

۳۴۹ - جسطرح پتّھر کی ناؤ پر چڑہکر آدمی پانی مین ڈوبتا ہے اُسیطرح مورکھ برہمن کو دان دینے والا
اور لینے والا دونون نرک مین ڈوبتے ہین ٭

۳۵۰ - دہرم دہوجی لوبھی بہانہ سے چلنے والا ٹھگنے والا مارنیوالا سب کی نندا کرنیوالا ایسا آدمی
بیڈال برتک کہلاتا ہے ٭

۳۵۱ - نیچ ہی دیکھنے والا نٹھر نردئی اپنے مطلب مین مستعد ٹیڑھائی سے رہنے والا جھوٹھی ملامت
کرنیوالا ایسا آدمی بک برتک کہلاتا ہے ٭

۳۵۲ - بک برتک اور بیڈال برتک یہہ دونون اپنے پاپ سے اندھ تامسر نام نرک مین جاتے ہین ٭

۳۵۳ - پاپ کرکے دہرم کے بہانہ سے برت کو نکر یعنی پرائشچت تو کرتا ہے اور ستری وشودر کو
ڈہنہ دکہاتا ہے کہ مین دہرم کرتا ہون -

۳۵۴ - وید پڑھنے والے پرش لوک اور پرلوک مین ایسی برہمنونکو برا کہتے ہین کپٹ کا برت
راکشسونکے پاس جاتا ہے ٭

۳۵۵ - برہمچاری نہین ہو اور برہمچاری کے بھیس سے رہتا ہو سو برہمچاری کے پاپ کو پاتا
ہے اور کیڑے مکوڑے کا جنم پاتا ہے اِسیطرح سب آشرم والونکو جاننا ٭

۳۵۶ - سواری چارپائی کنوان باغ مکان یہہ سب جسکے ہون اُسکی بغیر اجازت جو شخص استعمال کرتا ہی
وہ جسکے یہہ سب ہون اُسکے پاپ کے چوتھائی حصّہ کو پاتا ہے ٭

۳۵۷ - ندی دیونکا کھودا یا ہوا تالاب و سر اور جھرنا اور گڑہا اِن سبھو نمین ہر روز سنان کرے ٭

۳۵۸ - بدست غصّہ ور اترا ہو کہے اُن کو اور جس اُن مین بال یا کیڑا پڑا ہوا اور جو اُن قصدًا پانو سے

چھوا گیا ہو اُن سبکو بہوجن نکرے ؛

۳۵۹ - حمل گرا ہنوالیکا دیکھا ہوا حیض والی عورت کا چھوا ہوا چڑیونکی چونچ کا بہوڑا ہوا کتے کا چھوا ہوا ؛

۳۶۰ - گئو کا سونگھا ہوا اگیتیہ وغیرہ مین وہ انّ جو باآواز بلند یہہ کہکر کہ کون بہوجن کریگا دیا گیا ہو اور جماعت کا انّ اور بیسوںکا انّ ان سب اناجونکی پنڈت لوگ نندا کرتے ہین ؛

۳۶۱ - کاہلی چھوڑکر ہمّت کے ساتھ ہمیشہ یگیہ اور تعمیر چاہ و تالاب باولی کرے نیک کمائی کا روپیہ لگا کر ہمّت کے ساتھ یہہ دونون کام کرے تو لازوال ہو ؛

۳۶۲ - گُن مین دُوش نہ لگا کر مانگنے والونکو اپنی شکتی کے موافق انّ دیا کرے کیونکہ ہر روز جب انّ دیا کریگا تو ایک نہ ایکدن کسی طرف سے ایسا شخص آجاویگا جو سبطے جسسے نہال کر دیگا ؛

۳۶۳ - جل انّ تل دیپ انہونکا دینے والا حسب سلسلہ اسودگی عیش لازوال اچھی اولاد اچھی آنکھون کو پاتا ہے ؛

۳۶۴ - زمین سونا گھر روپا انہونکا دینے والا حسب سلسلہ زمین بڑی عمر اچھا گھر اچھی صورت کو پاتا ہے ؛

۳۶۵ - کپڑا گھوڑا بیل گئو کا دینے والا حسب سلسلہ چندرلوک اسونی کمار لوک و دولت لازوال سورج لوک کو پاتا ہے ؛

۳۶۶ - جو شخص اچھی چیز دیتا ہو اور جو اُسکو لیتا ہے دونون سورگ مین جاتے ہین ؛

۳۶۷ - تپ کی غرور نکرے یگیہ کرکے جھوٹھ نہ بولے رنجیدہ ہوکر برہمن کو جا بیجا نہ کہو دان دیکر نہ کہے ؛

۳۶۸ - اس طریق سے کہ جس سے کسی جاندار کو تکلیف نہونے پاوے پرلوک کی امداد کیواسطے دہرم کو جمع کرے جیسے چیونٹی غلہ کو جمع کرتی ہے ؛

۳۶۹ - ایک ہی پیدا ہوتا ہے ایک ہی مرتا ہے ایک ہی پنیہ بہوگ کرتا ہے ایک ہی پاپ بہوگ کرتا ہے ؛

۳۷۰ - مردہ کو لکڑی ڈھیلا کیطرح زمین مین چھوڑ کر بھائی بند الگ ہو جاتے ہین فقط دھرم ساتھ جاتا ہے ٭

۳۷۱ - اسلئے اپنی مدد کیواسطے دھرم کو ہمیشہ کرتا رہے کیونکہ دھرم کی مدد سے بھوساگر پار اُتر جاتا ہے ٭

۳۷۲ - جس آدمی کا دھرم مددگار ہے اور تپسے اسکا پاپ دور ہوگیا ہے وہی دھرم اسکو سورگ لوک مین لیجاتا ہے ٭

۳۷۳ - خاندان کو بزرگی دینے کیلئے اچھے اچھے لوگونکے ساتھ رشتہ مندی کرے نالائقونسے ترک تعلق کرے ٭

۳۷۴ - کسی کام کو شروع کرکے اسکو اختتام تک پہنچانیوالا نرم مزاج والا گرمی وسردی وغیرہ دوضد کو سہنے والا اندریونکو خواہشونسے روکنے والا بدآدمیونسے رشتہ مندی ترک کرنیوالا جان کُشی نکرنیوالا دان دینے والا سورگ مین جاتا ہے ٭

۳۷۵ - لکڑی جل مول پھل انّ مدّہ ابھے یہہ سب بے مانگی ملین تو انکو سبسے لینا چاہئے مگر زناکار و نامرد و پتت و دشمن سے نہ لیوے ٭

۳۷۶ - جبکہ کسی چیز کو دینے والے نے پہلے سے دینے کو نہ کہا ہو اور لینیوالیکے پاس ہٹھہ کر بے مانگے دے تو اُس چیز کو سوائے پتتِ کی لکرم کرنیوالے سے بھی لینا چاہئے برہما جی نے کہا ہے ٭

۳۷۷ - اگر ماتا پتا سیوک استری وغیرہ بھوکھ سے تکلیف پائے ہون تو انکی رفع تکلیف کی نیت سے دیوتا و اتہتہ کی پوجن کرتا ہوا پتتِ کیسوائے اور سب سے لیوے مگر آپ اسکو نہ بھوجن کرے ٭

۳۷۸ - ماتا پتا وغیرہ کے مرنے کے بعد یا بحالت زندگی انکے دوسرے مقام پر رہکر اپنی وجہ معاش کے لئے اچھے لوگونسے لیوے ٭

۳۷۹ - جو شودر جسکی کھیتی کرتا ہے اُس شودر کا انّ اُسکے کھانیکے لایق ہے اور جو شودر خاندان کا دوست ہے اور گوپال اور داس اور نائی اور جس شودر نے غلامی اختیار کی ہو ان سبھونکا انّ کھانا چاہئے ٭

۳۸۰ - جس شودر کا جیسا کُل جیسا سوروپا و جیسی کرنی کی اچھیا ہو اور جسطرح سیوا کرنا چاہے ویسا ہی وہ شودر اپنے کو کہے ✣

۳۸۱ - جو کوئی اچھی لوگونمین اپنے کو چھپاتا ہے یعنی جیسا ہے ویسا نہین کہلاتا وہ بڑا پاپ کرنیوالا ہے اور اپنی آتما کا چور ہے ✣

۳۸۲ - جتنے ارتھ ہین سو سب بانی مین جھتے ہین اور بانی اُنکی جڑ ہے بانی سے نکلتے ہین اُس بانی کو جسنے چور آیا وہ سب چیزونکا چورانے والا ہوا ✣

۳۸۳ - دیوِرشی پِتّر اِن تینونکے رِن سے اِتہا بدھ چھوٹکر سب چیز بیٹے کو سپرد کرکے تارک الدُنیا ہوکر سب کو بچشم وحدت برابر دیکھے اور گھر ہی مین رہے ✣

۳۸۴ - ایکانت مین اکیلا اپنی آتما کے ہِت کو نِت ہی دھیان کرے اُسمین پرم کلّیان کو پاتا ہے ✣

۳۸۵ - برہمن گرہستھ کا یہ نت برت کہا اور بدھ کا بڑہانیوالا اسناتک برت بہی کہا ✣

۳۸۶ - سوائے بہینس کے اور جتنے جانور جنگل مین رہنے والی ہین اُنکا دُودھ اور عورت کا دودھ اور جو چیز بدون مِلائے کسی دوسری چیز کے زمانہ گُذرنے سے کھٹّی ہوجائے اِن سبکا کہانا منع ہے ✣

۳۸۷ - لیکن کھٹّی چیزونمین دھی اور دھی سے بنی ہوئی چیزین اور پانی سے بنا ہوا پھول مول پھل وغیرہ کو کہانا منع نہین ہے ✣

۳۸۸ - کچّے گوشت کی کہانیوالے گِدھ وغیرہ پرندگانو نمین رہنے والی کبوتر وغیرہ پرندا ایک کُھر والے جانور باستثنائے اُنکی جو شاستر مین کہانیکے لائق کہے گئی ہین اور ٹِٹہری اِن سبکو بہوجن کرنا نہ چاہئے ✣

۳۸۹ - استہاور و جنگم جتنی چیزین دُنیا مین ہین وہ سب جان کی غذا ہین اِس بات شری برہماجی کہا ہے ✣

۳۹۰ - مول لئے ہوئے یا دوسرے کے لائے ہوئے مانس کو دیوتا اور پتروں کو بھوگ لگا کر کھانے سے پاپ نہین ہوتا ✦

۳۹۱ - دولت کے لئے ہرن کے مارنیوالے کو ویسا پاپ نہین ہوتا جیسا پاپ بیفائدہ مانس کے بھوجن کرنیوالے کو پرلوک مین ہوتا ہے ✦

۳۹۲ - جب پشو کے مانس کھانیکا نہایت دل چاہے تب گھی یا پیٹھی کا پشو بنا کر کھائے مگر پشو کے مارنے کی نیّت نہ کرے ✦

۳۹۳ - جو آدمی پشو کو بیفائدہ مارتا ہے وہ پرلوک مین کئی جنم تک اُتنی دفعہ مارا جاتا ہے جتنے بال اُس پشو کے بدن پر ہون ✦

۳۹۴ - سری برہماجی نے آپ سے آپ یگیہ کیواسطے پشو کو پیدا کیا - اسلئے یگیہ مین جو بدھ یعنی قتل ہوتا ہے وہ بدھ نہین کہلاتا ✦

۳۹۵ - جو جیو مارنیکے لائق نہین ہے انکو جو کوئی اپنے سکھ کیواسطے مارتا ہے وہ جیتا ہوا مردہ ہے کہین سکھ نہین پاتا ہے ✦

۳۹۶ - جو شخص کسی جاندار کو پکڑنے اور مارنے اور ایذا دینے کی خواہش نہین رکھتا وہ سب کا بھلا چاہنے والا ہے اسلئے بڑا سکھ پاتا ہے ✦

۳۹۷ - مانس اور شراب ان دونونکے کھانے مین کچھ دوش نہین ہے اور جماع مین بھی دوش نہین ہے کیونکہ یہہ تو جیوونکا سبھاو ہی ہے لیکن انہونکا تیاگ کرنا مہاپھل ہے ✦

اس اشلوک کا اصل مطلب یہہ ہے کہ یگیہ کے مانس کھانیمین اور شادی مین جماع کرنیمین اور سوترا منی نام یگیہ مین شراب پینیمین دوش نہین ہے لیکن تاہم انکا ترک کرنا بہت اچھا ہے ✦

۳۹۸- اگر علاوہ خواہش جماع کے تخم گر پڑے تو اسنان کرکے شدھ ہوجاتا ہی اور جس استری نے پہلے پت کو چھوڑ کر دوسرا پت کیا اُس استری مین دوسرے پت سے پُتر پیدا ہونے مین دوسرے پت کو تین دن کا سوتک ہوتا ہے *

۳۹۹- راجہ انصاف کرنے مین پاک رہتا ہو دوسرے کام مین نہین کیونکہ رعایا کی حفاظت بدون راج سنگھاسن پر بیٹھنے کے نہین ہوتی *

۴۰۰- چندرمان اگن سورج بالو اندر کبیر برن یم ان سب کو وہ ران کو راجہ دھارن کرتا ہے *

۴۰۱- راجہ سب لوک پالون کا انس یعنی حصہ ہے اسلئے اسکو سوتک نہین لگتا اور راجہ لوک کا مالک ہے اس سبب سے سب آدمیونکی پاکی اور ناپاکی کو دور کرسکتا ہے *

۴۰۲- لڑائی مین کشتری دھرم کرکے جو آدمی ہتھیار لگنے سے مرگئے انکو اسیوقت پاکی اور یگیہ قایم ہوتی ہے

۴۰۳- گیان تپ اگن اہار مٹی من جل لیپ ہوا سورج زمانہ یہہ سب آدمیونکو پاک کرنیوالے ہین *

۴۰۴- سب شوچ یعنی پاکی مین ارتھ شوچ (یعنی دولت کو راستی سے حاصل کرنا) بڑا ہی جس آدمی کی دولت پاک ہے وہی پاک ہی اور جو آدمی مٹی و پانی کے سبب سے پاک ہی مگر دولت مین پاک نہین ہے وہ آدمی پاک نہین ہے *

۴۰۵- جو پنڈت ہے وہ کشما یعنی عفو تقصیر کرکے پاک ہوجاتا ہی اور جو آدمی کام واجب الترک کو کرتا ہے وہ دان کرنیسے پاک ہوتا ہے اور جو پاپ کرنے مین مصروف ہی وہ جپ کرکے پاک ہوتا ہے اور وید پڑھنے والا تپ کرکے پاک ہوتا ہے *

۴۰۶- پانی سے تمام اعضا بدن کے پاک ہوتے ہین اور راستی سے دل پاک ہوتا ہی اور برہم ودیا اور

تب یہ بہوت آتما یعنی لِنگ شریر معہ جیو آتما کے پاک ہوتا ہے اور گیان سے شُدّہ شدہ ہوتی ہے ؞

۴۰۷ - جس چیز مین ناپاک چیز ملی ہی جبتک اُس ناپاک چیز کی بو اور آلودگی اُس چیز سے دور نہو تب تک مٹی و پانی سے اُسکو پاک کرنا چاہئے یہہ طریق سب چیزونکے پاک کرنیمین جاننا ؞

۴۰۸ - جو پانی ایک گئو کے پیاس بُجہانے بہر کو ہوا اور ناپاک چیز سے شامل نہوا ور معہ رنگ و لو و رس کے ہوا اور زمین پر قایم ہو وہ پانی پاک ہے ؞

۴۰۹ - کاریگر کا ہاتھ اور بیپاری کی دوکان کی چیز اور برہم چاری کی بہیکھ یہہ تینون ہمیشہ پاک ہین یہہ شاستر کی مرجاد ہے ؞

۴۱۰ - جماع کیوقت عورت کا مُنہہ پہل گرانے مین پرند دوہ دُہتے وقت بچھڑا ہرن کے پکڑنے مین کُتّا پاک ہے ؞

۴۱۱ - ناف کے اوپر کے اعضا پاک ہین اور ناف کی نیچے کے اعضا ناپاک ہین اور جو فضلہ بدن سے علیحدہ ہو وہ بہی ناپاک ہے ؞

۴۱۲ - غلیظ و پیشاب اور دیگر بارہو فضلونکو جبکہ وہ جسم سے علیحدہ ہوگرے ہون چہوکر پانی اور مٹی بقدر ضرورت لگاکر دہونے سے پاک ہوتا ہے ؞

۴۱۳ - آدمی کے جسم مین یہہ بارہ مَل یعنی فضلہ ہوتے ہین چربی بیرج خون مجّیا پیشاب غلیظ ناک کہوٹ کہکہار آنسو کیچڑ پسینا ؞

۴۱۴ - مٹی کے وسیلہ سے پاکی کی خواہش کرنیوالا آدمی ایکبار مٹی مقام پیشاب پر اور پانچ دفعہ مقام پاخانہ پر اور دس دفعہ بائین ہاتھ مین اور سات دفعہ داہنے ہاتھ مین لگاوے ؞

۴۱۵ - یہہ شوچ یعنی طہارت گرہستہہ لوگونکی واسطے ہے اور برہمچار یونکو دو چند اور بان پرستہہ یعنی جنگل مین عبادت کرنیوالونکو سہ چند اور سنّیاسیونکو چہار چند کرنا چاہئے ❖

۴۱۶ - اشٹا و منتر کرکے ہاتھ پاؤن دھو کر آچمن کرکے اندریونکو چہوئے اور وقت تناول طعام و وید خوانی کے بھی آچمن کرکے اندریونکو چہوئے ❖

۴۱۷ - نہایت سے رہنے والی شودر کو مہینہ کے اندر ایک بار حجامت کرانا چاہئے اُسکی طہارت ویشیہ کے مانند ہے اور برہمن کا پس خوردہ اُسکی غذا ہے ❖

۴۱۸ - تہوک کے بوند بدن کے کسی عضو پر پڑین اور موچہہ کا بال مُنہہ مین جائے اور دانت مین جو چیز لگی ہو یہہ سب ناپاک نہین ہین ❖

۴۱۹ - کوئی شخص کسیکو آچمن کراتا ہو اور آچمن کرنیوالے کی مُنہہ سے پانی کا بوند زمین پر گر کر آچمن کرانیوالیکے پاؤنپر پڑے تو وہ بوند آب زمین کے برابر ہے اُس سے ناپاکی نہین ہوتی ❖

۴۲۰ - استری بالک ہو یا جوان یا بڈہی ہو گہر مین کوئی کام خود مختاری سے نکرے ❖

۴۲۱ - استری لڑکپن مین اپنے باپکے اختیار مین ہے اور جوانی مین اپنے شوہر کے اختیار مین اور بعد وفات شوہر کے اپنے بیٹونکے اختیار مین ہے خود مختار ہو کر کبھی نہ رہے ❖

۴۲۲ - باپ اور بھائی اور بیٹا ان تینونسے علیحدہ ہونیکی خواہش نکرے ان ہونسے علیحدہ ہونے مین استری دونون کُل کو بدنامی دلاتی ہے ❖

۴۲۳ - ہر وقت خوشدل اور امور خانگی مین ہوشیار رہے گہر کی چیزونکو اچہی طرح درست رکھے فضول خرچ نہووے ❖

۴۲۴ - باپ جسکے ساتھ شادی کردی یا بھائی باپ کے حکم سے جسکے ساتھ شادی کردے اُسکی خدمت مین رہے اور بعد وفات شوہر کے کسی غیر مرد سے صحبت نکرے ٭

۴۲۵ - جو شوہر بے مروّت ہو اور دوسری عورت کی ساتھ محبت رکھتا ہو یا بے ہنر ہو تو بھی پت برتا استری ہمیشہ اُسکی سیوا دیوتا کیطرح کرے ٭

۴۲۶ - عورتونکے واسطے یگیہ اور برت اور اپاس علیحدہ نہین ہے صرف شوہر کی خدمتگذاری سے سورگ لوک مین پہونچکر اعلیٰ درجہ پاتی ہے ٭

۴۲۷ - پت برتا استری پت کے لوک مین جانیکی خواہش رکھنے والی بحالت زندگی یا وفات اپنے شوہر کے کوئی کام ایسا نکرے جو اُسکی شوہر کے خلاف مرضی ہو ٭

۴۲۸ - بعد وفات اپنے شوہر کے دوسرے شوہر کا نام بھی نہ لیوے اچھے مول پھل پھول سے حسب خواہش تھوڑا کھا کر صحیح البدن رہکر اوقات بسر کرے ٭

۴۲۹ - جس استری کا ایک ہی پت ہے وہ پت برتا دھرم کی خواہش کرتی ہوئی اپنے مرتے دم تک نیم سے برہم چارنی ہوکر لاغر بدنی سے زندگی کرے ٭

۴۳۰ - اگر کہو کہ بدون اولاد کے سورگ نہین ملتا اسلئے اولاد کیواسطے دوسرا شوہر کرنا چاہئے اُسپر کہتے ہین کہ کئی ہزار کمار برہم چاری برہمن بدون انکے اولاد کے سورگ کو چلے گئے اسبات کو سمجھکر بدون اولاد کے نیم سے رہے ٭

۴۳۱ - بعد وفات شوہر کے پت برتا استری برہم چرج مین قایم رہے تو بدون انکے اولاد کے بھی سورگ مین جاتی ہے جیسے کمار برہم چاری سورگ کو گئے ٭

۴۳۲ - اولاد ہونیکی لالچ سے جو استری دوسرے پرش سے جماع کرتی ہے وہ دنیا مین بدنام ہوتی ہے اور عاقبت مین پت لوک یعنی عالم شوہر کو نہین پاتی ہے ❊

۴۳۳ - دوسرے شوہر سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ شاستر کے موافق اپنی اولاد نہین کہلاتی کیونکہ پت برتا استریکو شاستر مین دوسرا پت نہین لکھا ہے ❊

۴۳۴ - جو عورت اپنے کم ہنر والے شوہر کو چھوڑ کر دوسرے زیادہ ہنر والے شوہر کو اختیار کرتی ہے وہ دُنیا مین مکروہ اور دو شوہر والی کہلاتی ہے ❊

۴۳۵ - دوسرے شوہر سے جماع کرنیسے عورت دُنیا مین بدنام ہوتی ہے اور گیدڑ کا جنم پاتی ہے اور پاپ روگونسے دُکھی ہوتی ہے ❊

۴۳۶ - جو عورت دوسرے شوہر کے ساتھ جماع نہین کرتی ہے اور دل و زبان و جسم کو اپنے قابو مین رکھتی ہے وہ پر لوک مین پت لوک کو پاتی ہے اور اچھے لوگ اُسکو سادھوی کہتے ہین ❊

۴۳۷ - اِسطرح دل و زبان و جسم کو قابو مین کرکے اِس لوک مین بڑی نیکنامی و پرلوک مین پت لوک کو پاتی ہے ❊

۴۳۸ - دھرم کے جاننے والے برہمن و کشتری و ویش ایسی اپنی ذات کی استری کے مرجانے سے اُسکا داہ اگنی ہوتر کی آگ اور یگیہ پاتر سے کرین ❊

۴۳۹ - اُسکے بعد عمل آخری کرکے دوسرا وِواہ کرے اور اگنی کو استھاپن کرے ❊

۴۴۰ - جب گرہستھ آدمی اپکو حالت پیری مین دیکھے اور بیٹے کے بیٹے کو دیکھے تب جنگل مین قیام کرے ❊

۴۴۱ - گانونکے اہار کو اور گھر کی سامگری کو ترک کرکے اور عورت کو بیٹے کے سپرد کرکے جنگل مین جائے خواہ معہ عورت کے جنگل مین جائے ❊

۴۴۲ - جس چیز کو کہائے اُسی چیز سے بل کرم کرے اور اُسی چیز کو حسب مقدور اپنے بہیکہہ دیوے اسکے قیامگاہ پر جو کوئی آوے تو مول وجل وپہل سے اسکا پوجن کرے ٭

۴۴۳ - ہر روز وید پڑہے چیت کو قائم رکہے سب کا دوست ہو کر رہے سردی وگرمی کام وکرودہ وغیرہ کی برداشت کرے کسی سے کچھ نہ لیوے سب جیون پر دیا رکہے ٭

۴۴۴ - بدہ سے وید کو پڑہکر دہرم سے پُتر پیدا کرکے اپنے مقدور کے موافق یگیہ کو کرتا ہوا موکش مین دل لگاوے ٭

۴۴۵ - جس برہمن سے سب جاندار ونکو تہوڑا بہی ڈر نہین ہے اسکو پرلوک مین کسی سے ڈر نہین ہوتا ٭

۴۴۶ - مُکت کا لکشن یہہ ہے کہ بہیکہہ کیواسطے مٹی کا برتن رکہے درخت کی جڑ مین سووے اور ایسے کپڑے رکہے کہ جو کسی کام کے لائق نہون اور کسی سے مدد نہ چاہے اور سب جاندار ونکو برابر دیکہے ٭

۴۴۷ - موت وزندگی ان دونو مین سے کیسی کی خواہش نکرے صرف وقت ہی کا خیال رکہے جیسے نوکر اپنے مالک کے حکم کا خیال رکہتا ہے ٭

۴۴۸ - بال اور ہڈی سے علیحدہ رہنے کیواسطے دیکہکر زمین پر پاؤن رکہے اور چہوٹے چہوٹے جاندار ونکی حفاظت کے لئے پانی چہانکر پیوے اور جو باتین سچ کرکے پاک ہین انکو بولے اور من کو سنکلپ سے خالی کرکے ہر وقت پوترا تما رہے ٭

۴۴۹ - دوسرے آدمیونکی بیہودہ باتونکی بردباری کرے اور کسی کا اپمان نکرے اور نہ کسی سے دشمنی کرے ٭

۴۵۰ - اپنے اوپر کوئی غصہ کرے تو آپ اُسپر غصہ نکرے اور اگر اپنی برائی کرے تو بہی آپ اسکو اپنی اچہی باتونسے خوش کرے پانچ گیان اندری و من اور بدہ ان ساتونسے جو چیز گرہن کی گئی ہین بانی

کی پربرت ہی پس ان ساتو دروازونسے جو مطلب حاصل کیا گیا اُس مطلب سے نسبت رکھنے والی بانی کو نہ بولے بلکہ جو بانی برھم سے نسبت رکھتی ہو اسکو بولے یعنی سچ بولا کرے +

۴۵۱ - آتما مین پریت کرتا رہی کسی چیز کی خواہش نکرے گوشت کو چھوڑ دیوے صرف اپنی آتما ہی کو اپنا مددگار جانکر سکھ کے لئے اس لوک مین رہے +

۴۵۲ - بال و ناخن و موچھ کو چھوڑا رکھے ونڈ کمنڈل و پاتر کو پاس رکھے کسی جاندار کو رنج و تکلیف نہ دیوے بیفکر ہو کر ہمیشہ رہے +

۴۵۳ - تھوڑا بھوجن کرے اور ایکانت مین رہے اس سے بشئیونکی قابو کی ہوئی اندریونکو نربرت کرے (یعنی نفس امارہ کو ہوا و ہوس سے خالی کرے) +

۴۵۴ - کرمونکی دوش سے آدمیونکی حالت اور نرک مین پڑنا اور یم راج کے ملک مین بڑا دکھ پانا ان سب باتونکو دیکھے یعنی بچار کرے +

۴۵۵ - پیاری چیزونکا چھوٹنا مرغوب چیزونکا ملنا بحالت پیری بے تعظیمی گناہ سے عذاب و رنج ان باتونپر بھی غور کرے +

۴۵۶ - کسی آشرم مین رہے اور اُس آشرم کے دھرم پر نہ چلتا ہو لیکن برھم بدھ سے سب کو برابر دیکھے یہی دھرم ہے گیروا کپڑا وغیرہ پہننا کچھ دھرم مین داخل نہیں ہے +

۴۵۷ - نرملی پھل اگرچہ پانی کو صاف کرتا ہے لیکن اُسکے نام لینے سے پانی صاف نہین ہوتا جب اُسکو گھس کر پانی مین ڈالیگے تب صاف ہوگا اسیطرح نِشان دھارن کرنا کچھ دھرم نہین ہے بلکہ اُس دھرم پر چلنا دھرم کہلاتا ہے +

۴۵۸ - جانداروںکی حفاظت کیواسطے دِن رات ہروقت زمین کو دیکھ کر چلے تاکہ کوئی جیو نہ مرے اور اُسکے بدنکو تکلیف بھی نہو ÷

۴۵۹ - جسطرح سب دہات (مثل چاندی و سونا وغیرہ) آگ مین تپانے سے میل سے صاف ہوجاتی ہے اُسیطرح پرانا یام کرنیسے اِندریونکا سب وِش بھسم ہوجاتا ہے ÷

۴۶۰ - پرانا یام کے وسیلہ سے راگ و دویش وغیرہ دوشونکو جلادینا چاہئے برہم مین دل لگانے سے پاپ کو دور کرنا اور اندریونکو روکنے سے لبشئی کو دور کرنا اور دھیان سے کرودہ لوبھ نِندا وغیرہ جوکہ ایشور سے نسبت نہین رکھتے چھوڑنا چاہئے ÷

۴۶۱ - تتوّ پوروک برہم کو دیکھنے والا آدمی کرمونکی بندھن مین نہین آتا اور جو آدمی برہم درشن سے محروم رہتاہے وہ سنسار کو پاتاہے برہم کو نہین پاتا ÷

۴۶۲ - جیوونکو نہ مارنا اندریونکی صحبت مین نہ پڑنا ویدکے موافق کرم بڑا کرنا تپ کرنا انہونکے ذریعہ سے عقلمند آدمی برہم پدوی کو ساودھن کرتاہے ÷

۴۶۳ - (اب شریر کا برنن کرتے ہین) ہاڑ کا کھمبا یعنی ستون رگون سے کسا ہوا خون و گوشت سے لپا ہوا چمڑے سے بندہا ہوا بدبودار غلیظ و پیشاب سے بھرا ہوا ہے ÷

۴۶۴ - ضعیفی اور رنج کی وجہ سے بیماری کا گھر بہوکہ پیاس سردی گرمی سے بے چین جوگُن کے ساتھ ناش ہونیوالا پنچ عناصر کا گھر ایسے بدنمین جیو آتما رہتاہی سو ایسے بدنکو ترک کرے یعنی جس کرم کرنیسے ایسا شریر ملے وہ کرم نکرے ÷

۴۶۵ - جسطرح ندی کے کنارہ کو درخت چھوڑدیتاہی اور درخت کی پرند درخت کو اسیطرح

شریر کو تیاگ کرتا ہوا ہر جنم کی اُپاسنا کرنیوالا گشٹ روپی گراہ سے چھوٹ جاتا ہے ⁂

۴۶۶ - جب پرمارتھ کی وجہ سے وشیونمین دوش جانکر سب چیزونسے بے خواہش ہو جاتا ہے تب اِس لوک مین اور پرلوک مین سکھ پاتا ہے ⁂

۴۶۷ - اسیطرح آہستہ آہستہ سبکو تیاگ کرکے کام کرودھ وسردی گرمی وغیرہ جو جُفت چیزین ہین اُن سے علیحدہ ہو کر برہم مین لین ہوتا ہے ⁂

۴۶۸ - پتر وغیرہ کی ممتا کا تیاگ اور مان و اپمان کا سہنا یہ سب باتین جیو آتما کو پرماتما کے دھیان کے وسیلے سے ملتی ہین آتما کا نہ جاننے والا آدمی کریا پھل (یعنی موہ کا تیاگ اور جُفت چیزونکا سہنا) اور موکش نہین پا سکتا ⁂

۴۶۹ - وید اور اسمرت کے بدھان سے چارو آشرمونسے گرہستہ آشرم بڑا ہے کیونکہ تینون آشرم مین رہنے والے آدمیونکو کھانے اور کپڑے سے گرہستہ ہی پالن کرتا ہے ⁂

۴۷۰ - جسطرح سب ندی اور نالے سمدر مین جا کر قائم ہوتے ہین اسیطرح سب آشرم والے گرہستہ ہی قیام پاتے ہین ⁂

۴۷۱ - چارو آشرم والے ہمیشہ دش لکشن والے دھرم کو تدبیر سے اختیار کرین ⁂

۴۷۲ - دھرم کے دش لکشن یہ ہین - سنتوش (یعنی قناعت) کشما (یعنی کسی سے نقصان پاکر اُسکا نقصان نکرنا - دم (یعنی بکار کرنیوالی شے کو پاکر من مین بکار نہونا) چوری کا تیاگ پوترتا (یعنی طہارت) وشیونسے اندریونکو روکنا دھی (شاستر وغیرہ کا تتو گیان) آتم گیان (یعنی خود شناسی) ستیہ غصہ کرنیوالی بات مین بھی غصہ نکرنا ⁂

۴۷۳ - جو آدمی اِن دھرمونکو بااختیار کرتا ہے وہ پرم گت کو پاتا ہے ✣

۴۷۴ - بے فکر ہو کر اِس دھرم کو کرتا ہوا بدھ پورک ویدانت شاستر کو سنکر تینون رِن یعنی قرض کو ادا کر کے سنیاس دھارن کرے ✣

۴۷۵ - جس پرکار سے راجونکی پیدائش اور پرم سدھ اور آچرن ہے اُس سبکو کہینگے ✣

۴۷۶ - کشتری بدھ سے جنیو لیکر اپنی راجکی پرجا کا پالن از روئے انصاف کے کرے ✣

۴۷۷ - جو ملک سب طرف سے خوفناک ہے اور اُسمین راجہ نہین ہے اُس ملک کی حفاظت کیواسطے شری برہماجی نے راجہ کو پیدا کیا ✣

۴۷۸ - اندر بایو یم راج سورج اگن برن چندرمان کبیر ان آٹھو کے انس سے سری برہماجی نے راجہ کو پیدا کیا ✣

۴۷۹ - جوکہ دیوتون کے انس سے راجہ پیدا ہوا ہے اس سبب سے اپنے تیج سے سب جاندارونکو مغلوب کرتا ہے ✣

۴۸۰ - دیکھنے والے کی آنکھونکو اور دلکو سورج کیطرح تپاتا ہے کوئی آدمی زمین پر راجونکے روبرو ہوکر اُنکو دیکھ نہین سکتا کیونکہ انکا تیج سورج کے مانند ہے ✣

۴۸۱ - وہی راجہ اپنے پربھاؤ کے موافق اگن ہوا سورج چندرمان دھرم راج اندر کبیر برن ہے ✣

۴۸۲ - راجہ بالک بھی ہو تو بھی بعقل انسانی اُسکی تحقیر نکرنا چاہیے کیونکہ راجہ بصورت انسان بڑا دیوتا زمین پر قائم ہے ✣

۴۸۳ - اگن کے سامنے جو کوئی جاتا ہے صرف اُسیکو اگن جلاتی ہے مگر راج روپی اگن تمام خاندان کو مع اسباب و چارپایہ کے جلا دیتی ہے ✣

۴۸۴ - وہ راجہ اپنی کام و شکت و دیش و کال کو تتو پورک دیکھکر دہرم سدہ کی لئے انیک روپ بارم بار دہارن کرتا ہے ٭

۴۸۵ - جس راجہ کی خوشی مین لکشمی رہتی ہی اور پراکرم مین فتح اور غصہ مین موت وہ راجہ تمام تیجونکا دہارن کرنیوالا ہے ٭

۴۸۶ - جو آدمی موہ سے ایسی راجہ کی ساتھ دشمنی کرتا ہے وہ ضرور ناش ہو جاتا ہی ایسی آدمی کی ناش کی لئے راجہ بہت جلد دل لگاتا ہے ٭

۴۸۷ - اس سبب سی وہشت انشٹ مین وید کی موافق جس دہرم کو راجہ قائم کری اس سی انحراف نکرنا چاہئے ٭

۴۸۸ - ایشور نے اس راجہ کیواسطے سب جانداروںکی حفاظت کیلئے اپنے بیٹے برہم تیج روپ ڈنڈ کو پہلے ہی پیدا کیا ٭

۴۸۹ - اس ڈنڈ کے خوف سے جانداران ساکن و متحرک بہوگ کرنیکے لئے سمرتہ ہوتے ہین اور اپنے دہرم سے منحرف نہین ہوسکتے ٭

۴۹۰ - ملک و وقت و علم و طاقت کو دیکھکر مجرمونکو درجہ بدرجہ سزائے مناسب دیوے ٭

۴۹۱ - وہی ڈنڈ یعنی سزا جسکا اوپر بیان کیا گیا ہی راجہ ہی اور وہی مرد ہی اور سب بمنزلہ عورت ہین کام مونکا انجام دینیوالا اچار و آشرمونکی دہرم کا حکم دینے والا اور ضامن وہی ہی ٭

۴۹۲ - سب رعایا کی حفاظت کرنیوالا اور حکم دینیوالا اور سوتے ہوئے لوگونکو جگانیوالا وہی ڈنڈ ہے اسی ڈنڈ کو پنڈت لوگ دہرم کہتے ہین ٭

۴۹۳ - جب غور کرکے اچھی طرح سے سزا دیجاتی ہی تب تمام رعایا کو آرام ملتا ہی اور جب وہی سزا بدون غور کے بے محابا دیجاتی ہے تب تمام رعایا کو سب طرف سے مٹا دیتی ہی ❊

۴۹۴ - اگر راجہ سُستی کرکے اشخاص واجب التعزیر کو سزا نہ دیوے تو زبردست آدمیونکو زبردست آدمی جینا مُشکل کردین ❊

۴۹۵ - اگر سزا نہو تو دیوتا ونکا حصّہ کوّا کہا ڈالے اور کوئی مالک نہ ہو سب اُلٹ پلٹ ہوجاۓ ❊

۴۹۶ - جتنے جاندار ہین سب سزا کے لائق ہین پاک آدمی ناتوان ہین سزا کے خوف سے سب جاندار کام کرنیکی طاقت رکھتے ہین ❊

۴۹۷ - دیوِ دانو اَور اکشش نکشی سانپ یہ سب سزا کی وسیلے سے کام کرنیکی طاقت رکھتے ہین ❊

۴۹۸ - سزا کے لائق آدمیونکو سزا نہ دینے سے اور سزا نہ دینے کے لائق آدمیونکو سزا دینے سے تمام ورن دوشِت ہوجاینگے اور مرجاد اٹوٹ جاینگی تمام عالم درہم وبرہم ہوکر بگڑ جاییگا ❊

۴۹۹ - جہان سیاہ رنگ سُرخ آنکہہ والا ناش کرنیوالا ڈنڈ گہومتا ہی وہان پرجا کو موہ نہین ہوتا لیکن اُس حالت مین کہ جب ڈنڈ دینے والا آدمی اچھی طرح سے ڈنڈ کو دیوے ❊

۵۰۰ - جو راجہ سچ بولنے والا و غور کرنیوالا و دہرم ارتھ کام تینونمین ہوشیار اچھی طرح سے جاننے والا ہے وہی اِس ڈنڈ کا دینے والا ہے ❊

۵۰۱ - اُس سزا کو دینے سے راجہ دہرم وارتھ و کام سے بڑہتا ہی جتنے آدمی کامی و کرور و نیچ ہین وے سب سزا ہی سے مارے جاتے ہین ❊

۵۰۲ - سزا نہایت پُرجلال ہے جو راجہ شاستر کو نہین جانتا وہ سزا دہی کو اختیار نہین

کرسکتا وہی سزا دہرمی راجہ اور اُسکے رشتہ داروںکو نیست و نابود کر دیتی ہے *

۵۰۳- وہی سزا قلعہ و راج و ساکن و متحرّک عالم و انترکش یعنی عالم بالا مین جو مُنی و دیوتا لوگ ہین اُنکو تکلیف دیتی ہے *

۵۰۴- جو راجہ پناہ نہین رکہتا اور جاہل اور لالچی اور دنیاوی عیش و عشرت مین بہولا ہوا ہے وہ انصاف کے موافق سزا نہین دے سکتا *

۵۰۵- جو راجہ پاک و سچ بولنے والا و شاستر کی ریت پر چلنیوالا و پناہ رکہنے والا و دانشمند ہے وہ اُس سزا کو دے سکتا ہے *

۵۰۶- اپنے راج مین انصاف کی موافق چلے اور دشمنونکو سزائے سخت دیوے اور وفادار دوستونکے ساتھ مہربانی کرتا رہے اور کم قصور والے برہمنونکی عفو تقصیر کرے *

۵۰۷- اس ریت سے راجہ رہکر شیل اور اُنچھ سے اوقات گذاری کرے تو اُسکا یش لوک مین پہیل جائے جیسے پانی مین تیل کا بوند پہیل جاتا ہے *

۵۰۸- جو راجہ اسکے برخلاف ہے اور جسنے اپنے نفس کو مغلوب نہین کیا اسکا یش لوک مین نہین پہیلتا ہے جیسے گھی کا بوند پانی مین نہین پہیلتا ہے *

۵۰۹- جو ورن اور آشرم اپنے اپنے دہرم پر ثابت قدم ہین اُنہونکی حفاظت کیلئے راجہ پیدا کیا گیا ہے *

۵۱۰- بہرگُ جی مہاراج کہتے ہین کہ اے رشی لوگو جو راجہ مع اپنے اہلکارونکے رعایا کی حفاظت مین مشغول رہتے ہین اُنکی کرنیکے لائق کامونکو سلسلہ سے ہم آپ لوگونسے کہینگے *

۵۱۱- راجہ وقت صبح اُٹھکر رگ یجر سام وید کے ارتھ جاننے والے برہمنونکا درشن او پوجن ہو اور اُنکا تابع حکم رہے

۵۱۲- پوتر اور بڑے وید پڑہنے والے برہمنونکی ہر روز خدمت کرے ایسا راجہ راکششونسے بہی پوجا پاتا ہے *

۵۱۳- بہت راجہ عاجزی نکرنیسے معہ اپنے راج و دولت کے بگڑ گئے اور جنگلمین رہنے والے راجاؤ نے عاجزی کرنیسے راج کو پایا ہے *

۵۱۴- بین نہش جمین کا بیٹا سدٌاس سمکھہ نمِ یہ سب راجہ بوجہ عاجزی نکرنیکے مٹ گئے *

۵۱۵- عاجزی کرنیسے پرتہو منُ نے راج پایا اور کبیر بہگوان کے بہنڈار کے خزانچی ہوئے اور بسوامتر کشتری سے برہمن ہو گئے *

۵۱۶- تین وید کے جاننے والونسے تینون وید کو اور دنڈ اور نیت جاننے والونسے نیت شاستر کو اور برہم ودیا جاننے والونسے برہم ودیا کو پڑہے اور حصول دولت کی تدبیر جاننے والونسے کہیتی اور تجارت اور حفاظت چار پایہ وغیرہ کو سیکہے *

۵۱۷- رات دن اندریونکو قابو مین کرنیکی کوشش کرے جو راجہ جتیندری یعنی اپنے نفس پر غالب ہے وہ تمام رعایا کو اپنے اختیار مین رکھ سکتا ہے *

۵۱۸- دس چیز کام سے پیدا ہوتی ہین اور آٹھ چیز کرودہ سے پیدا ہوتی ہین انکا ترک واجب سمجہے *

۵۱۹- کام سے پیدا ہوئی چیزونمین مصروف ہونیسے راجہ کے دہرم اور ارتہ کا ناش ہو جاتا ہے اور کرودہ سے پیدا ہوئی چیزونمین مصروف ہونیسے راجہ آپ مرٹ جاتا ہے *

۵۲۰- جو چیزین کام سے پیدا ہوتی ہین وہ یہ ہین سکار کہیلنا پانسا کہیلنا دنمین سونا دوسرے کا عیب ظاہر کرنا عورت کیخدمت کرنا شراب پی کر مست ہو جانا ناچنا گانا بجانا بیفایدہ گہومنا *

۵۲۱- جو چیزین کرودہ سے پیدا ہوتی ہین وہ یہ ہین بدون جانے عیب کو کہنا اپنے بل سے کام کرنا دغا سے

کسیکو مار ڈالنا دوسرے کی عظمت کو نہ سہنا کسیکے ہنر مین عیب لگانا ارتھ کو چرانا خواہ جو چیز دینی کے قابل ہے اسکو نہ دینا سخت زبانی سے گفتگو کرنا ونڈ سے تاڑنا کرنا ۔

۵۲۲ - اور پہر جو دو طرح کی باتین واجب الترک کہے آئے ہین انکی جڑ لالچ ہے یعنی لالچ کرنیسے وہ پیدا ہوتی ہین اسواسطے لالچ کو حکمت عملی سے چھوڑنا چاہئے اسکو قابو مین کرنیسے سب قابو مین ہو جاتی ہین اسبات کو عقلمندون نے کہا ہے ۔

۵۲۳ - کام سے پیدا ہوئی چیزون مین شراب پینا پانسا کہیلنا عورت کی اطاعت شکار کہیلنا یہ چارو ایک سے ایک زیادہ زبون ہین ۔

۵۲۴ - کرودھ سے پیدا ہوئی چیزو مین ڈنڈ سے مارنا گالی دینا دینے کے لائق چیز کو نہ دینا یہ تین ہمیشہ بہت زبون ہین ۔

۵۲۵ - چھ ساتھ ایک جگہ رہنے والی ہین انمین درجہ بدرجہ ایک سے ایک زیادہ زبون ہین ۔

۵۲۶ - ان اٹھارہ کا نام بیسن ہے بیسن اور موت مین بیسن زبون ہے کیونکہ بیسن والا نرک مین جاتا ہے اور جسنے بیسن کو ترک کیا وہ مرنیکے بعد سورگ مین جاتا ہے اسلئے بیسن سے موت اچھی ہے ۔

۵۲۷ - جو لوگ شاستر کے جاننے والے وشجاع وحکم انداز ہون اور اچھے خاندان مین پیدا ہوئے ہون انکا امتحان لیکر راجہ انکو اپنا وزیر بناوے اور وہ وزیر تعداد مین سات یا آٹھ ہون ۔

۵۲۸ - جو کام سہل ہے وہ بھی اکیلے نہین ہو سکتا اور راج کاج بڑا بھاری ہے وہ کسطرح اکیلے ہو سکے ۔

۵۲۹ - ان وزیرونکے ساتھ امور مفصلہ ذیل پر ہر روز غور کرے یعنی صلح وجنگ وخزانہ وشہر راج وتیرتھ خانہ وغیرہ وفوج کی پرورش وغلہ وسونا وغیرہ کی پیدائش کا مقام واپنی ورانکی حفاظت ورلیے ہوئے

دہن کو اچھّے لوگونکو دان دینا ✤

۵۳۰ - وزیر لوگ جو صلاح دین اُسکو علیحدہ علیحدہ یا ایک ہی دفعہ سمجھکر حکم مناوے کہ جسمین اپنا بھلا ہو ✤

۵۳۱ - سب وزیرونمین جو اچھّا ہو اُسکی ساتھہ چھہ گُن والے پرم منتر (یعنی صلاح) کو بچار چھہ گُن اُسکی کہینگے ✤

۵۳۲ - جو آدمی پاک ہین اور سب باتونکے جاننے والے اور اچھی راہ سے دولت حاصل کرنیوالے ہین اور عمدہ طریق سے جنکا امتحان ہوگیا ایسے اور بھی وزیر مقرّر کرے ✤

۵۳۳ - جتنے آدمیونسے مطلب حاصل ہوسکے اُتنے آدمیونکو نوکر رکھے مگر وہ آدمی چالاک مستعد و ہوشیار وہ کام کرنیمین صاحب ہمّت ہون ✤

۵۳۴ - اُن وزیرونمین جو ہوشیار و عمدہ خاندانی و پاک و بیخواہش و صابر ہُون اُنکو وہ کام سپرد کرے جسمین دولت کی پیدائش ہو اور جو آدمی ڈرنیوالے ہین اُنکو قلعہ کے اندر رکھّے ✤

۵۳۵ - جو آدمی سب شاستر ونکا جاننے والا اور اشارون اور قیافونکا سمجھنے والا اور پاک و ہوشیار و عمدہ خاندان ہو اُسکو دوت (یعنی سفیر و وکیل) مقرر کرے ✤

۵۳۶ - جو دُوت اپنے مالک کو خوش رکھنے والا و پاک و ہوشیار و سب باتونکو یاد رکھنے والا و ملک و وقت کا جاننے والا و اچھی صورت شکل والا و اچھی تقریر کرنیوالا و بیخوف ہو وہ دوت راجہ کو اچھّا ہوتا ہے ✤

۵۳۷ - وزیر کے اختیار مین سزا ہے سزا کے اختیار مین انصاف ہے راجہ کے اختیار مین خزانہ و راج ہے دوت کے اختیار مین صُلح اور لڑائی ہے ✤

۵۳۸ - دُوت ہی بگڑے ہوؤں کو ملاتا ہے اور ملے ہوئے کو بگاڑتا ہے جس سے ملاپ و بگاڑ ہوتا ہے وہ کام دُوت ہی کرتا ہے ✤

۵۳۹ - سب اہلکار وہنین دُوت ہی راجہ کی بات اور اشارہ اور آثار اور قیافہ سے راجہ کے کرنیکے
لایق سب کام کو جانے ✤

۵۴۰ - اور دوسرے راجاؤنکے دل کی اصلی بات اپنی حکمت سے معلوم کرے اور ایسی تدبیر کرے کہ
جس سے اپنی آتما کو تکلیف نہووے ✤

۵۴۱ - جس مُلک مین تہوڑا پانی اور گہاس ہو اور بہت ہوا اور دہوپ اور غلّہ ہو اُسکو جانگل دیش
کہتے ہین اُسمین اور جس مُلک مین اچّہے آدمی ہون اور بیمار نہون اور وہ مُلک پہل پہول لتا وغیرہ
سے منوہر ہو اور وہانکے سب ہمت کیے آدمی ملائم ہون اور زراعت و تجارت وغیرہ دولت ملنے کی تدبیرین
وہان بآسانی تمام ممکن ہون ایسے مُلک مین راجہ قیام کرے ✤

۵۴۲ - جسکے چارون طرف پانی نہو جہانکی زمین ٹہنڈی ہو جسکی چارونطرف پانی ہو جسکی چارونطرف
درخت ہون جسکی چارونطرف آدمی جنگجو ہون جسکی چارونطرف پہاڑ ہون یہہ چہہ مقامات مانند
قلعہ کے ہین ایسی مقام پر راجہ قیام کرے جہانپر دوسرے کی فوج نہ جاسکے ✤

۵۴۳ - جس مُلک کے چارونطرف پہاڑ ہین اُس مُلک مین قیام کرے جبتک ایسا مُلک ملے تب تک دوسرے
مُلک مین قیام نکرے ان سبہو مین ایسا مُلک سب سے اچّہا ہے ✤

۵۴۴ - پہلے تین قلعہ مین ہرن چوپاے جل کے جیو رہتی ہین پچہلے تین قلعہ مین بندر آدمی دیوتا رہتی ہین ✤

۵۴۵ - جسطرح ہرن وغیرہ اپنے قلعہ مین رہنے سے دشمنون سے تکلیف نہین پاتے اُسیطرح راجہ قلعہ مین
رہنے سے دشمنون سے تکلیف نہین پاتا ✤

۵۴۶ - قلعہ مین رہنے والا ایک کماندار نیچے رہنے والے سو آدمی سے لڑائی کرسکتا ہے اور قلعہ مین رہنے

والی ایک سو آدمی نیچے رہنے والی دس ہزار آدمی سے لڑائی کر سکتے ہیں اِسلئے قلعہ بنانیکا اپدیش کرتے ہیں *

۵۴۷ - اُس قلعہ کے اندر اپنا مکان ایسا بناوے کہ جسمین علیحدہ علیحدہ مستورات و دیوتا و ہتھیار و اگن کے گھر ہون اور کہانے بھی ہوا اور سب فصلونکی پہل پہول موجود ہون مکان سُفید رنگ ہو اور اسمین باولی - کنوان درخت ہون *

۵۴۸ - اُس مکان میں بیٹھکر ایسی ہم قوم عورت کے سادی کرے کہ جو اچھے خاندان کی ہو اور دلکو پیاری ہو اور خوبصورت و ہنرمند و نیک خصلت ہو *

۵۴۹ - راجہ اپنی راج سے اپنا حصہ سالانہ لیوے اور وید کے احکام کی تعمیل کرے اور تمام رعایا کو مثل اپنی اولاد کے پرورش کرے اور رعیت اُسکو باپ کیطرح سمجھکر اُسکے حکم کی تعمیل کرے *

۵۵۰ - ہر ایک جگہ پر ایک ایک عالم عہدہ دار الواع و اقسام کا رکھے وہ عہدہ دار راجہ نوکرونکا کام دیکھے *

۵۵۱ - جو راجہ رعایا کی پرورش کرتا ہو کشتری کے دہرم کا خیال رکھتا ہو اگر اُسکو اُس سے بڑا یا چھوٹا راجہ لڑائی کے واسطے بلاوے تو اسکا مقابلہ کرے لڑائی سے مُنہ نہ پھیرے *

۵۵۲ - لڑائی میں مارتے ہوئے اور لڑائی سے مُنہ نہ پھیر کر جو کشتری مرتا ہے وہ سورگ میں جاتا ہے *

۵۵۳ - جو ہتھیار زہر سے بجھائے گئے اور جنکی اوپر لکڑی و اندر سے لوہا ہو اور جس تہر کی سی نسی کر نیکی صورت ہو اور ہتھیار کہ آگ سے گرم کیا گیا ایسے ہتھیار ونسے لڑائی میں دشمنونکو نہ مارے *

۵۵۴ - زمین پر کھڑا ہوا و مخنث و ہاتھ جوڑنے والا اور جسکے سر بال کھلے ہون اور ایسا کہنے والیکو کہ میں تمہارا ہون اور بیٹھے ہوئے کو نہ مارے *

۵۵۵ - جو شخص سوتا ہو یا زرہ اسکی بدن میں نہو بے ہتھیار ہو لڑائی کا ارادہ نہ رکھتا ہو کسی کیساتھ تماشا

دیکھنے کو آیا ہو ایسے آدمیو کو بھی نہ مارے *

۵۵۶ - جسکا ہتھیار ٹوٹ گیا ہو یا سبب جانے فرزند وغیرہ کی رنج مین ہو زخم شدید مین مبتلا ہو ڈرا ہوا ہو لڑائی سے بھاگا ہو ان سبکو اچھے لوگونکے دہرم کو خیال کرکے نہ مارے *

۵۵۷ - جو آدمی ڈر کر بھاگ کر لڑائی مین دوسرے کے ہتھیار سے زخمی ہو کر مارا گیا ہے وہ اپنے مالک کے پاپ کو پاتا ہے *

۵۵۸ - جو آدمی بھاگ کر مارا گیا اسکا پنیہ (یعنی نتیجہ فعل نیک) سورگ ملنے کے واسطے جو فراہم ہوا ہو اسکو اسکا مالک پاتا ہے *

۵۵۹ - رتھ گھوڑا ہاتھی چھتری دھن دھانیہ چارپایہ عورت اور تمام دولت سوائے سونا و چاندی کے سیسا و پیتل وغیرہ ان سبکو جو فتح کرے وہی اسکا مالک ہوتا ہے *

۵۶۰ - سونا چاندی زمین وغیرہ جو عمدہ چیزین فتح ہون انکا فتح کرنیوالا اپنے راجہ کو دیوے یہہ وید مین لکھا ہے اور راجہ اس چیز کو ان سب پہلوانونکو تقسیم کرے جنہونے ملکر فتح کیا ہو *

۵۶۱ - پہلوانونکے دہرم بے عیب و قدیم کو کہا کشتری لوگ لڑائی مین دشمنونکو مارتے ہوئے اس دہرم کو نہ چہوڑین *

۵۶۲ - جو چیز نہین ملی راجہ اسکے ملنے کی خواہش کرے اور جو ملگئی اسکی حفاظت تدبیر کے ساتھ کرے محفوظ چیزونکو بڑہاوے اور بڑہی ہوئی چیزونکو ستپاترونمین قایم کرے *

۵۶۳ - راجہ کی پرشارتہ (یعنی سورگ وغیرہ) کا پریوجن بھی چار طرح کا ہے اسکو جانے اور سستی کو ترک کرکے ان چارونکا سیوا کرے جو اوپر کے اشلوک مین کہے گئے *

۵۶۴- جو چیز نہین ملی اُسکی خواہش کرے اور جو سزا کے ذریعہ سے حاصل ہوئی (مثل جرمانہ وغیرہ)
اُسکی حفاظت کرے جسکی حفاظت رکھنے سے ہوتی ہے اُسکی ترقی دیکھنے سے کرے بیاج بڑہی چیز
کو دان سے قائم کرے ÷

۵۶۵- ہاتھی گھوڑا وغیرہ کی سواری اور جنگ کے قاعدے سیکھنے کی مہارت کرے اور استر و دیا
وغیرہ کے وسیلے سے اپنی شجاعت کی شہرت ہمیشہ کرے اور منترا اور آچار و چیشٹہا وغیرہ کو ظاہر
نکرے اور دشمن کے عیب کو جانتا رہے ان سب باتونکو ہمیشہ کرتا رہے ÷

۵۶۶- جسکی سزا زبردست ہے اُس راجہ سے تمام عالم ڈرتا ہے اسلئے سزا کے وسیلہ سے سب جاندارونکو
اپنے اختیار مین کرے ÷

۵۶۷- آپ فریب نکرے اور دشمن کے فریب کو ہمیشہ جانتا رہے اور اپنے تابعدارونکی حفاظت
تدبیر نیک سے کرے ÷

۵۶۸- اس راجہ کے عیب کو دوسرا نجانے مگر راجہ دوسرے کے عیب کو جان لیوے جسطرح کچھوا اپنے اعضا
کو چھپاتا ہے اُسیطرح اپنے عیب کو چھپاوے ÷

۵۶۹- بگلا کیطرح اپنے مطالب کا غور کرے سنگھ کے مانند پراکرم کرے بھیڑیا کیطرح چیزونکو
لیوے خرگوش کیطرح بھاگے ÷

۵۷۰- اسطرح فتحیاب راجہ اپنے دشمنونکو سام دان ڈنڈ بھید ان چار تدبیرونسے اپنے اختیار مین کرے ÷

۵۷۱- جب دشمن اوپر کہی ہوئی تین تدبیرونسے قابو مین نہ آوے تب ڈنڈ ہی کے وسیلہ سے اُسکو
قابو مین لاوے ÷

۵۷۲ - سام وغیرہ چاروید بہیروہین ساموید کی تعریف پنڈت لوگ واسطے ترقی راج کرتے ہین *

۵۷۳ - جسطرح کہیتی کرنیوالا غلّہ کی حفاظت کرتا ہے اور گہاس وغیرہ اکہاڑ ڈالتا ہے اُسیطرح راجہ حفاظت راجکی کرے اور دشمنونکو نیست ونابود کرے *

۵۷۴ - جو راجہ بدون غور کے موہ سے راجکو دکھ دیتا ہے وہ تہوڑے دنونمین اپنا راج اور پران اور بہائی اور بندونکو نابود کرتا ہے *

۵۷۵ - جسطرح شریرکو دکہہ دینے سے پران کو دکھ ہوتا ہے اُسیطرح راج (یعنی رعیّت) کے دکہی ہونے سے راجہ کا پران دکھ پاتا ہے *

۵۷۶ - راجکی ترقی کیواسطے ہمیشہ اس آئین پر چلے جس راجہ کی راج نے اچہی طرح ترقی پائی ہے وہ راجہ بخوشی تمام ترقی پاتا ہے *

۵۷۷ - دو تین پانچ گانونکے بیچ مین ایک حفاظت کا مکان بناوے اُسمین واسطے انتظام کرنیکے اپنے اہلکارونکو رکھے *

۵۷۸ - لیاقت کے موافق کسیکو ایک گانونکا کسیکو دش گانونکا کسیکو بیس گانونکا کسیکو سو گانونکا کسیکو ہزار گانون کا مالک کرے *

۵۷۹ - گانونمین کچھ واردات ہو تو گانونکا مالک بہ آہستگی دش گانونکی مالک سے کہے اور وہ بیس گانونکی مالک سے کہے

۵۸۰ - بیس گانونکا مالک سو گانونکے مالک سے کہے اور وہ ہزار گانونکے مالک سے کہے *

۵۸۱ - ہر روز جو حصّہ راجہ کا مثل اناج اور پان اور لکڑی وغیرہ گانونکی رہنے والونسے لینے کے لائق ہے اُسکو گانونکا مالک لیوے *

۵۸۲ - دش گاونکا مالک ایک کُل کی مقدار کے موافق زمین اپنے گذارہ کیواسطے لیوے اور بیس گاونکا مالک پانچ کل کے موافق لیوے اور سو گاونکا مالک ایک گانون درجہ متوسط کو لیوے اور ہزار گانونکا مالک ایک پور اپنے گذارہ کیواسطے لیوے *

۵۸۳ - جو وزیر اعظم نہائیت عاقل دارالسلطنت مین راجہ کے پاس رہنے والا ہو وہ سستی کو چھوڑکر گانون اور نگر اور پور کے مالکونکا کام اور دیگر کامونکو بہی دیکہتا اور جانچتا رہے *

۵۸۴ - ہر ایک نگر مین ایک آدمی جو تمام مطلبونکا سوچنے والا ہو رکھے اور ایک مکان بڑا اونچا بہیانک روپ بناوے وہ مکان ایسا خوبصورت ہو جیسے ستارونمین چاند ہے *

۵۸۵ - وہ وزیر اعظم اُسم گانون اور نگر وغیرہ کے مالکونکو بے مطلب بہی وقتاً فوقتاً اپنی قوت سے دیکہتا ہے اور مُخبرونکے وسیلہ سے سب کے دل کی بات کو جانے *

۵۸۶ - راجہ کے اکثر عہدہ دار دوسرے کا مال لے لیا کرتے ہین اور ظالم ہوتے ہین اسواسطے انکے ہاتھ سے رعیّت کی حفاظت کرے *

۵۸۷ - دل مین پاپ رکہنے والے جو عہدہ دار رعیّت سے روپیہ لیتے ہین راجہ انکی تمام جائیداد ضبط کرے اور انکو راج سے باہر نکال دیوے *

۵۸۸ - جو عورت و نوکر و چاکر راجہ کا کام کرتے ہون انکی وجہ معاش انکی روزمرّہ کام کے موافق مقرر کرے *

۵۸۹ - جو شخص گھر کا صاف کرنیوالا اور پانی کا لانیوالا ہے اسکو ایک پن یومیہ دیو اور چھ مہینہ مین ایک دن ان دیو اور چھٹے مہینہ دو کپڑے دیو اور جو شخص اُتم کام کرنیوالا ہے اسکو چھ پن تنخ

دیوے اور چھٹے مہینہ چار کپڑے دیوے ہر مہینہ مین چھ درون دہانیہ دیوے ۔ اسیطرح متوسط کام کرنیوالیکو تین پن یومیہ دیوے ہر مہینہ مین تین درون دہانیہ دیوے چھٹے مہینہ کپڑے دیوے ؛

۵۹۰ ۔ ان سب باتونکو بچار کر بیوپاریسے محصول لیوے یعنی کس قیمت پر خرید کیا ہی بیچنے مین کتنا ملیگا کتنی دور سے لایا ہی کیا اسکی خوراک مین خرچ ہوا کتنا حفاظت مال مین خرچ ہوا ہی کتنا اسکو نفع ملیگا

۵۹۱ ۔ جس طریق سے کام کرنیوالیکو اور راجہ کو فائدہ ہو اس طریق کو دیکھکر راجہ اپنی محصولات کو تجویز کرے جو کہ ہر شخص پر برابر ہو ؛

۵۹۲ ۔ جسطرح جونک اور بچھیرا اور بہونرا یہ سب کہانیکی لائق چیز کو تہوڑا تہوڑا کہاتے ہین اسی طرح راجہ راج سے محصول سالانہ کو تہوڑا تہوڑا لیوے ؛

۵۹۳ ۔ پشو اور سونے کے نفع مین سے پچاسوان حصہ لیوے دہانیہ کی نفع مین سے آٹھوان یا چہٹوان یا بارہوان حصہ لیوے زمین کی عمدگی وغیر عمدگی اور جوتنے کی محنت و بے محنت کو دیکھکر محصول تجویز کرے ؛

۵۹۴ ۔ درخت بانس شراب گھی خوشبودار چیزین ادویات رس پہول مول پہل ؛

۵۹۵ ۔ پتا شاگ گہاس چمرا بانس کا برتن مٹی کا برتن پتھر کا برتن ان سبہوں کے نفع مین سے چہٹوان حصہ راجہ لیوے ؛

۵۹۶ ۔ راجمین نیچے آدہیون سے بہی تہوڑا شاگ پتا وغیرہ سالتمام مین بطور محصول کے لیوے ؛

۵۹۷ ۔ رسوئی بنانیوالی ویر قسم کے کاریگر و شودر و جسم کی تکلیف سے اوقات بسر کرنیوالی دیکہدار وغیرہ ان سبہوں سے ہر مہینہ مین ایکدن کام کراوے انہونکا یہی محصول ہے ؛

۵۹۸ - اگر بتقاضائے محبت محصول رعیت سے نہ لیوے تو راجہ اپنی جڑ اکھاڑتا ہے اور جو حد سے زیادہ محصول لیوے تو بھی۔ اس سبب سے ان دونوں کاموں کو نہ کرے اگر کرے تو وہ راجہ آپکو اور رعیت کو دکھی کرتا ہے ۔

۵۹۹ - راجہ کام کو دیکھکر کام کے موافق نرم و سخت ہووے (یعنی اچھا کام دیکھکر نرم ہوا ور برا کام دیکھکر سخت ہو) ایسا راجہ سبکو اچھا معلوم ہوتا ہے ۔

٦۰۰ - اسطرح اپنی کرنیکی لائق کاموں کو تجویز کرے بیہودہ پن کو چھوڑ کر مشغولی و محنت تمام رعایا کی حفاظت کرے ۔

٦۰۱ - جب راجہ اور راجہ کے اہلکاروں کی دیکھتے ہوئے اسکی راج میں چوروں سے لوٹی ہوئی پرجا پکارتی ہے وہ راجہ زندہ نہیں ہے بلکہ مر گیا ہے ۔

٦۰۲ - پرجا کو پالنا کشتریوں کا پرم دھرم ہے جو راجہ شاستر کے موافق کام کرتا ہے اسکو دھرماتما کہتے ہیں ۔

٦۰۳ - دربار میں بیٹھکر سب رعایا کو دیکھ بھال کر بول چال کر رخصت کرے بعدہ وزیروں کے ساتھ انتظام ملک کی بابت مشورہ کرے ۔

٦۰۴ - پہاڑ یا بالاخانہ یا جنگل وغیرہ مقام خلوت میں بیٹھکر صلاح بگاڑنیوالے آدمیوں کو دور کر کے پہچانک والی صلاح کا مشورہ کرے ۔

٦۰۵ - سوائے مشیروں کی اور لوگ میل ملاپ کے جب راجہ کی مشورہ کو نہیں جانتے ہیں وہ راجہ اگرچہ بے زر ہو تو بھی پرتھوی پر راج کر سکتا ہے ۔

۶۰۶ - باولا گونگا اندھا بہرا پرندہ بڈھا (یعنی ۸۰ برس سے زیادہ عمر کا) ملیچھہ عورت مریض ایک عضو نہ رکھنے والا ان سب کو وقت صلاح و مشورہ کی اپنے پاس نہ رکھے ❖

۶۰۷ - یہہ سب پہلے جنم کے پاپ سے ایسے ہوئے ہین اسلئے ایمان پاکر بہید کو ظاہر کر دیتی ہین اور پرندہ اور بڈہے اور عورت اُنہونکی عقل قائم نہین ہتی اسوجہ سے یہہ بہی بہید ظاہر کر دیتی ہین اسواسطے وقت مشورہ انتظام مُلک کے یہہ لوگ پاس نہ رہنے پاوین ❖

۶۰۸ - دوپہر دنمین یا آدہی رات کیوقت آرام و بیفکری سے اُن مشیرونکی ساتھ یا اکیلا آپ ہی دہرم وارتھہ و کام کا بچار کرے ❖

۶۰۹ - وہین ملنے کیواسطے ایسی تدبیر سوچے کہ جسمین دہرم ارتھہ کام جو باہم مختلف ہین اُنہونکا برودھ ہوکے اپنے کام سدہ ہونیکی واسطے کنیا کا دان اور نیت شاستر کے موافق پڑہانے سکہانے کیواسطے راج کمارونکی حفاظت اِن باتونکو بہی بچار کرے ❖

۶۱۰ - سفیر و وکیل کو بہیجنا باقی رہا ہوا کام شہر کے اندر کا چلن دوسرے راجاؤنکا حال لانیوالا جو شخص ہے اُسکے دل کی خواہش کو جاننا اِن سب باتونکو بہی بچارے ❖

۶۱۱ - آٹھہ کاموںکو اور رسدہانت سے پانچ برگ کو بھی بچارے اور دوسرے راجاؤن اور اپنے وزیرونکی محبّت و دشمنی کو جانکر اُسکی تدبیر کرے ❖

آٹھہ کام یہہ ہین رعیّت سے محصول لینا نوکرونکو تنخواہ تقسیم کرنا اِس لوک اور پرلوک کیواسطے جو کام ہین اُنکو کرنا اور نکرنا اِن باتونکا حکم وزیرونکو دینا اور کام مین شک ہو تو بہی حکم دینا بیوہار[1] دیکہنا جو ہارے ہین اُنسے موافق حکم شاستر کے دہن لینا پاپیونکو پرایشچت کرانا

[1] یعنے بیوپاری -

(یعنی جنہون نے ورن اشرم کو ترک کیا ہو اُنسے پرایشچت کرا کی پہر اُنکو اُس راہ پر چلانا - پانچ برگ یہہ ہین جو شخص دوسرے کے دل کا حال جاننے والا و بیخوف تقریر کرنیوالا و کپٹ بیوہار کرنیوالا ہی ایسا آدمی جیو کا کیو سطے آوے تو اُسکو دان مان سے اپنا کرکے خلوت مین اوس سے کہے کہ جسکا کام بُرا دیکہو فوراً ہمسے کہو سنیاس آشرم سے جو بہرشٹ ہوگئے یعنے اُس درجہ سے گرگئے ہین اُنکا دوش تو جہان مین مشہور ہے اُنکو صاحب عقل و صاحب طہارت کرکے او بہت پیدائش والے مٹہ مین جگہہ دے کے مثل بالا اُنسے کہو اور جسن زمین مین بہت دہان پیدا ہو اُس زمین کو جیو کا کیو سطے دیوے وہ بہرشٹہ سنیاسی راج کاج کرنیوالے اور سنیاسیونکو کہانا کپڑا دیا کرے - جو شخص جیو کا نہین کہتا اور کہیتی کا کام کرنیوالا ہے اُسکو صاحب عقل و صاحب طہارت کرکے خلوت مین مثل بالا اُس سے گفتگو کرے اور اپنی زمین کہیتی کرنیکو واسطے دے - جو ویشیہ جیو کا نہین رکہتا اُس سے مثل سابق گفتگو کرکے دہن اور مان کو دے کر اپنے اختیار مین کرکے اُس سے ویشیہ کا کام کراوے موونڈ موونڈائے ہو یا جٹا رکہائے ہو اور جیو کا نہ رکہتا ہو اُسکو پوشیدہ معاش دیکے مثل بالا خلوت مین گفتگو کرے اور وہ کپٹی بہت منڈت اور چیلہ چیلونکی ساتھ تپشیا کرے مہینہ دو مہینہ سب کے آگے مٹہی بہر بیر وغیرہ کہاے اور رات کو جب کوئی نہ جانے سب طرحکا کہو جن کرے اور اُسکی چیلے اُسکی کرامات کو مشہور کرین کہ گروجی ماضی وحال و استقبال تینون زمانونکا حال جانتے ہین - اس سبب سے لوگ اپنے مطلب کو کہینگے یہہ پانچو سلسلہ وار کاپٹک اُدا استہت گرہ پت بیدک تاپس کہلاتے ہین پس اِن ذریعونسے اپنا مطلب حاصل کرے *

٦١٢ - دشمن و شمن فتح کی خواہش کرنیوالا مدھیم اُداسین[1] ان چارونکی خواہش کی و بافیت کرہی اور بچارے

٦١٣ - راج منڈل کی یہہ چار مُول پرکرت ہین اور آٹھ ساکہا پرکرت ہین یہہ سب ملکر بارہ ہوتی ہین *

٦١٤ - چار مُول پرکرت اور آٹھ ساکہا پرکرت انہومین ہرایک کی پانچ پانچ دبیہ پرکرت ہین یہہ
سب ملکر بہتر پرکرت ہین *

٦١٥ - اپنی راجکی سامنے کا راجہ دشمن ہے اور اوسکی سیوا کرنیوالا بہی دشمن ہی اُس راجہ کے ملک سے آگے جو
راجہ ہو وہ دوست ہی اور دوست سے آگے جو راجہ ہو وہ اُداسین ہے *

٦١٦ - ان سب اجاؤنکو سام وغیرہ چار تدبیر ونمین سے جیسا موقع ہو ایک ایک یا چار ونکو وسیلے سے
اور اپنی فوج و ہمت سے قابو مین کرنا چاہیے *

٦١٧ - صُلح و بگاڑ و دشمن کے اوپر چڑہائی و قیام و بہید و کسی زور آور راجہ کی پناہ لینا ان چہہ باتونکو
ہمیشہ خیال کرنا چاہیے *

٦١٨ - کام کا موقع دیکہکر منجملہ ان چہہ باتونکے جہان جسکی ضرورت ہو وہان اُسکو کرے *

٦١٩ - صُلح بگاڑ چڑہائی قیام بہید پناہ لینا یہہ چہہ باتین دو دو طرحکی ہین *

٦٢٠ - اُسیوقت یا زمانہ آئندہ مین نتیجہ ملنیکیواسطے ایک راجہ کے ساتھ دوسرے راجہ پر چڑہائی کرنا یہہ سمان
یان کرنا نام صُلح کہانی ہے اور اگر تم یہان جاؤگی تو ہم وہان جاوینگے یہہ کہکر صُلح کرے تو وہ اسمان یان
کرنا نام صُلح ہے *

٦٢١ - وقت پر خواہ بیوقت اپنی خواہش سے آپ بگاڑ کیا یہہ پہلا بگاڑ ہوا اور اپنے دوست کی توہین

[1] اُداسین وہ ہے کہ جو دشمن و فتح چاہنیوالی و مدھیم ان تینونکی صلح و جنگ کرادینیکی قدرت رکہتا ہو۔ ان پانچ دبیہ پرکرت ہین وزیر راج قلعہ دولت و سنکر

دیکھکر توہین کرنیولے سے بگاڑ کیا وہ دوسرا بگاڑ ہوا ۔

٦٢٢ - وقت درپیشی کار ضروری آپ اکیلا دشمن پر چڑہائی کرے یہہ پہلی چڑہائی ہے اور دوست کی مدد سے چڑہائی کرے یہہ دوسری چڑہائی ہے ۔

٦٢٣ - پہلی جنم کے پاپ سے یا اس جنم کے پاپ سے ہاتہی گھوڑا دولت وغیرہ ہاتہہ سے نکل جاوین اسوقت دوسرے راجہ پر چڑہائی نکرے خواہ دولت وہاتہی وگھوڑا وغیرہ سامان اپنے پاس ہو جو دھوا اور جانے مین دوست کی حفاظت نہین ہوسکتی تب اسکی واسطے بچانا چاہئی یہہ دو طرحکا قیام ہے ۔

٦٢٤ - اپنے کام سدہ ہونیکی واسطے ہاتھی وگھوڑا وغیرہ وسنیاپت یعنی سپہ سالار کو دشمن کے کئی ہوئے فساد دور کرنیکے واسطے ایک جگہہ پر قایم رکہنا یہہ پہلا بہید ہوا اور قلعہ مین معہ افسر تمام فوج راجہ کا قایم ہونا یہہ دوسرا بہید ہوا ۔

٦٢٥ - دشمن سے دکھی نہو خواہ دشمن سے دکہنہو دے ان دو فائدونکے لئے طاقتور راجہ کی پناہ لیوے یہہ دو طرح کی پناہ ہے ۔

٦٢٦ - جب لڑائی کے پیچہے اپنی لڑائی کو یقیناً جانے اور اسوقت تہوڑے ہی دھن وغیرہ کا نقصان دیکھے تب صلح کرے ۔

٦٢٧ - جب اپنی پرکرت کو بلوان دیکہے اور اپنے کو نہایت اونچا دیکھے تب بگاڑ کرے ۔

٦٢٨ - جب اپنی فوجکو زور آور صاحب ہمت دیکہے اور دشمن کی فوج اسکے برخلاف دیکھے تب دشمن کے اوپر چڑہائی کرے ۔

٦٢٩ - جب سواری و فوج اپنے پاس نہو تو دشمن کو سام نام تدبیر سے اپنے قابو مین کرکے اپنے مقام پر رہے ۔

٦٣٠ - جب دشمن کو سب طرح سے زور آور جانے تب اپنی فوج کے دو حصہ کرے یعنی کچھہ فوج لیکر آپ قلعہ مین رہے اور کچھہ لڑنیکو بھیجے اپنے کام کو اِسطرح سِدہ کرے ✤

٦٣١ - جب جانے کہ دشمن سے بھاگین گے تب جلد ہی زور آور دہرماتما راجہ کی پناہ لیوے ✤

٦٣٢ - جو راجہ دشمن کی پرکرت اور فوج کو قابو مین کرنیکی طاقت رکھتا ہو اُسکی خدمت ہمیشہ اِسطرح کرے کہ جسطرح گُرو کی کرتے ہین ✤

٦٣٣ - جب پناہ لینی مین بہی کچھہ نقصان سمجھے تب شک دور کرکے اچھی لڑائی کرے ✤

٦٣٤ - نیت جاننے والا راجہ سب تدبیر ونسے اپنے کو ایسا کرے کہ جسمین دوست واداسین و دشمن یہہ سب اپنے سے بڑے نہونے پاوین ✤

٦٣٥ - تمام کامونکا جو دوش اور گُن زمانہ ماضی وحال و مستقبل سے نسبت رکہنے والا ہو اُن سبکو کما حقہ خیال کرے ✤

٦٣٦ - ایسا خیال کرنیوالا راجہ دشمنون سے رنج نہین پاتا ✤

٦٣٧ - مُجملاً سب نیت کا خلاصہ یہہ ہے کہ دشمن و دوست اور اُداسین یہہ سب تکلیف نہ دے سکین ایسی تدبیر کرے ✤

٦٣٨ - جب دشمن کے اوپر جانے کی خواہش ہو تب موافق تدبیر مندرجہ اشلوک آئندہ کی آہستہ آہستہ دشمن کے شہر مین جاوے ✤

٦٣٩ - راجہ شُبھہ مہینہ پھاگن مین دشمن کے اوپر جاترا کرے خواہ پھاگن یا چیت مین اپنی فوج کے موافق جاترا کرے ✤

٦۴٠ - دوسرے وقت پر بہی جب یقیناً اپنی فتح جانے تب بگاڑ کر کی جاوے اور دشمن کے اوپر جب دکھ دیکہے تب بھی جاوے ٭

٦۴١ - اپنے ملک کی حفاظت کرکے اور دستور کے موافق جاترا کی وقت کے کام کو کرکے (یعنی سواری وہتھیار وزرہ وغیرہ بدرستی تمام ساتھ لیکر) دشمن کے ملک مین جاکر جسسے اپنا قیام ہوا اسکو لیکر اور دشمن کے اور ونکو اپنے اختیار مین کرکے اور دشمن کے ملک کا حال جاننے کیواسطی کاپٹک وغیرہ چار قسم کے آدمیونکو رخصت کرکے ٭

٦۴٢ - تین طرحکی جو راستہ ہین (یعنی جانگل انوپ آٹک) انکو صاف کرکے (یعنی درخت وغیرہ کو کاٹکر اور نیچی اونچی زمین برابر کرکے) اور چھ طرحکی جو زور ہین (یعنی ہاتھی گہوڑا رتھ پیادہ فوج کاریگر) ان سبکو خوراک وادویہ دستکار وغیرہ سے درست کرکے سنگرام مین نیک طریق سے جلد دشمن کے شہر مین جاوے ٭

٦۴٣ - جو اپنا دوست دشمن کی خدمتگذاری پوشیدہ کرتا ہے اور جو نوکر وغیرہ اپنے یہاں سے نکلکر پہر آئے ہون ان دونوں سے ہوشیار رہے کیونکہ انہونکا اٹھایا ہوا فساد بڑی مشکل سے رفع ہوتا ہے ٭

٦۴۴ - ڈنڈ سکٹ براہ مکر سوچی گرڑ ان بیوہ کرکے چلے یعنی جب چارونطرف سے خوف پیدا ہو تب ڈنڈ بیوہ سے جاوے جب پیچہے خوف پیدا ہو تب سکٹ بیوہ سے جاوے جب پہلو مین خوف پیدا ہو تب براہ اور گرڑ بیوہ سے جاوے جب آگے پیچہے خوف پیدا ہو تب مکر بیوہ سے جاوے جب آگے خوف پیدا ہو تب سوچی بیوہ سے جاوے ٭

٦۴٥ - جسطرف خوف کا خیال ہو اسطرف فوجکو بڑہاوے پدم بیوہ کرکے شہر سے نکلکر راجہ ہر وقت

پوشیدہ رہے +

٦٤٦ - سنیاپت اور بلادھیکش کو چاروں اطراف مین کہنا چاہیے اور جس دِشا سے خوف کا
خیال ہو اُسکو پورب دِشا جانو +

٦٤٧ - جو حصہ فوجکا مع سنیاپت و بلادھیکش کے نیک آدمیونسے شامل ہو اور قیام کرنے اور
بھاگنے اور لڑنے کیواسطے بھیری سنکھہ وغیرہ باجونکی اشارونکو سمجھتا ہو اور قیام و جنگ مین ہوشیار ہو
اور خوف و بغاوت سے خالی ہو ایسے حصہ فوج کو دور دور سب دشاؤنمین دشمن کے روکنے اور
اُسکی خواہش دلی جاننے کیواسطے حکم دیوے +

٦٤٨ - فوج تھوڑی ہو تو ملکر جنگ کرے اور بہت ہو تو موافق خواہش دل کے متفرق کرکے جنگ
کرے سوچی بیوہ بجر بیوہ کرکے جنگ کرے +

٦٤٩ - برابر زمین مین رتھہ اور گھوڑونکے وسیلے سے جنگ کرے اور زمین پر آب مین کشتی و ہاتھی سے
جنگ کرے اور درخت اور جھاڑی والی زمین پر تیر و کمان سے اور صاف زمین پر ڈھال تلوار سے جنگ کرے

٦٥٠ - کُرکشیتر و متسیہ و پنچال و سورسین ان ملکونمین جو آدمی چھوٹے یا بڑے پیدا ہوئے ہون
انکو آگے کرکے جنگ کرے +

٦٥١ - بیوہ آراستہ کرکے فوجکو خوش و خورم کرے اور اُس فوجکا اچھی طرح امتحان لیوے اور دشمنونکے
ساتھہ لڑتے ہوئے فوجکی حالت کو دریافت کرے کہ وہ دشمن کے ساتھہ ملی ہے یا نہین +

٦٥٢ - دشمن قلعہ مین ہے یا باہر ہے اور جنگ ہی دیکھتا ہو لیکن اُسکو گھیرے رہے اور اُسکی راجکو تکلیف
دے اور گھاس اور لکڑی اور پانی انہونمین ناکارہ چیز ڈال کر خراب کرے +

۶۵۳۔ تالاب و قلعہ و بالاخانہ دکہائین اِن سبکو کہود ڈالی بیخوف دشمن کو با خوف کرے اور بسبب ہی لیکر انکو ڈہکا نام باجہ کی آواز سے زیادہ تکلیف دے ❊

۶۵۴۔ جو لوگ وزیر وغیرہ راجہ کی خاندانمین راج لینے کی خواہش رکہتے ہون انکو توڑ پہوڑ سے ملاکر اپنے قابومین کرے اور اُنکو قیافہ سے جانے کہ اپنے قابو مین ہوئے یا نہین ❊

۶۵۵۔ سام دان بہید انمین سے ایک ایک وسیلہ سے خواہ تینوں کے وسیلے سے دشمنونکو فتح کرنیکی واسطے تدبیر کرے نہ صرف جنگ ہی کے وسیلہ سے ❊

۶۵۶۔ کیونکہ جنگ مین فتح ہوتی ہے اور نہین بہی ہوتی ہے اسواسطے جنگ نکرنا چاہئے ❊

۶۵۷۔ جب تین تدابیر مرقومہ بالا نہ چل سکین تب ایسی تدبیر سے جنگ کرے جسکے وسیلہ سے فتحیابی ہو اگر کرے

۶۵۸۔ مجملاً سبکا منشاء سمجہکر اُس راجہ کی نسل مین جو ہو اُسکو اُسی کی گدی پر بٹہلا دے اور یہہ عہد کرا لیوے کہ تمکو ایسا ہی کرنا ہوگا اوس راجہ کو اور اُسکی وزیرونکو سمجہا دے ❊

۶۵۹۔ اُنہونکا جو آچار شاستر کے موافق دہرم سے شامل ہے اُسکو بیان کرے اور معہ پردہان آدمیونکے رتنون سے راجہ کا پوجن کرے ❊

۶۶۰۔ اگرچہ دلخواہ چیز و نکا لینا رنج کا دینے والا ہے اور ان یعنی چیز و نکا دینا خاطر خواہ آرام و عیش کا دینے والا ہے یہہ بات خلقی ہے تاہم خاص وقت پر دینا و لینا اچہا ہوتا ہے اسلئے اُسوقت دان ہی کرنا چاہئے ❊

۶۶۱۔ دیو کرم اور مانس کرم انہین دونون کرمونکے اختیار مین کہ دنیکی لائق جو چیزین ہین انمین دیو کرم تو لائق فکر کرنیکی نہین ہے مگر مانس کرم مین بچار ہے یعنی اِس جنم مین جو کام کرے اُسکو خوب سمجہکر کرے ❊

٦٦٢- اسطریق سے جنگ کرے اور اگر وہ راجہ دوستی کرے تو جاترا کا پھل (یعنی دوست زمین سونا وغیرہ کا ملنا) دیکھکر اُسکے ساتھ ملاپ کرے +

٦٦٣- راج منڈل مین پارشن گراہ اور آکرندا دونون راجاؤنکی صلاح سے جاترا کرے ورنہ بدون مرضی اندونکے جاترا کرنیسے اندیشہ ہے کہ وے دونون فساد برپا کرینگے اسوجہ سے صلاح لیکر جاترا کرنیسے دوست خواہ دشمن سے جاترا کا پھل ملتا ہے +

٦٦٤- زمانہ حال مین کم قوت دوست اور زمانہ مستقبل مین صاحب ترقی و قائم دل دوست کو پاکر راجہ جیسی ترقی پاتا ہے ویسی ترقی سونا و زمین پانیسے نہین پاتا +

٦٦٥- اُپکار اور دھرم کا جاننے والا مستقل کام شروع کرنیوالا اچھی خصلت والا محبت سے بھرا ہوا جو دوست ہے وہ نہایت اچھا ہے +

٦٦٦- جو دشمن نڈر ہے اور بڑے کل مین پیدا ہوا ہے اور شور بیر اور چتر اور داتا اور اپکار جاننے والا اور صابر ہے وہ بڑا کٹھن ہے یعنی وہ قابو مین نہین آسکتا اس بات کو پنڈتون نے کہا ہے +

٦٦٧- جو راجہ اداسین ہے سادہ و زیادہ جاننے والا شور بیر و کرپال و ہر ایک وقت پر بہت دینے والا ہے اُسکی پناہ مین ہوکر دشمن کے ساتھ جنگ کرے +

٦٦٨- جو زمین بے عیب و دھان دینے والی اور ہمیشہ جانورونکی ترقی کرنیوالی ہے اسکو بھی اپنی آتما کی حفاظت کیواسطے ترک کرے (یعنی بدون ترک کرنے ایسی زمین کے آتما کی حفاظت نہو سکے تو بھی اُس زمین کو ترک کرے اور آتما کی حفاظت اور طرح سے کرے) +

٦٦٩- راجہ چور کی چرائی ہوئی چیز کو لیکر سب لوگونکو دیوے یعنی جسکی چیز ہے اسکو دیوے اگر اس چیز کو راجہ

آپ لیلے تو جو پاپ چور کو ہوتا ہے وہ راجہ کو ہووے ٭

۶۷۰ - جات دہرم و دیش دہرم و ہمیشہ کے دہرم وغیرہ دہرم و کل دہرم ان سب دہرمونکو دیکھکر اپنے دہرم کو قائم کرے ٭

۶۷۱ - راجہ اور راجہ کے نوکر ایسے کام کو پیدا نکرین اور مدعی و مدعا علیہ کے عرض کئے ہوئے کام کو دولت
کی حرص سے ترک نکرے (یعنی اُس مقدمہ کا فیصلہ راستی سے کرے) ٭

۶۷۲ - جسطرح شکاری آدمی زخمی ہرن کے بدن سے زمین پر قطرات خون گرنے سے اسکا مقام ڈہونڈہ
لیتا ہے اُسیطرح راجہ خیال سے دہرم پد کو حاصل کرے ٭

۶۷۳ - راجہ طریق بیوہار پر قائم ہوکر راستی و اصل مطلب و آتما (یعنی تجویز وغیرہ) و گواہ و
دیش و روپ و کال ان سبکو دیکھے ٭

۶۷۴ - دہرماتما اچہے دِج لوگون نے جس دہرم پر عمل کیا ہے اُس دیش و کل و ذات کے موافق دہرم کو تجویز کرے ٭

۶۷۵ - قرضہ دینے والے نے راجہ کے روبرو اپنے دئے ہوئے دہن کو ملنے کیواسطے عرض کیا اور گواہ اور تحریر
وغیرہ ثبوت سے اُس قرضہ کو ثابت کیا تو راجہ اوسکے دہن کو قرضدار سے دلاوے ٭

۶۷۶ - جس جس تدبیر سے قرضہ دینے والا اپنے دہن کو پاوے اُس اُس تدبیر سے قرضدار کو پکڑکر راجہ دہن کو دلاوے ٭

۶۷۷ - دہرم و بیوہار (یعنی گواہی و تحریر وغیرہ) و فریب و اجرت (یعنی برت اُپاس) و طاقت
ان پانچون تدبیرون مین سے کسی تدبیر سے اپنے دئے ہوئے دہن کو وصول کرے ٭

۶۷۸ - جو قرض دینے والا اپنے روپیہ کو مقروض آدمی سے بذریعہ تدبیر ذاتی کے وصول کرتا ہے اُسکو
راجہ منع نکرے کہ ہمارے یہان نالش کیون نہ کی آپ اپنی تدبیر سے کیون لیتا ہے ٭

۶۷۹ - مدعی کے عرض کئے ہوئے دعوی ہی مدعا علیہ نے انکار کیا اور مدعی نے گواہی گواہان و پیشی دستاویزات

وغیرہ سے اپنے دعوی کو ثابت کیا تو راجہ قرض دینے والی کے روپیہ کو شخص مقروض سے دلاوے اور بلحاظ حیثیت سزا بھی شخص مقروض کو دیوے ٭

۶۸۰ - عدالت مین حاکم نے شخص مقروض سے کہا کہ قرض دینے والیکا روپیہ دیدو اور مقروض نے جواب دیا کہ ہمنے نہین لیا ہی - اسوقت مدعی گواہی و تحریر وغیرہ وجہ ثبوت کو پیش کرے ٭

۶۸۱ - جس شہر مین مدعا علیہ کا قیام کسیوقت مین بھی ممکن نہین اور مدعی اُس شہر کو کہکر پھر کہے کہ اُس شہر کو مین نے نہین کہا اور وہ مدعی اوّل و آخر خلاف بولتا ہے ٭

۶۸۲ - اور جو کہتا ہی کہ اسنے میرے ہاتھہ سے اسقدر سونا لیا ہی ایسا کہکہ پھر کہے کہ میرے لڑکے کے ہاتھہ سے لیا ہے اور جب بات کو حاکم پوچھتا ہے اسکو ثابت نہین کرتا ٭

۶۸۳ - اور جو خلوت مین گواہون سے گفتگو کرتا ہے اور سوال کو قایم کرنیکے واسطے حاکم سوال کرتا ہی اسکا جواب نہین دیتا اور جو ایک مقام مین قایم نہین رہتا ٭

۶۸۴ - اور جب حاکم نے حکم دیا کہ بولو تب بولتا نہین ہی اور جو بیان کیے ہوئے دعوی کو گواہی و تحریر وغیرہ سے ثابت نہین کرتا اور جو اوّل و آخر بات کو نہین جانتا یہہ سب اپنے مطلب کا نقصان کرتے ہین ٭

۶۸۵ - ہمارے گواہ ہین ایسا کہکر گواہونکو حاضر نہین کرتا ان سببون سے حاکم اسکو ہارنیوالا جانے ٭

۶۸۶ - جو مدعی حاکم کے روبرو کہتا ہی اور مدعا علیہ کے سامنے کچھہ بولتا نہین ہے وہ بیوہار کا بڑا جھوٹا متصور ہوکر قتل و جرمانہ کے لایق ہوتا ہے ٭

۶۸۷ - جو مدعی یا مدعا علیہ جتنے دھن کو جھوٹھہ بنا کر تا ہی اُتنے دھن کا دوچند تاوان دونون سے راجہ لیوے اور یہہ دونون ادہرم کے جاننے والے ہین ٭

۶۸۸ - جب مدعا علیہ عدالت مین آکر کہے کہ ہمنے اسکا دھن نہین لیا ہے تب مدعی حاکم کے روبرو مین سے زیادہ گواہونکے وسیلہ سے اپنے دئے ہوئے دھن کو ثابت کرے ۔

۶۸۹ - جو گواہان صاحب دولت مقدمات مین مقرر ہونے چاہئین اور جیسا وہ گواہ لوگ سچ بولین اس سبکو ہم کہتے ہین ۔

۶۹۰ - ایک ہی زمانہ مین خزانہ کا خالی ہونا اور برکت کا کوپ اور دوست سے رنج واقعہ ہو تو موہ نکرے بلکہ سام وغیرہ جو تدبیرین ہین انمین سے ایک ایک کو یا سبکو کرے ۔

۶۹۱ - تدبیر تدبیر کا بتانیوالا تدبیر کے وسیلہ سے جو چیز حاصل ہوئی ان تینونکا آسرا کرکے حصول مطلب کیواسطے تدبیر کرے ۔

۶۹۲ - سطرح ان باتونکو وزیرونکے ساتھہ بچار کرکے اسکے بعد کسرت یعنی ورزش کرے اور وقت دوپہر غسل کرکے کہانا کہانیکے واسطے محل مین داخل ہووے ۔

۶۹۳ - اپنے برابر کا جاننے والا دولت وغیرہ پانے سے بہید نہ کہولنے والا ایسا جو دوت ہے اور زہر کا دور کرنیوالا جو منتر ہے ان سبکے وسیلہ سے جس غلہ کا امتحان ہو گیا ہو اسکو کہاوے ۔

۶۹۴ - زہر و بیماری کو فنا کرنیوالی جو چیزین ہین انکو سب چیزونمین ملانا چاہئے اور جو جواہر زہر کے فنا کرنیوالے ہین انکو ہر وقت زیب بدن کرنا مناسب ہے زہر آمیز غلہ کو دیکہنے سے چکور نام پرند کی آنکھ سرخ ہو جاتی ہے اسواسطے اسکو غلہ دکہلا کر امتحان لینا چاہئے ۔

۶۹۵ - جو عورت خوبصورت اوصاف زیور پہننے والی اور ایکدل رہنے والی اور امتحان کی ہوئی ہو وہ پنکہا اور پانی اور دہوپ اور اسیسٹ یعنی جہونا ان سب کامونکو کرے ۔

۶۹۶ - اسطریق سے سواری اور پلنگ و نشست و غسل و حجامت وغیرہ سب ساتھہ تدبیر کے کرے *

۶۹۷ - کہانا کہاکر عورتونکی ساتھہ محلونمین بہار کرے اُسکی بعد بوقت موقع پہر امور سلطنت کو دیکھی *

۶۹۸ - پہر زیور اور راج پوشاک کو زیب بدن کرکی پہلوانون اور سواریون اور سلاح خانون اور جواہر خانون اور پوشاک خانونکو بنفس نفیس خود ملاحظہ کرے *

۶۹۹ - وقت شام سندھیا کرکے خلوتگاہ مین مسلح ہوکر دوت و خفیہ گویان کرنیکی لائق کامونکو سُنے *

۷۰۰ - دوسرے استہان مین جاکر وہانکی آدمیونکو حکم دیکر پہر بہوجن کرنیکو عورتونکی محلات مین داخل ہو *

۷۰۱ - پہر تہوڑا کہانا کہاکر شیر کی آواز سے خوش ہوکر خواب مین آرام کرکے کسل و محنت کو رفع کرکے وقت مناسب پر خواب سے بیدار ہو *

۷۰۲ - جو راجہ تندرست ہو وہ اس طریق پر چلے اگر آپ تندرست نہو توان سب امور سلطنت کے کرنیکو وزیرونکو حکم دے *

۷۰۳ - راجہ معہ مشیران سلطنت برہمنان کے مقدمات کی ملاحظہ کی خواہش سے سادی پوشاک پہنکر راج سبہا مین داخل ہو *

۷۰۴ - سبہا مین بیٹھکر خواہ کہڑا ہوکر دہنا ہاتھہ اُٹہاکر سادی پوشاک و زیور پہنکر کارپردازان سلطنت کے کامونکو دیکہے *

۷۰۵ - داد و ستد قرضہ وغیرہ اٹہارہ طرحکے مقدمات مفصلہ ذیل کو ملک و قوم و رواج خاندانی و شاستر سے جانے ہوئے گواہ و سوگند وغیرہ کے وسیلے سے علیحدہ علیحدہ ہر روز غور کرے *

۷۰۶ - اٹہارہ طرحکے مقدمات یہہ ہین داد و ستد قرضہ امانت لاوارثی چیز کا بیچنا شرکت قرضہ

وغیرہ سے انکار کرنا ۔

۷۰۷ ۔ تنخواہ یا اُجرت کا نہ دینا عہد شکنی کرنا خرید و فروخت مین تکرار و رنج پیدا ہونا مالک و نوکر کا جھگڑا ۔

۷۰۸ ۔ تنازعہ حدود اراضی دُشنام دہی مار پیٹ خفیہ چوری ظاہرا رہزنی و ڈاکہ زنی عورت کا زبردستی لیجانا ۔

۷۰۹ ۔ استری پُرش کا دہرم تقسیم حصص شراکت قمار بازی و جنگ جانوران وغیرہ اس پتک مین یہہ اٹھارہ طرح کے مقدمات مقدم رکھے گئے ہین اور سب مقدمات انہین مین شامل ہین ۔

۷۱۰ ۔ راجہ ہمیشہ دہرم کی پناہ مین ہوکر اِن اٹھارہ طرح کے مقدمات مین بہت کارپردازونکے خاص کامونکو غور سے دیکھے ۔

۷۱۱ ۔ ادہرم سے بیدھا ہوا دہرم جس سبھا مین رہتا ہے اور سبھا کی بیٹھنے والے اُس ادہرم کو دور نہین کرسکتے وے سب سبھا کے بیٹھنے والے ادہرم سے بیدھے گئے ہین ۔

۷۱۲ ۔ سبھا مین جانا نچاہیے اگر جانا تو صحیح بات کہنا چاہئے اگر جانکر صحیح نہ بولے یا خلاف بولے تو پاپی ہوتا ہے ۔

۷۱۳ ۔ جہان ادہرم سے دہرم اور جھوٹھ سے سچ مارا جاتا ہے اور دیکھنے والے اسکو دور نہین کرسکتے وہان گویا سبھا کے مالک ہی مارے گئے ہین ۔

۷۱۴ ۔ مارا گیا دہرم مارتا ہے اور حفاظت کیا گیا دہرم حفاظت کرتا ہے دہرم ہمکو نہ مارے اسلئے دہرم کو نہ مارنا چاہئے ۔

۷۱۵ ۔ بھگوان جو دہرم ہے اسکو برکھ یعنی بیل کہتے ہین اور جو اسکو مارتا ہے اسکو برشل کہتے

ہین اسلئے دہرم کو نابود نہ کرنا چاہئے ۔

۷۱۶ - دہرم ہی دوست ہے اور وہی ساتھ جاتا ہی اور زن و فرزند وغیرہ سب جسم کے ساتھ ہی چہوٹ جاتے ہین ۔

۷۱۷ - ادہرم کے چار حصہ ہوتے ہین ایک ایک حصہ کو ادہرم کرنیوالا و گواہ و وزیر و راجہ یہہ چارو پاتے ہین ۔

۷۱۸ - جہان نندا کی قابل آدمی نندا کو پاتے ہین وہان راجہ پاپ سے علیحدہ ہوتا ہی اور سبہا مین بیٹھنے والے وزیر بھی پاپ سے چہوٹ جاتے ہین اور ادہرم کرنیوالے ہی کو پاپ لگتا ہے ۔

۷۱۹ - آواز و صورت و قیافہ و اشارہ وغیرہ علامات بیرونی کے ذریعہ سے آدمیونکے ما فی الضمیر کو جانے ۔

۷۲۰ - صورت و بشرہ و رفتار و گفتار و چہرہ و اشارہ چشم انہونکے وسیلہ سے دلکی بات جانی جاتی ہے ۔

۷۲۱ - لاوارث لڑکی کی دولت کو اسکی چچا وغیرہ لیتے ہون تو اس دولت کو راجہ اسوقت تک اپنے پاس رکھے جبتک اسکا سماورتن کرم نہو اور عہد طفولیت آخر نہو ۔

۷۲۲ - بانجہہ و لاولد و خاندانسے نکالی ہوئی پت برتا و رانڈ و روگنی ان سب کی دولت کی حفاظت راجہ کرے کوئی لینے نہ پاوے ۔

۷۲۳ - ان سبہونکے جیتے جی انکی دولت کو انہونکی رشتہ دارے لیوین تو دہرماتما راجہ اس دولت کے لینے والونکو چورکیطرح سزا دیوے ۔

۷۲۴ - جس دولت کا کوئی مالک نہین ہے اس دولت کو تین سال تک راجہ اپنی پاس رکھے اگر تین سال کے اندر اسکا مالک آوے تو اس دولت کو پاوے اور بعد تین سال کے راجہ آپ لیوے ۔

۷۲۵ - جو آدمی راجہ کے روبرو جاکر کہے کہ یہہ چیز ہماری ہی تو اس سے بابت صورت و تعداد اس چیز

کے سوال کرے جب وہ اُس چیز کی تعداد و صورت کو صحیح بتلاوے تب وہ اُس چیز کو پاوے ❊

۷۲۶ - جب اوپر کہی ہوئی چیز کی تعداد و رنگ وروپ مقام و وقت کو نہ بتلاوے تب اُس
چیز کے برابر سزا پاوے ❊

۷۲۷ - اُس چیز کی چھٹویں دسویں بارھویں حصہ کو بطور خرچ حفاظت کے لیوے اچھے لوگوں کے
دھرم کو خیال کرتا ہوا راجہ حصہ کا تقرر مالک کی بے صفتی و صاحب صفتی کو دیکھکر کرے ❊

۷۲۸ - پڑی ہوئی چیز ملے تو اُسکی حفاظت اچھے لوگوں سے کرا کے رکھے اور راجہ اُسکی چرانے والوں
کو ہاتھی سے مرواوے ❊

۷۲۹ - جو چیز زمین میں گڑی ہو اُسکو راجہ کے روبرو لیجاوے اور کوئی دوسرا آدمی کہے کہ چیز ہماری
ھے اور صورت اور تعداد کے وسیلہ سے جیسی ہو ویسی ثابت کرے تو اُس چیز کو وہی پاوے اور اُس
چیز کا چھٹوان حصہ راجہ لیوے دفینہ کے مالک کی صفت و بے صفتی کو دیکھکر حصہ تعین کرے
صفت والے سے بارھوان حصہ اور بے صفت والے سے چھٹوان حصہ لیوے ❊

۷۳۰ - اگر جھوٹھہ بولے تو اپنی چیز کا آٹھوان حصہ جرمانہ دیوے یا اُس چیز مدفونہ کے حصہ قلیل کے
برابر اپنے گھر سے جرمانہ دیوے اور تعین حصہ کا موافق طریقہ مرقومہ بالا سمجھنا چاھئے ❊

۷۳۱ - اگر پنڈت برہمن چیز مدفونہ کو پاوے تو وہ اُس تمام چیز کو لیوے کیونکہ وہ سب کا مالک ھے ❊

۷۳۲ - اگر راجہ چیز مدفونہ کو خود پاوے تو اُسمین سے آدھا برہمنوں کو دیوے اور آدھا اپنے خزانہ مین رکھے

۷۳۳ - چیز مدفونہ یافتہ کے نصف حصہ کو لینے والا راجہ ہے کیونکہ حفاظت کرتا ہے اور سبکا مالک ھے ❊

۷۳۴ - وقت مصیبت نے تھوڑے پر جو کوئی ملے وہی گواہ تجویز ہوا ایسا سُنا ہے بالکہ عیال دار صاحب اولاد

خاندانی کشتری ویشیہ شودر ذات مدعی کی گواہی دینے کے لائق ہوتے ہین +

۷۳۵ - سب رتونکی کام مین سچ بولنے والے تمام دہرمونکے جاننے والی حرص کہنے والے جو آدمی ہین وے گواہی دینے کے لائق ہوتے ہین اور جو صفات مرقومہ بالا نہ رکہتے ہون اُنکو گواہ نہ کرنا چاہیے +

۷۳۶ - جس مطلب کی بحث ہو اُس سے نسبت رکہنے والا دوست مدد کرنیوالا دشمن اور جسکا عیب سب جگہہ دیکہنے مین آیا ہو اور بیمار سے دکہی اور دوش والا +

۷۳۷ - اور راجہ اور رسوئی بنانیوالا اور نٹ وغیرہ وید پڑہنے والا اور برہم چاری وغیرہ صحبت سے جو نکالا گیا ہے +

۷۳۸ - غلام و نیچ کرم کرنیوالا و چور و برخلاف کرم کرنیوالا و اسی برس سے زیادہ عمر والا و سولہ برس سے کم عمر والا و اکیلا و چانڈال وغیرہ و کوئی ایک عضو نہ رکہنے والا +

۷۳۹ - عورتونکی گواہ عورتین ہووین دُوجونکی گواہ دُوج ہووین شودرونکی گواہ شودر ہووین چانڈال کے گواہ چانڈال ہووین +

۷۴۰ - مدعی و مدعا علیہ کے مطالب کو جو جانتا ہو وہ گواہ ہووے جنگل و گہر اندرونکی اندر جانکشی ان تینون طرح کے مقدمونمین قرض لینے مین جو لکشن گواہونکے کہے گئے انکا آدر نکرنا یعنی اُس مقام پر اُسکی تعمیل نکرنا +

۷۴۱ - اُن تینون مقدمونمین گواہ مرقومہ بالا کی نہونے پر عورت و لڑکے و بڑہے و رشتہ دار و شاگرد و غلام و مزدور یہ سب ہی گواہ ہووین +

۷۴۲ - گواہی مین بالک و بوڑہے و دکہی و ائمت وغیرہ کی بات معتبر نجاننا +

۷۴۳ ۔ زور سے کام کرنا (مثل آتش زنی وغیرہ) اور چوری اور عورت کو زبردستی لیجانا اور سخت زبانی کرنا اور لاٹھی وغیرہ سے مارنا ان مقدمونمین گواہونکا امتحان نہ لینا چاہئے *

۷۴۴ ۔ حالات بچشم دید و بگوش خود شنید مین گواہی دینا ٹھیک ہے اور اسمین سچ بولنے سے دہرم وارتھ کا نقصان نہین ہوتا *

۷۴۵ ۔ جو شخص امر واقعی بچشم دیدہ و بگوش شنیدہ کے برخلاف اچھے لوگونکی سبہا مین گواہی دیتا ہے وہ نیچے سر کیے ہوئے نرک مین جاتا ہے سورگ اسکو نہین ملتا *

۷۴۶ ۔ تم اسمین گواہ ہو اسطرح نہین کہا ہو اور کیفیت مقدمہ کو اسنے دیکہا ہو اسکو طلب کرکے مقدمہ کا حال پوچہا جائے تو جسطرح دیکہا اور سنا ہو اسیطرح بیان کرے *

۷۴۷ ۔ طمع نرکہنے والا ایک آدمی بہی گواہ ہوسکتا ہو اور طہارت رکہنے والی بہت عورتین گواہ نہین ہوسکتین کیونکہ عورتونکی عقل ایک حالت پر قایم نہین رہتی اور جو آدمی عیب دار ہین وہ بہی گواہ نہین ہوسکتے *

۷۴۸ ۔ اپنی طبیعت سے جو بات کہے اسکو قبول کرنا چاہیے (یعنی درج اظہار کرنا چاہئے) اور جو بات سکہلانے سے کہے وہ بیفایدہ ہے اسکو قبول نکرنا چاہئے *

۷۴۹ ۔ راجہ کے حکم سے مقدمہ فیصل کرنیوالا برہمن دربار مین مدعی و مدعا علیہ کے روبرو مطابق طریقہ مندرجہ آیندہ بوسیلہ سام نام تدبیر کے گواہونکو حکم دے *

۷۵۰ ۔ کہ مدعی و مدعا علیہ کے مقدمہ ہذا مین باہم ظہور مین آئی ہوئی حال کو جو کچہہ تم جانتے ہو برستی تمام کہو اس مقدمہ مین تمہاری گواہی ہے *

۷۵۱ - گواہی مین سچ بولنے سے اونچا لوک (یعنی برہم لوک وغیرہ) کو پاتا ہے اور اس لوک مین بڑی نیکنامی کو پاتا ہے اور بانی اسکی ستری برہماجی سے پوجیت ہوتی ہے یعنی برہماجی اسکی تعریف کرتے ہین *

۷۵۲ - گواہی مین جھوٹھہ بولنے سے دوسرے کے قابو مین پڑکر سو جنم تک ورُن دیوتا کے پاس سخت باندھا جاتا ہے اس سے سچی گواہی دینا چاہئے *

۷۵۳ - سچ بولنے سے گواہ پاک ہوتا ہے اور اسکا دھرم ترقی پاتا ہے اسواسطے سب ورنون گواہ کو سچ بولنا چاہئے *

۷۵۴ - آتما کی گت اور گواہ آتما ہی ہے اسلئے سب آدمیونمین اُتّم اپنی آتما ہے اسکا اپمان نکرنا چاہئے *

۷۵۵ - پاپ کرنیوالی یہہ جانتے ہین کہ ہمکو کوئی نہین دیکھتا ہے اور اُس پاپ کو دیوتا لوگ اور اپنے جسم کے اندر رہنے والا پُرش دیکھتا ہے *

۷۵۶ - سورگ بھوم جل ہردے مین رہنے والا جیو آتما سورج چندرما اگن یم راج ہوا رات دونون سندھیا یہہ سب آدمیونکے کرم کو دیکھتے و جانتے ہین *

۷۵۷ - دیوتا اور برہمن کے سامنے گواہان قوم برہمن و کشتری و ویشیہ پاک ہوکر پورب منہہ یا اُتّر منہہ کھڑے ہووین انسے حاکم پاک ہوکر دنکے حصۂ اوّل مین سوال کرے *

۷۵۸ - برہمن اور استری اور بالک ان تینونکو مارنیوالا اور دوست سے دشمنی کرنیوالا اور اپکار کو نہ ماننے والا ان سبکو جو لوک ملتا ہے وہی لوک جھوٹھہ بولنے سے تمکو ملے *

۷۵۹ - جو پُنّیہ تمام جنم مین تمنے کیا ہے وہ سب جہوُٹہہ بولنیسے کُتّہ کو ملے ۔

۷۶۰ - اپنے کو تم ایسا مانتے ہو کہ مین اکیلا ہو سو نہ مانو کیونکہ ہمیشہ سے تمہاری سینہ مین پاپ اور پُنّیہ کا دیکہنے والا منیشور قائم ہے ۔

۷۶۱ - یم راج وویوسوت دیوتا تمہاری دلمین قائم ہو اُسکے ساتھ اگر تمہاری بحث نہو تو گنگا اور کُرکشیتر مین نجاؤ یعنی جہوٹہہ بولنے سے یم راج کے ساتہہ بحث ہوگی تو اُس پاپ کے دور ہونیکے واسطے گنگاجی وکُرکشیتر مین جانا پڑیگا ۔

۷۶۲ - جو گواہ جہوٹہہ بولے وہ برہنہ مونڈ مونڈائے ہوئے بہوکہہ پیاس سے دُکہی اندہا ہو کر بہیکہہ مانگنے کیواسطے کپال لیکر دشمن کے گہر جاوے ۔

۷۶۳ - جو شخص دہرم کے نشچے کر نمین پوچہا گیا اور جہوٹہہ بولا وہ پاپی نیچے سر کئے ہوے بہت اندہیالے نرک مین جاتا ہے ۔

۷۶۴ - جو آدمی دربار مین جاکر رشوت لیکر جہوٹہہ بولتا ہی وہ اندہے کیطرح مچہلی کو مع کانٹونکے کہاتا ہے ۔

۷۶۵ - جس آدمی کے بولتے ہوئے انترآتما شک نہین کرتی ہی اُس سے اچہا دوسرا آدمی کو اس لوک مین دیوتا لوگ نہین جانتے ۔

۷۶۶ - جس کام مین جہوٹہہ بولنے سے گواہ جتنے رشتہ دارونکو مارتا ہی وہ سب اُسے رشی لوگوں سے سُنئے ۔

۷۶۷ - پشُو یعنی چارپایہ کی مقدمہ مین جہوٹہی گواہی دینے سے پانچ پُشت کی فنا کرتا ہی اور گؤکی مقدمہ مین دس پُشت کی اور گہوڑے کی مقدمہ مین سو پُشت کی اور آدمی کے مقدمہ مین ہزار پُشت کی فنا کرتا ہی

۷۶۸ - سونے کی مقدمہ مین جہوٹہی گواہی دینے سے ہوئے اور ہونے والے رشتہ دارونکو فنا کرتا ہے اور زمین کے مقدمہ مین جہوٹہی گواہی دینے سے سبکو نابود کرتا ہے اسلئے زمین کی بابت گواہی دینے مین کبہی جہوٹہہ نہ بولے ❊

۷۶۹ - پانی عورت جماع موتی جواہرات وغیرہ کے مقدمات مین بہی مثل زمین کے جاننا ❊

۷۷۰ - جہوٹہہ بولنے مین اتنے دوشونکو دیکہکر جیسا دیکہا اور سنا ہو ویسا بے محنت بولو ❊

۷۷۱ - قرض وغیرہ کی مقدمات مین تندرست گواہ ڈیڑہ مہینے کے اندر کچھ نہ کہے تو جس مقدمہ مین گواہ ہوا ہو اُس مقدمہ کی قرضہ کو اور اُس قرضہ کی دسوین حصہ ڈنڈ کو دیوے ❊

۷۷۲ - عدالت سے گواہ گواہی دیکر آوے اور سات دنکے اندر بیماری وآگ کا لگنا اور رشتہ دارونکی موت انمین سے کوئی ایک رنج گواہ کو ہو تو وہ اُس قرضہ کو اور اُس قرضہ کے دسوین حصہ ڈنڈ کو دیوے ❊

۷۷۳ - جس مقدمہ مین گواہ نہین ہے اور غور کرنے سے حاکم اصلی بات کو نہین پاسکتا تب آگے لکہی ہوئی سوگند کے وسیلہ سے اصلی بات دریافت کرے ❊

۷۷۴ - دیوتا اور بڑے بڑے رشی لوگوں نے کام کیواسطے سوگند کہائی ہے اور بسوامتر کے جہگڑے مین بشسشٹ رشی نے پیون کے بیٹے سدامان نام راجہ کے روبرو قسم کہائی تھی ❊

۷۷۵ - تہوڑے مطلب مین بہی ناداں آدمی جہوٹہی سوگند نہ کہاوین کیونکہ جہوٹہی قسم کہانے سے اس لوک مین اور پرلوک مین نشٹ ہوتا ہے ❊

۷۷۶ - آگ کو اٹہواوے یا پانی مین ڈباوے اور عورت کی بیٹے کے سر کو چہواوے ❊

۷۷۷ - جسکو آگ نہ جلاوے یا پانی نہ ڈباوے یا جو جلدی دکہہ نہ پاوے اُسکو قسم مین پاک جاننا چاہئے ❊

۷۷۸۔ اگلی زمانہ مین بستیس رشی کے چہوٹے بہائی نے انکو عیب لگایا اور بستیس رشی نے اپنی صفائی کیواسطی آگ کو اٹہایا لیکن تمام دنیا کے عمل نیک و بد جاننے والی اگن نے رشی کا ایک بال بہی نہ جلایا ۔

۷۷۹۔ جو جو کام گواہونکی جہونٹہ بولنے سے صحیح ہو گئی ہین اور پہر پیچہے سی گواہونکا جہونٹہ بولنا ثابت ہو گیا ہی تو اس کام کو غلط سمجہنا چاہئے ۔

۷۸۰۔ لوبہہ موہ ڈر ہتر تا کام کرودہ اگیان لڑکپن ان سببونمین سے کسی ایک سبب کے ہونیسے گواہ لوگ جہونٹہ بولتے ہین ۔

۷۸۱۔ انکی سوائے اور مقامات مین جہونٹہی گواہی دے تو اسکی واسطی خاص سزا سلسلہ وار کہینگے ۔

۷۸۲۔ اگر گواہ لوبہہ سی جہونٹہ بولے تو ہزار پن جرمانہ دیوی اور اگر موہ سی جہونٹہ بولے تو بمقدار پورب ساہس جرمانہ دیوی اور اگر خوف سی جہونٹہ بولے تو بمقدار دو مدہم ساہس جرمانہ دیوی اور اگر بلحاظ دوستی جہونٹہ بولے تو بمقدار چار پورب ساہس جرمانہ دیوی ۔

۷۸۳۔ اگر گواہ کام کے غلبہ سی جہونٹہ بولے تو دش پورب ساہس جرمانہ دیوی اور اگر کرودہ سے جہونٹہ بولی تو بمقدار تین اتم ساہس جرمانہ دیوی اگر اگیانتا سے جہونٹہ بولی تو بمقدار دو سوپن جرمانہ دیوے اور اگر لڑکپن سے جہونٹہ بولے تو بمقدار ایکسو پن جرمانہ دیوے ۔

۷۸۴۔ ادہرم کے بند ہونے اور دہرم کے جاری ہونیکی واسطی پنڈتون نے یہہ ڈنڈ گواہونکے جہونٹہ بولنے مین کہا ہے ۔

۷۸۵۔ کشتری ویشیہ شودر یہہ تینون ورن گواہ ہوکر جہونٹہ بولین تو دہرماتما راجہ سزائے مرقومہ بالا دیکر اپنی راج منڈل سی باہر نکالدی مگر برہمن کو جرم مرقومہ بالا مین صرف اپنی راج

منڈل سے باہر نکال دے اُسکی جائیداد کو ضبط نکرے *

۷۸۶۔ کشتری ویشیہ شودر ان تینوں ورنوں کی ونڈ کے مقامات سوئمبھو بیٹے منُ جی نے کہے برہمن تو بدون پائے سزائے بدنی کے چلا جائے *

۷۸۷۔ عضو تناسل شکم زبان دونوں ہاتھ دونوں پاؤن دونوں کان دونوں آنکھہ ناک جائیداد جسم یہہ دش ونڈ یعنی سزا کے مقام ہین *

۷۸۸۔ دہرم کے خلاف جو سزا ہے وہ جس اور کیرت کو نابود کرتی ہی اور پرلوک مین سُورگ کو بھی چھوڑاتی ہے اسلئے دہرم کے خلاف سزا نہ دینا چاہئے *

۷۸۹۔ جو سزا کی لائق نہین ہے اُسکو سزا دینی سے اور جو سزا کے لائق ہی اُسکو سزا نہ دینے سے راجہ بدنام ہوتا ہے اور نرک مین جاتا ہے *

۷۹۰۔ اوّل تو تمنی اچھا نہین کیا پھر ایسا نکرنا ایسی باتو نسی خوف دینا یہہ پہلا ونڈ ہی اسکے بعد یہہ کہنا کہ تجکو لعنت ہی بڑا پاپی و مورکھہ ہی تیری زندگی نہو یہہ دوسرا ڈنڈ ہی دہن ونڈ تیسرا ونڈ ہے اعضا کاٹ ڈالنا چوتہا ونڈ ہے *

۷۹۱۔ صرف کسی عضو کے کاٹ ڈالنے سے ہی مجرم کو قابو مین نکرسکی تو چاروں ونڈ دیوے *

۷۹۲۔ جگت کے اچھی ہونے کے واسطے تانبا روپا سونا انکی وزن کی مقدار کہی ہی اُس سکو مین کہتا ہون *

۷۹۳۔ جہروکہے مین سورج کی کرن آنے سی جو ذرّہ دیکھہ پڑتا ہی وہ مقدار مین اوّل کہلاتا ہے اوسکو ترسرین کھتے ہین *

۷۹۴۔ آٹھہ ترسرین کا ایک لکشا تین لکشا کی ایک رائی اور تین رائی کی ایک پیلی سرسون ہوتی ہی *

۷۹۵۔ چھ سرسون کا ایک مدھیم جو تین جو کی ایک رتی پانچ رتی کا ایک ماشہ سولہ ماشہ کا ایک سبرن ہوتا ہے ✣

۷۹۶۔ چار سبرن کا ایک پل دس پل کا ایک دھرن ہوتا ہے اب وزن کی مقدار کو کہتے ہین کہ دو رتی کا ایک ماشہ ✣

۷۹۷۔ اور سولہ ماشہ کا ایک دھرن ہوتا ہے اور اسکو پران بھی کہتے ہین سولہ ماشہ نانبا کو تامرک اور کارشاپن کہتے ہین ✣

۷۹۸۔ دش دھرن کا ایک ست مان چار سبرن کا ایک نشک ہوتا ہے ✣

۷۹۹۔ ڈھائی سو پن کا پورب ساہس اور پانسو پن کا مدھیم ساہس اور ہزار پن کا اتم ساہس ہوتا ہے ✣

۸۰۰۔ دربار مین جاکر مقروض کہے کہ قارض کا قرضہ ہمکو دینا ہے تو فیصدی پن پر پانچ پن ڈنڈ دیوے اور اگر کہے کہ ہم قرضدار نہین ہین اور گواہ وغیرہ کی ذریعہ سے مدعی کا دعوی ثابت ہو تو فیصدی پن پر دش پن ڈنڈ مدعا علیہ دیوے یہ منو جی کا حکم ہے ✣

۸۰۱۔ بشسٹ جی کا کہا ہوا سود جو روپیہ کا بڑہانیوالا ہے اسکو ترک کرے اور سو روپیہ کا اسی وان حصہ یعنی فیصدی سوا روپیہ سود ماہواری مقرر کرے ✣

۸۰۲۔ خواہ اچھے لوگو نکا دھرم خیال کرکے فیصدی دو روپیہ ماہواری لیوا سکی لینے سے درندہ پاپی نہین ہوتا ✣

۸۰۳۔ زبردستی سے شے مرہونہ کو تصرف نکرے اگر کرے تو سود کو چھوڑ دے یا جسکی چیز ہے اسکو قیمت دیکر راضی کرے اگر ایسا نکرے تو شے مرہونہ کا چور ہوتا ہے ✣

٨٠٤ - شے مرہونہ براہ محبت استعمال کے لئے کسیکو کوئی چیز امانتاً دیتا ہے دونون قسم کی چیز جو وقت تک طلب کرے اُسیوقت دینا چاہئے یہہ نہ کہنا کہ ابھی نہین دینگے اور بہت دن تک رہنے سے یہہ دونون چیز کالعدم نہین ہو جاتی ہین اصل مالک کی ملکیت قائم رہتی ہے جسکے پاس رکھی ہے وہ مالک نہین ہوتا ہے *

٨٠٥ - گئو اور اونٹ اور گھوڑا اور بیل ان سبکو مالک کی محبت سے جو کوئی استعمال کرے تو جسکی وہ چیزین ہین اُسکی ملکیت زائل نہین ہوتی ہے *

٨٠٦ - کیونکہ استعمال کرنیوالا کہتا ہے کہ یہہ دیوانہ و نابالغ نہین ہے اسکے دیکھتے ہوئے ہمنے استعمال کیا ہے تب وہ کچھہ جواب نہین دیسکتا اسواسطے بیوہار سے وہ خارج ہوتا ہے استعمال کرنیوالا اُس چیز کو پاتا ہے *

٨٠٧ - بدون اجازت مالک کے جو شخص شے مرہونہ کو استعمال کرے وہ سود کو چھوڑ دیوے اُس استعمال کا بھی یہہ پرایشچت ہے

٨٠٨ - جتنا زر اصل ہے اُتنا ہی زر سود ایک ہی دفعہ لینے مین ملتا ہے اور غلّہ اور پہل درخت اور اُون وغیرہ پشمینہ اور بیل وغیرہ ان سبہونکا سود اصل کے چار چند سے زیادہ نہین *

٨٠٩ - ایک یا دو یا تین مہینہ آخر ہونیکے بعد حساب کر ایک ہی دفعہ سود دینا اس طرح تین برس برس آخر سال تک قرض دینے والا سود لیوے اور بعد آخر سال کے اُسکو نہ لیوے اور خلاف شاستر سود نہ لیوے اگر لیوے تو ادہرم ہوتا ہے چکر برده[1] کال برده[2] کارتا[3] کایکا[4] ان سودونکو بھی نہ لیوے کیونکہ یہہ شاستر مین نہین لکھے ہین *

---

[1] سود کا سود چکر برده کہلاتا ہے - [2] دو چند سے زیادہ لینا کال برده کہلاتا ہے - [3] قرضدار نے وقت مصیبت مین تکلیف پاکر دولتمند سے جو قرض لیا وہ کارتا کہلاتی ہے - [4] جسم کی تکلیف سے جو نتیجہ ملتا ہو وہ کایکا برده کہلاتی ہے جیسے سود لینے کیواسطے گؤ یا بیل کو رہن کرنا اسکا دہنا اور سواری کرنا بجائے سود کے ہے زیادہ دہنے یا سواری کرنیسے کایکا بھی ناجائز ہے -

۸۱۰ - قرضدار کو ادائے قرضہ کی طاقت نہین ہی اور تمسک جلد بد لکھنا چاہتا ہی تو سود دیکر دوسرا تمسک لکھ دے ٭

۸۱۱ - اور اگر سود دینی کی بہی طاقت نہو تو معہ اصل و سود کے دوسرا تمسک لکھدے ٭

۸۱۲ - جو آدمی جس آدمی کا حاضر ضامن ہوا اور بلانیکے وقت اسکو حاضر نہین کرتا وہ اپنی جایداد سے اُس قرضہ کو ادا کرے ٭

۸۱۳ - مال ضامن کے مرنیکے بعد اسکا بیٹا اُس قرضہ کو دیوی جس قرضہ کے دینی کیواسطی اسکا باپ ضامن ہوا ہی اور حاضر ضامن کے مرنیکے بعد اسکا بیٹا طلب کے وقت قرضدار کو حاضر نہ کرے ٭

۸۱۴ - حاضر ضامن اعتبار ضامن یہہ دونوں قسم کے ضامن بمقدار قرضہ روپیہ لیکر ضامن ہوئے ہون اور ضامن ہوکر پہر مرگئے ہون تو قرضہ دہندہ اپنا قرضہ وصول کرنیکی خواہش کسسے کرے ضامن تو مرگیا اور اسکے بیٹے سے لینی کی ممانعت پہلے کر چکے یہہ اعتراض کرکے کہتے ہین ٭

۸۱۵ - کہ جو مال لیکر باپ ضامن ہوا ہے اُسی جایداد سے ضامن کا بیٹا قرضہ ادا کرے ٭

۸۱۶ - یہہ ہمکو کرنا ہی ایسا لکھکر قائم کیا اور وہ جب شاستر مین لکہی ہوئی دہرم اور قدیم سے چلے آئے اچھے بیوہار سے خلاف ہووے تو درست نہین ہے یعنی اُس بیوہار کو کرنا نچاہئے ٭

۸۱۷ - چہل کرکے جو رہن و بیع و دینا و لینا ہی سو سب نبرت ہو جاتا ہی اور جس کام مین چہل جانا گیا وہ سب نبرت ہوتا ہے ٭

۸۱۸ - قرضدار قرض لیکر عیال و اطفال کے اوپر خرچ کرکے مرگیا تو اُس قرضہ کو اسکے بہائی و بیٹے وغیرہ ادا کرین ٭

۸۱۹ - اپنے دیش مین یا پردیش مین کوٹمب کیوسطے دا سنے ہی جس بیوہار کو کیا اُس بیوہار کو مالک خانہ نہ توڑے بلکہ منظور کرے ✤

۸۲۰ - بل سے دیا ہوگ کرنا منک لکہانا وغیرہ ایسی باتو نسے جتنے کام کیئے گیے ہین وہ سب ستہ نہین ہوتے

۸۲۱ - راجہ اگر چہ بے زرہو لیکن جو چیز لینے کے قابل نہین ہو اُسکو ہرگز نہ لیوے اور اگرچہ بڑا دولتمند ہو لیکن جو چیز چہوٹی بہی لینے کے قابل ہو اُسکو لیوے ✤

۸۲۲ - لینے کی لائق چیز کو لینے سے اور ہمقوم کا ہمقوم کیساتھ شاستر کے موافق شادی وغیرہ نسبت کرانیسے و کم قوت رعایا کی حفاظت کرنیسے راجہ کو قوت ہوتی ہے اور وہ راجہ اس لوک اور پرلوک مین بڑہتا ہے ✤

۸۲۳ - اسلیئے راجہ مانند یم راج کے مرغوب و نامرغوب کو ترک کر کے کرودہ و اندریونکو جیت کر رہے ✤

۸۲۴ - جو راجہ موہ سے ادہرم کر کے کام کو کرے اُس دُراتما راجہ کو دشمن لوگ اپنے قابو مین کر لیتے ہین ✤

۸۲۵ - جو راجہ کام کرودہ کو چہوڑ کر دہرم سے مطلب کو دیکہتا ہے اُسکے پیچہے سب رعیت رہتی ہے جیسے سب ندی سمدر کے پیچہے رہتی ہین یعنی سمدر مین جا کر پہر اُس سے علیحدہ نہین ہوتی اسیطرح اُس سے رعیت علیحدہ نہین ہوتی ✤

۸۲۶ - جو قرض دینے والا قرضدار سے اپنے دیئے ہوئے دہن کو اپنے زور سے لیتا ہے اور قرضدار راجہ کے پاس جا کر نالش کرے تو راجہ اُس قرضہ کا چوتہا حصہ تاوان آپ لیوے اور قرضہ دہندہ کو زر قرضہ دلاوے ✤

۸۲۷ - کُلین سادہو (یعنی خاندانی عابد) و آچار کرنیوالا و دہرم جاننے والا و سچ بولنے والا و بہت

بیٹے پوتے والا و دولتمند جو آدمی ہے اُسکی پاس امانت کو رکہنا چاہئے ؛

۸۲۸ - جو آدمی جس آدمی کے ہاتھہ مین جس چیز کو جسطرح دیوی وہ اُس سے اُس چیز کو اُسی طرح لیوے جیسا دینا ویسا لینا ؛

۸۲۹ - گواہ کے نہونے مین امانت مین خیانت کرنیوالا شخص اگر لیان حکمہ یا مالک کو اگر چیز امانت نشٹ ہنین دیتا ہے تو اُسکی پاس کچھ سونا رکہا کرے ؛

۸۳۰ - اور جبکہ اہالیان دربار یا وکیل کو جنہون نے سونا وغیرہ کوئی چیز امانت رکہی ہی اُنکو بہی وہ امانت وارنہ دیوی تو اُس سے دونون امانت کو راجہ لیوی یہہ بات دہرم مین داخل ہے ؛

۸۳۱ - کوئی آدمی کچھ امانت رکہکر مر گیا تو جسکی پاس شئی امانت ہی وہ از خود اُس چیز کو اُسکے سپرد کری جسنے متوفی کے مال پر قبضہ پایا ہوا ور متوفی کے بیٹے وغیرہ اور راجہ وہ دونون اُس سے دوسری چیز نہ طلب کرین (یعنی یہہ نہ کہین کہ دوسری چیز بہی تمہارے گہر امانت رکھی ہی سکو بہی دو)

۸۳۲ - دسام نام تدبیر جو فریب سے علیحدہ ہی اُسکے ذریعہ سے براہ محبت جسکی پاس امانت رکہی گئی ہے اُسکی اچہرن کو بچار کرکے اپنا مطلب حاصل کرے ؛)

۸۳۳ - امانت کا طریقہ بیان کیا اور بند چیز کو جیسا لے ویسا ہی دے اشرفی کو توڑ کر اسمین سے کچھہ نہ لیوے تو کچھ دوش ہنین پاتا ؛

۸۳۴ - امانت رکہی گئی چیز چوری گئی ہو یا پانی مین بہہ گئی ہو یا آگ مین جل گئی ہو تو جسکے پاس رکہی گئی ہو وہ نہ دیوے لشرطیکہ اسمین سے کچھ نہ آپ لی ہو ؛

۸۳۵ - شئی امانت کو لینی والا اور بدون امانت رکہی کے اُسکو مانگنی والا ان دونونکو ویدمین جو قسم

اور تمام تدبیرین لکھی ہین اُنکے وسیلہ سے اصل مطلب کو جاننے ❊

۸۳۶ - جو شخص شئے امانت کو نہین دیتا اور جو بدون رکھنے کے امانت کو مانگتا ہی دونون کو چور کیطرح سزا دینا چاہئے یا شئے امانت کے برابر تاوان لینا چاہئے ❊

۸۳۷ - سرکشادہ و سر مہر ان دونون قسمونکی امانتونکو جو نہین دیتا ہی اُسکو ان دونون قسم کی امانت کی برابر تاوان دینا چاہئے ❊

۸۳۸ - جو شخص فریب کر کے کسی کی دولت لیتا ہی اُسکو مع سب مددگاران اُس شخص کے سب آدمیونکے روبرو انواع و اقسام کی سزا دیکر مارے ❊

۸۳۹ - کل کی موجودگی مین جتنی امانت رکھی ہو اُسمین خلاف بیان کرے تو اُتنا ہی تاوان دیوے ❊

۸۴۰ - جسنے بغیر گواہ کے دیا تو وہ بے گواہی لیوے کیونکہ جیسا دینا ویسا لینا ❊

۸۴۱ - جو چیز دکہلا کر شمار کر کر کسیکے پاس امانت رکھی گئی اور جو چیز بند یعنی بدون دکہلانے و شمار کرانیکے کسیکے پاس امانت رکھی گئی اور جو چیز محبت سے دیگئی ان تینون قسم کی تحقیقات راجہ اسطرح کرے کہ جسمین امانت رکھنے والیکو رنج نہ پہونچے ❊

۸۴۲ - جسکی چیز اُسکی صلاح بدون دوسرا شخص اُس چیز کو فروخت کرے تو اُسکو گواہ نکرنا چاہئے کیونکہ وہ چور ہے اگرچہ وہ اپنے کو چور نہین مانتا ❊

۸۴۳ - جو شخص چیز کا مالک نہین ہی اور اُسنے اوسکو دیدیا یا مول لیا یا فروخت کیا تو وہ بیوہار کے طریقہ مین جائیز نہین ہوتا ❊

۸۴۴ - جسنے مول لیا ہو اُسکو دکہلا نہین سکتا اور سبکے روبرو مول لینا ثابت کرتا ہی تو اُسکو راجہ

سنرا دیوے اور مول لی ہوئی چیز کو جسکی چیز برباد ہوئی ہو وہ مالک پاوی جتنے روپیہ وہ چیز مول لیگئی اتنا روپیہ مول لینے والے کا گیا ٭

۸۴۵ - زعفران وغیرہ چیز ومین کسم ملاکر فروخت نکرنا اور ناکارہ چیز کو اچھی کہکر فروخت نکرنا وزن مین کم نہ تولنا روبرو دینا اور رنگ سے اچھا بناکر فروخت نکرنا ٭

۸۴۶ - اور کنیا دکہلاکر دوسری کنیا دیوی تو وہ وواہ کرنیوالا ایک ہی شلک (معاوضہ) سے دونون کنیا کا وواہ کرے یہہ منجی نے کہا ہے ٭

۸۴۷ - جو کنیا پاگل سیدہی یا کوڑھن ہی یا مباشرت مین باعیب ہے اسکا وواہ بدون اسکے عیوب ظاہر کئے ہوئے کرد یوے تو اس کنیا کا دینیوالا سزا کے لائق ہے ٭

۸۴۸ - کسی نے کسی مانگنیوالے کو دہرم کیواسطے کچہہ دیا اور وہ لیکر دہرم مین کچہہ نہین لگاتا تو اُس دولت کو اُس سے دا تا پہیر لے ٭

۸۴۹ - دی ہوئی چیز کو واپس لینے کے طریق کو کہا اب اسکے بعد مزدور کی مزدوری نہ دینے کے طریق کو کہتے ہین ٭

۸۵۰ - صحیح وسالم آدمی نے ایک کام کو کرنا قبول کیا اور اہنکار یعنی خودی سے نہین کرتا ہی تو راجہ اُس سے آٹھ رتی سونا تاوان لیوے اور مزدوری اُسکو نہ دلاوے ٭

۸۵۱ - کام کرنیوالا آدمی بیماری مین مبتلا ہو کر کام کو ترک کر ہی اور تندرست ہو کر پہر کام کرے تو پچھلے دنونکی بہی مزدوری پاوے ٭

۸۵۲ - بیمار ہو یا تندرست ہو کام کرنیوالا جس کام کو قبول کرکے اُس کام کو کرتا ہی اور وہ کام پورا

ہونیسی تہوڑا رہگیا ہو اُسکو نہ آپ کرتا ہو نہ دوسرے سے ختم کراتا ہو تو اُسکو بھی کچھہ نہ دینا چاہئے ❊

۸۵۳ - مزدوری نہ دینے کی طریق کو کہا اب اسکے بعد کوئی کام کرنے کی صلاح کرکے اُسکو نہین کرتا اُسکا دہرم کہتے ہین ❊

۸۵۴ - جو آدمی گانون وملک وعلاقہ کی صلاح کو راستی سے کرکے پہر طمع سے اُسکو نہین کرتا ہے اُسکو راج سے باہر نکال دینا چاہئے ❊

۸۵۵ - پکڑ کر اُس سے چار سُبرن چھہ نشک ایک ست مان (یعنی ۳۲۰ رتی) چاندی تاوان لیوے اور تعین حصہ معاملہ کی خوردی وبزرگی منحصر کرکے ایک ایک کو پاسکو لینا ❊

۸۵۶ - دہرماتما راجہ گرام جات کی سمُوہ مین صلاح چہوڑنے والونکی اس ڈنڈ کو بدہ کرے ❊

۸۵۷ - کسی چیز کو مول لیکر یا فروخت کرکے پچہتاوے (یعنی کچھ اچہا نہ بیچا یا اچہا نہ مول لیا ایسا کھے) تو دش دن کے اندر پہیر پہار کرے ❊

۸۵۸ - دش دنکے بعد پہیر پہار نہین ہوتا اور اگر کرے تو چھ سو پن ڈنڈ دیوے ❊

۸۵۹ - جو شخص عیب دار لڑکی کا عیب نہ کہکر اسکا وواہ کرے وہ چہیانوے پن تاوان دیوے ❊

۸۶۰ - دشمنی سے کنیا کو باعیب کہے اور اُس عیب کو ثابت نکرے تو سو پن ڈنڈ دیوے ❊

۸۶۱ - دنمین گو چرانے والے کے پاس گو مفوضہ مالک کی حفاظت نہوسکے تو وہ گو چرانیوالا ملزم ہوتا ہے اور رات مین مالک کے گہر مین اہیر کی سپرد کی ہوئی گائے کی حفاظت نہوسکے تو مالک ملزم ہوتا ہے اگر رات مین بھی اہیر کے گہر گئو رہے اور اُسکی حفاظت نہوسکے تو اہیر ہی ملزم ہوتا ہے ❊

۸۶۲ - جس اہیر کی مزدوری کچھ مقرر نہین ہوئی وہ مالک کی صلاح سے دس گئو چراوے تو ایک اچھی

گئو کا دودھ لیوے ÷

٨٦٣ - جو گئو گم ہو جائے یا کیڑا اُسکو کہا جائے یا کُتا مار ڈالے یا ٹیڑھی زمین مین گر کر یا اھیر سے علیحدہ ہو کر مر جائے تو اُسکا تاوان اہیر دیوے ÷

٨٦٤ - آواز دیکر چور لیجائے تو اُسکو اہیر نہ دیوے بشرطیکہ اُسیوقت مالک کو خبر کرے ÷

٨٦٥ - مر جانے پر گئو کے اعضا کو مالک کو دکھلاوے اور گئو کا کان اور چمڑا اور بال لبست (یعنی حصہ رگ زیر ناف) اِن سبکو گئو کے مالک کو دیوے ÷

٨٦٦ - بکری یا بھیڑی کو بھیڑیا نے گہیرا اور اُسوقت اہیر نہین آیا اور زبردستی سی بھیڑیے نے بکری یا بھیڑی کو مارا تو اھیر پاپی ہوتا ہے ÷

٨٦٧ - اہیر کی حفاظت مین ہو کر جنگل مین چرتی ہوئی بکری یا بھیڑی کو شیر نے اچہل کر مارا تب اہیر کا دوش نہین ہے ÷

٨٦٨ - گئو کے چرنیکے واسطے گانونکے چارونطرف سو دھنش (یعنی چار سو ہاتھ) تک زراعت نکرنا یا ہاتھ سے لاٹھی پھینکنا جہان جاکر لاٹھی گرے اُتنی زمین کی سہ چند زمین تک کھیتی نکرنا اور شہر کے چارونطرف زمین مرقومہ بالا کا سہ چند چھوڑنا ÷

٨٦٩ - احاطہ نہ کہنچی والی غیر مزروعہ زمینکے روبرو جو دھان ہی اُسکو چارپایہ برباد کرے تو راجہ اہیر کو سزا ندیوے ÷

٨٧٠ - احاطہ ایسا بناوے کہ جسکو اونٹ نہ دیکھ سکے تمام سوراخونکو بند کردے جسمین کتا یا سوئر کا مُنہہ اُسمین نہ جا سکے ÷

۸۷۱ - راستہ کی پاس کا کہیت یا گانونکی پاس کا کہیت احاطہ نہ رکہتا ہو اور اُس کہیت کی چیز کو چارپایہ نے برباد کیا ہو - تو اُسے سزا نہین وندڈ دیوے اور جب چارپایہ کی ساتھ اُسیر نہو اُسکو اُنکے کہیت سے نکالدے *

۸۷۲ - راستہ اور گانونکی متصل والے کہیت کے سوائے دوسری کہیت مین چارپایہ اُس کہیت کی چیز کو برباد کرے تو چرواہا سو پن ونڈ دیوے اور جرم کے موافق مالک چارپایہ یا چرواہا یقیناً حاصل اراضی مالک زمین کو دیوے *

۸۷۳ - چرواہا ساتھ ہو یا نہو ایسی گئو کو بچہ جنے ہوئے دش دن گذری ہوں اور شونکی اندر رہتے کہیت کو برباد کرے یا سانڈ کہیت کو برباد کرے تو سزا کے لائق نہین ہے یہہ منُ جی نے کہا ہے *

۸۷۴ - بٹائی کے کہیت کی غلہ وغیرہ کو کاشتکار کے چارپایہ نے کہالیا ہو یا وقت تردد کے تخم ریزی نہ کی ہو تو جسقدر منافع سرکاری کا نقصان ہوا ہو اسکا دش گنا تاوان دلوے اور اگر کاشتکار کے نوکرونکی بیوقوفی سے اُسکی زراعت کا نقصان مطابق بیان بالا کیا ہو تو نوکر پنج گنا تاوان دیوے *

۸۷۵ - مالک و چرواہا و چارپایہ اُنہونکی جہگڑے مین اسطرح کی بدہ دہرما تما راجہ کرے *

۸۷۶ - دو گانونکی حدود کی جہگڑے کی تصفیہ کو جیٹھ کے مہینہ مین بروقت ظاہر ہونے نشانات حدود کے کرے *

۸۷۷ - برگد پیپل ڈہاک سینبہل سال تال شیر دار درخت انمین سے کسی ایک کو حدود کے درمیان لگانا چاہئے *

۸۷۸ - جہاڑی و بانس و انواع اقسام کم و زیادہ کٹیلے درخت و اونچی زمین و ٹیڑہی جہاڑی انمین سے کسی ایک کو حد کے درمیان لگانا چاہئے اِس سے حد کا نشان مٹتا نہین ہے *

۸۷۹ - تالاب و چاہ و باولی و جہرنا و دیواستہان انمین سے کسیکو حدود کی مینڈہ مین قایم کرنا چاہئے *

۸۸۰ - حدود کی پہچان مین آدمیونکو الٹ پلٹ دیکھکر اور بہی پوشیدہ نشانات قایم کرنا چاہئے ٭

۸۸۱ - پتھر ہڈی گئو کے بال بہوسا راکہ ٹھیکرا کرسی اینٹ کویلا کھپرا بالو ٭

۸۸۲ - جنکو بہت دن تک زمین نہ کہائے ایسی جو چیزین ہین اُن سبکو حد کے اندر رکھنا چاہئے یہہ پوشیدہ نشانات ہین ٭

۸۸۳ - یہہ سب نشانات اور زمانہ ماضی مین قبضہ و تصرف اور نالہ وغیرہ پانی کا راستہ ان سبب کے وسیلہ سے راجہ حدود کی تنقیح و تصفیہ کرے ٭

۸۸۴ - جب نشان کے دیکھنے مین شک ہو تب گواہونکی بیانات سے متنازع حدود کی تنقیح و تصفیہ کرے ٭

۸۸۵ - گانونکے آدمیون اور فریقین کے روبرو گواہان سے نشانات حدود پوچہنا چاہئے ٭

۸۸۶ - وے سب ایک صلاح ہو کر جیسا تصفیہ کرین اوسی طرح حدبندی کرے اور اُن سب گواہونکا نام بہی تصفیہ حدود کے کاغذ پر لکہے ٭

۸۸۷ - وے سب گواہ پہولونکی مالا اور لال کپڑے پہنکر سر پر مٹی کا ڈہیلا رکہکر اور تنقیح کرنیوالے سے ایسا کلام (کہ نشان دروغ دکہلاوے تو تمہارا اپنا جاتا رہیگا) سنکر جیسون کا تیون حد کی تنقیح کرین ٭

۸۸۸ - واجبی تنقیح کرین تو بوجہ راست بیانی کے پاک ہو جاتے ہین ور غلط تنقیح کرین تو ہر ایک دو سو پن تاوان دے ٭

۸۸۹ - گواہ بہی نہ ملین تو گانونکے چارونطرف کے رہنے والے مین سے چار آدمی نیک تدبیر سے راجہ کے روبرو حد کی تنقیح کرین ٭

۸۹۰ - گانونکے رہنیوالے بہی نہ ملین تو جو لوگ در آبادی گانو نسے پشت در پشت سے گانونکے رہنیوالے ہون اُنسے تنقیح حدود کرانا چاہئے یہہ بہی نہ ملین یا تنقیح نکر سکین تو جنگل کے رہنیوالونکو تنقیح کیواسطے حکم دینا چاہئے ٭

۸۹۱ - شکاری و پرند پکڑنیوالی و گئوچرانیوالے و مچھلی بیچنے سے اوقات بسر کرنیوالی و کند مول اکھاڑ کر بیچنے والی و سانپ پکڑنیوالی و انچھہ سے اوقات بسر کرنیوالی و جنگل کے رہنیوالے یہہ سب اسی مطلب کیواسطے اُس گانوکے نسی ہر وقت جنگل کو جاتے ہوئے اُس گانونکی حد کو جاننیوالے ہوتے ہین ✤

۸۹۲ - وقت استفسار کے یہہ سب جیسا نشان حد کا بیان کرین اُسیطرح راجہ دہرم سے دونون گانونکی حدود قایم کرے ✤

۸۹۳ - کہیت کنوان تالاب باغیچہ گہران سبہونکی حد کی تنقیح گانوں والونکی بیانسے جاننا چاہئے ✤

۸۹۴ - گانون والے جہوٹہہ بولین تو راجہ ایک ایک کو مدہم ساہس ڈنڈ دیوے ✤

۸۹۵ - گہر تالاب باغیچہ کہیت ان سبکو خوف دکہاکر چہیننیوالے کو پانسو پن ڈنڈ دیوے اور اگیان سے چہین لینے والیکو دوسو پن ڈنڈ دیوے ✤

۸۹۶ - نشان و گواہ وغیرہ مرقومہ بالاکے نہونیمین جو دہرم جاننیوالا راجہ اُس شخص کو زمین دیوے جسکا اُس زمین کے پالنے سے بہت اپکار ہوتا ہو یہہ شاستر کی مرجاد ہے ✤

۸۹۷ - یہہ سب تنقیحین حدود کی کہی گئین اسکے بعد سخت گُفتاری کی جرم و سزا کی تنقیح کرینگے ✤

۸۹۸ - ہمقوم مین سخت گُفتاری مرقومہ بالاکے کہ جنمین بارہ پن اور جو بات کہنیکے لایق نہین ہے اُسکے کہنے سے چوبیس پن ڈنڈ ہوتا ہے ✤

۸۹۹ - اب یکسان ذات مین ڈنڈ کہتے ہین کہ جو شخص کسیکو غرور سے کہے کہ تمہارا ایسا نہین ہے تم اس مُلک مین پیدا نہین ہوئے تمہاری یہہ ذات نہین ہے تمہارا جنیئو وغیرہ نہین ہوا ایسا غرور سے کہنیوالا دوسو پن ڈنڈ دیوے ✤

۹۰۰ - جو کانا یا لنگڑا ہی اُسکو اِستی سے بہی کانا یا لنگڑا نہ کہنا چاہئیے اور جو کہی کہے تو ایک کارشاپن ڈنڈ دیوے ٭

۹۰۱ - ماتا پتا استری بہائی بیٹا گرو اِن سبکو اگر ایسا کہے کہ تم پاتکی ہو اور گرو کو راہ نہ دیوے تو سو پن ڈنڈ دیوے ٭

۹۰۲ - برہمن کو کشتری یا کشتری کو برہمن کلمات حقارت آمیز باواز بلند کہے تو برہمن کو پورب ساہسر ڈنڈ اور کشتری کو مدہیم ساہس ڈنڈ دیوے ٭

۹۰۳ - سخت گفتاری کی سزاؤن کا بیان کیا اسکے بعد مار پیٹ کی سزاؤن کا طریق کہتے ہین کہ ٭

۹۰۴ - کوئی آدمی دانستہ خواہ نادانستہ کسیکی دولت برباد کرے تو اُسکو اُسکی خوش کرے اور اُس دولت کے برابر راجہ کو ڈنڈ دیوے ٭

۹۰۵ - بیل کے ناتھ کی رسّی اور جوا ٹوٹ گیا ہو یا اونچے نیچے ہونیسے رتھ وغیرہ ٹیڑہا ہو گیا ہو رو برو آیا ہو رتھہ کا پایہ کے اندر کی لکڑی ٹوٹ گئی ہو رتھ کا پایہ ٹوٹ گیا ہو ٭

۹۰۶ - باندھنے کا چمڑا یا پایہ کے گلے کی رسّی کو راسہ سب ٹوٹ گئے ہون اور آواز بلند سے سارتھی (یعنی رتھ ہانکنے والا) نے پکارا ہو کہ ہٹ جاؤ تو رتھ یا سارتھی مالک رتھ انمین سے کسیکو ڈنڈ نہ دینا چاہئیے ٭

۹۰۷ - جس مقام پر رتھ سارتھی کے قصور سے جیسا چلنا چاہئیے ویسا نہین چلتا ہے اور اُس چال سے کوئی مر گیا ہے تو اُس مقام پر بدون سیکہے ہوئے سارتھی کو رتھ پر نوکر رکہنے سے مالک رتھ کو دو سو پن ڈنڈ دیوے ٭

۹۰۸ - سارتھی رتھ ہانکنے مین ہوشیار ہو اور رتھ سے کوئی مر گیا ہو تو دو سو پن ڈنڈ سارتھی کو دے سارتھی ہوشیار نہو اور رتھ سے کوئی مر گیا ہو تو بدون سیکہے ہوئے سارتھی کو رتھ پر مقرر کرنیسے مالک رتھ و سارتھی

ورتھ کا سوار یہہ سب سَو سَو پن ڈنڈ دیوین ٭

۹۰۹ - سارتھی کے روبرو دوسرا رتھہ آیا خواہ بہت گئو وغیرہ چارپایہ روبرو آئے اور انہونسے رتھہ رک گیا اور سارتھی اپنے رتھہ کو پیچھے لیجانیکی قدرت نہین رکھتا ہے اور گھوڑی کو کوڑا مار کر آگے لیجاتا ہے اِسمین کوئی مر گیا تو اسپر نکرنا سارتھی کو ڈنڈ دینا ٭

۹۱۰ - چور و نکو سزا دینے مین بڑی تدبیر کرے اُسسے اس راجہ کا یش (نیکنامی) اور راج ترقی پاتا ہے ٭

۹۱۱ - رعیت کو بیخوف کرنیوالا راجہ ہر ایک وقت پر لائق تعظیم ہوتا ہے اور ہمیشہ اُس راجہ کی بیخوف دکشنا والی یگیہ بڑھتی ہے ٭

۹۱۲ - چارونطرف سے رعیت کی حفاظت کرنیسے رعیت کے دہرم کا چھٹوان حصہ راجہ پاتا ہے اور حفاظت نکرنیسے اُسکے ادہرم کا چھٹوان حصہ پاتا ہے ٭

۹۱۳ - رعیت کی حفاظت کرنیسے رعیت کے کئے ہوئے پاٹھ و یگیہ و دان و پوجا کی چھٹوین حصہ کو راجہ پاتا ہے ٭

۹۱۴ - دہرم سے سب جانداروں کی حفاظت کرتا ہوا اور قطع اعضا خواہ قتل کے لائق مجرمونکو سزا دیتا ہوا راجہ لاکھ دکشنا والی یگیہ کو ہر روز کرتا ہے ٭

۹۱۵ - جو راجہ بدون حفاظت کرنے رعیت کے عیایا سے محصول غیرہ لیتا ہے وہ راجہ جلد نرک مین جاتا ہے ٭

۹۱۶ - جو راجہ رعیت کی حفاظت نہین کرتا اور رعیت سے اپنا حصہ یعنی محصول لیتا ہے وہ تمام آلائش و آغور کو لیتا ہے ٭

۹۱۷ - مرجاد کو چھوڑنیوالا اور ناستک (یعنی پرلوک کو نہ ماننے والا) اور لوٹنے والا اور رعیت

کی حفاظت نکرکے اپنا محصول لینے والا جو راجہ ہے وہ نرک مین جاتا ہے ؞

٩١٨ - روکنا اور باندھنا اور انواع اقسام کی سزائے بدنی دینا ان تینون سزاؤن سے بوسیلہ تدبیر نیک مجرمونکو سزا دیوے ؞

٩١٩ - مجرمونکو سزا دیکر اور سادہ مہاتماؤنکی حفاظت اور رکچھیہ کرنیسے راجہ مانند برہمن کشتری و ویشیہ کے پاک ہوتا ہے ؞

٩٢٠ - اپنا بھلا چاہنے والا راجہ مدعی و مدعا علیہ اور بالک و بوڑھے اور دکھی آدمیونکی باتون کی برداشت کرے جو کہ رنج کی حالت مین کہتے ہون ؞

٩٢١ - مصیبت زدہ کی نالائق باتونکو سنکر جو برداشت کرتا ہے وہ سورگ مین عزت پاتا ہے اور جو حکومت کے خیال سے برداشت نہین کرتا وہ نرک مین جاتا ہے ؞

٩٢٢ - جسطرح ہنسہ کرنیوالے سورگ مین جاتے ہین اسیطرح پاپ کرنیوالے راجہ سے سزا پاکر پاک و صاف ہوکر سورگ مین جاتے ہین ؞

٩٢٣ - کنوئین پر سے رسّی اور گھڑا چرانیوالا و پوسالا کو گرانیوالا ایک ماشہ سونا تاوان دیوے اور گھڑے اور رسّی کو اسی کنوئین پر رکھ دیوے ؞

٩٢٤ - دس کنبھہ[۱] سے زیادہ غلہ چراوے تو اسکو سزائے بدنی دینا مگر چور و مالک مال کی حیثیت دیکھکر تنبیہ و قطع اعضا و قتل کی سزاؤنکو دینا چاہئے اگر اس مقدار سے کم چراوے تو مال مسروقہ کا گیارہ گنا تاوان دینا چاہئے اور شئے مسروقہ کو مالک پاوے ؞

[۱] (۲۰۰ دو سو گنڈے پیسے کے وزن کو درون کہتے ہین اور ۲۰ درون کا ایک کنبھہ کہلاتا ہے)۔

٩٢٥- اگر اشیاء مرقومہ بالا پچاس گنڈہ سے اوپر اور سو گنڈہ کے اندر ہو تو اسکو چرانے مین ہاتھ
کاٹنا اور پچاس گنڈہ کے نیچے جتنا ہو اسکا گیارہ گنا تاوان دیوے ॰

٩٢٦- خاندانی آدمی یا بڑے خاندان کی عورت یا عمدہ جواہرات انہو مین سے کسی ایک چیز کے چرانے
یا غائب کر دینے مین قتل کرنا ॰

٩٢٧- ہاتھی گھوڑا بھینس گئو ہتھیار ادویہ ان سبہو مین سے کسی ایک کے چرانے مین قحط وغیرہ
زمانہ و مطلب کو دیکھکر تنبیہہ و قطع اعضا و قتل کی سزا راجہ دیوے ॰

٩٢٨- اور بانس کے ٹکڑے کا بنا یا ہوا پانی کا برتن اور مٹی کا برتن و مٹی و راکھ و نمک ॰

٩٢٩- و مچھلی و پرند و تیل و گھی و گوشت و شراب و اقسام مرگ چرم و شاخ گوزن وغیرہ ॰

٩٣٠- اسی قسم کی اور جو چیزین ہین دال و بھات و لڈو وغیرہ پکوان انہین سے کسی ایک چیز کے
چرانے مین اسکی قیمت سے دوچند تاوان دیوے ॰

٩٣١- پھولے ہوئے کھیت مین قائم سبز دھانیہ اور معہ پوست گلم لتا درخت اور ایک آدمی کے
لیجانے کے لائق دھانیہ انہین سے کسی چیز کے چرانے مین ملک و وقت کو دیکھکر ایک ماشہ
سونا یا چاندی تاوان دیوے ॰

٩٣٢- صاف دھانیہ و ساگ و مول و پھل انہو مین سے کسی ایک چیز کو چرانے مین چرانیوالا
اگر مالک کا رشتہ دار ہو یعنی ہموطنی وغیرہ رشتہ رکھتا ہو تو پچاس پن ڈنڈ اور اگر رشتہ و
نسبت نہ رکھتا ہو تو سو پن ڈنڈ دیوے ॰

٩٣٣- مالک کے دیکھتے ہوئے زبردستی سے چیز کو لیجاوے اور وقت استفسار کے لینے سے انکار

کرے تو وہ بھی چور کہلاتا ھے *

۹۳۴ - جس جس عضو سے دوسرے کی چیز کو چراوے اُس اُس عضو کو قطع کرنا چاہیئے تاکہ پھر ایسا کام نکرے

۹۳۵ - راجہ کی نزدیک کوئی آدمی ایسا نہیں کہ وہ بحالت مجرمی قابل سزا وہی نہو بلکہ باپ وہان واچارج و دوست و زوجہ و فرزند و پروہت یہہ سب اپنے دہرم مین قایم نہون تو لایق سزا دینے کی ہین

۹۳۶ - جس جُرم مین سوائے راجہ کی اور آدمی کارشاپن ڈنڈ کے لایق ہوتے ہین اُس جُرم مین راجہ ہزار پن ڈنڈ کے لایق ہوتا ھے *

۹۳۷ - جو درخت وغیرہ محافظ کی حفاظت مین نہین ہو اُس درخت کا مول و پہل و پہول اور ہون کیواسطے لکڑی اور گئو کے کہانیکو واسطے گہاس وغیرہ ان سبکو لیوے تو اُسکو سزا ندینا کہ وہ ادہرم نہین ھے مُن جی نے کہا ھے *

۹۳۸ - جو برہمن چور کو پڑہا کر اور یگیہ کرا کر اُسکے ہاتہہ سے دولت لینے کی خواہش کرتا ھے وہ برہمن بہی مثل چور ہی کے ھے *

۹۳۹ - دوسرے کا گہوڑا جو بندہا نہین ہو اُسکو غرور سے باندھنے والا اور طویلہ مین بندہے ہوے گہوڑے وغیرہ کو چہوڑ دینیوالا اور غلام اور گہوڑا اور رتھہ انکو لیجا نیوالا چور کے پاپ کو پاتا ہی *

۹۴۰ - اِس طریق سے چورونکو ڈنڈ دینے والا راجہ اس لوک مین لَشِ اور پرلوک مین اُتّم سکہہ کو پاتا ہی *

۹۴۱ - جو راجہ اندر کی پدوی پانیکی خواہش کرنیوالا اور بے زوال نیکنامی کا چاہنے والا ہی وہ لحظہ بہر بھی زبردستی سے کام کرنیوالے آدمی کی دلداری نکرے *

۹۴۲ - گالی دینیوالا اور چور ڈنڈ سے مارنیوالا اِن سبہوں سے ساہس کرنیوالا پاپی ہی *

۹۴۳۔ جو راجہ زبردستی سے کام کرنیوالے آدمی کے جرم کا تحمل کرتا ہے وہ جلد عداوت و فنا کو پاتا ہے ٭

۹۴۴۔ تمام جانداروں کو خوف دینے والی اور زبردستی سے کام کرنیوالی آدمی کو راجہ دوستی سے یا بہت دولت پانے سے رہا نہ کرے ٭

۹۴۵۔ دہرم مٹ جانیکی حالت میں زمانہ کی تحریک سے برہمن کشتری ویشیہ تینوں ورن ہتھیاروں کو دہارن کریں ٭

۹۴۶۔ آتما اور یگیہ کے سامان اور استری اور برہمنوں کی حفاظت کرنے میں اور میدان جنگ میں دہرم سے مارنیوالے کو دوش نہیں ہوتا ٭

۹۴۷۔ گرو و بالک و بوڑہا و بہت پڑہا ہوا برہمن یہہ سب آتتائی[1] ہوکر آویں تو انکو مارنا چاہئے کچھ بچار نکرنا چاہئے ٭

۹۴۸۔ آتتائی کے قتل میں مارنیوالے کو پاپ نہیں ہوتا جو شخص ظاہر یا پوشیدہ مارنیوالے کے کرودہ سے مارے گئے اسکی ظاہر و پوشیدہ کرودہ کو سلسلہ وار پاتا ہے ٭

۹۴۹۔ جو آدمی دوسرے کی عورت سے بدفعلی کرنیوالے ہیں انکو اُدبیگ کرنیوالے ڈنڈ کے وسیلہ سے بدنشان کرکے ملک سے باہر نکالدے ٭

۹۵۰۔ زمانہ میں عورتوں کی بدفعلی سے ورن سنکر پیدا ہوتے ہیں اور اس ورن سنکر سے جڑ اُکھاڑنیوالا ادہرم پیدا ہوتا ہے جس سے جگت کی ناش ہوتی ہے ٭

[1] آگ لگانا و زہر دینا کسیکی دولت و کھیت و عورت کو چھین لینا ان کاموں کا کرنیوالا آتتائی کہلاتا ہے ٭

۹۵۱ - دوسرے کی عورت سے جو شخص خلوت مین باتین کرتا ہے اور پہلے سے اُسکا عیب جانا
گیا ہے اُسکو پورب ساہس ڈنڈ دینا چاہئے ❊

۹۵۲ - جسکا عیب پہلے سے جانا نہین گیا ہے اور کسی باعث سے خلوت مین دوسرے کی عورت
سے باتین کرتا ہے تو اُسکو ڈنڈ نہ دینا چاہئے ❊

۹۵۳ - پانی مین جانیکا راستہ اور گہاس پہوس سے شامل اور آدمیونسے علیحدہ مکان جو گانو سے
باہر ہو اور جنگل اور ندی کا سنگم ان مقامات مین دوسرے کی عورت سے باتین کرے تو سنگرہن
نام پاپ کو پاتا ہے ❊

۹۵۴ - مالا پہنانا و عطر لگانا و کپڑا و زیور پہنچانا و ضحکہ و بغل گیری وغیرہ کرنا و ایک چارپائی
پر بیٹھنا یہ سب سنگرہن کہلاتا ہے ایسا منو وغیرہ رشیون نے کہا ہے ❊

۹۵۵ - جس مرد نے عورت کی ران وغیرہ کو چہوا خواہ عورت نے مرد کی فوطہ وغیرہ کو پکڑا اور مرد نے
غُصّہ نکیا تو باہمی محبت سے یہہ سنگرہن کہلاتا ہے منو وغیرہ رشیون نے کہا ہے ❊

۹۵۶ - نٹ اور گانے بجانیوالے کی عورت اور جو شخص عورت کی فہیہ پن سے اپنی اوقات بسر کرتے ہین
اُنکی عورتونکے واسطے آئین مندرجہ بالا نہین ہے کیونکہ وہ لوگ تو خود اپنی عورتونکو پوشیدہ سب جگہہ بہیجتے ہین

۹۵۷ - لیکن تاہم وہ دوسرے کی عورتین ہین اسواسطے اُنہوں کے ساتھ بات کرنیسے بات کرنیوالا تہوڑا سا
ڈنڈ پاوے دہی اور ایک گہر مین جس عورت کو روک کر رکہا ہے وہ - اور سنیاسی کی عورت
اُنہونکے ساتھہ بات کرنیوالا تہوڑا ڈنڈ پاوے ❊

۹۵۸ - جو استری کنیا کی فرج مین اُنگلی ڈالکر باعیب کرے ہی اُسکا موندہ مونڈانا اور انگلیان کاٹنا اور

گدھے پر چڑھا کر شاہراہ مین گشت کرانا چاہئے مگر جرم کی حیثیت دیکھکر تعین سزا کرنا مناسب ہے ✦

۹۵۹ - ذات و صفات کے غرور سے اپنے شوہر کو ترک کرنیوالی عورت کو راجہ بہت آدمیونکے روبرو کُتّونسے بھوجن کراوے ✦

۹۶۰ - دوسرے کی عورت مرقومہ بالا سے جماع کرنیوالے آدمی کو لوہے کے گرم پلنگ مین سوا کر چارون طرف لکڑی رکھکر آگ لگادے جسسے وہ پاپی جل جائے ✦

۹۶۱ - دوسرے کی عورت اور جسکا جنیؤ وغیرہ وقت محکومہ شاستر پر نہین ہوا اُسکی عورت اور چانڈال کی عورت انہون سے جماع کرکے نالائق آدمی بغیر پانے سزا کے ایک سال کے بعد پھر اُسی عورت سے جماع کرے تو جو سزا لکھے آئے ہین اُسکی دوچند سزا دیوے ✦

۹۶۲ - چور اور دوسرے کی زوجہ سے جماع کرنیوالا اور کھوٹے بچن بولنیوالا اور زبردستی سے کام کرنیوالا اور ڈنڈا وغیرہ سے مارنیوالا یہ سب جسکے راج مین نہین ہین وہ راجہ اندر لوک کو پاتا ہے ✦

۹۶۳ - اپنے راج مین ان پانچونکو سزا دینیوالا راجہ راجاؤن مین منڈلیشور راجہ کا کام کرتا ہے اور اس دنیا مین نیکنامی پاتا ہے ✦

۹۶۴ - مان و باپ و زوجہ و فرزند جو اپنے ورن سے بھرشٹ ہوگئے ہون انمین سے کسی ایک کو ترک کرے تو وہ چھ سو پن ڈنڈ کے لائق ہوتا ہے ✦

۹۶۵ - وید پاٹھی بیادھی دکھی بالک بوڑھا نہایت بے زر بڑا خاندانی فیاض دل ان سبھونکا پوجن ہر وقت راجہ کرے ✦

۹۶۶ - سیمر کے چکنے پاٹے آہستگی سے دھوبی کپڑے دھووے اور ایک کا کپڑا دوسرے کو ندیوے اور بہت

دن تک اپنے گھر مین نہ رکھے ٭

۹۶۷۔ کپڑا بننے والا کپڑا بنانیکی واسطی بمقدار وزن دش گنڈہ پیسا کے سوت لیوے تو بمقدار وزن گیارہ گنڈہ کی کپڑا دیوے اسسے کم دیوے تو بمقدار بارہ پن ڈنڈ راجہ کو دیوے کہ مالک سوت کو راضی کرے ٭

۹۶۸۔ خراج سلطنت کو جاننے والا اور ہر چیز کے فروخت کرنے مین ہوشیار ایسا آدمی جس چیز کی جو قیمت مقرر کرے اسمین جو نفع ہوا اسکے بیسوین حصہ کو راجہ لیوے ٭

۹۶۹۔ راجہ کی لائق جو چیز ہے اور جس چیز کو دوسرے کی پاس فروخت کرنیکو راجہ نے منع کیا ہو ان چیزونکو حرص سے دوسرے مقام پر فروخت کرے تو اسکا تمام مال راجہ لے لیوے ٭

۹۷۰۔ جس مقام پر راج کا محصول لیا جاتا ہے اس مقام کو ترک کرنیوالا و بیوقت خرید و فروخت کرنیوالا و تول مین کم تولنے والا محصول سرکاری کا ہشت چند تاوان دیوے ٭

۹۷۱۔ سب چیزونکا آنا و جانا و قیام و زوال کو دیکھکر خرید و فروخت کرنا چاہئے ٭

۹۷۲۔ بعد آخر ہونے پانچ پانچ دن یا ہفتہ ہفتہ کے سب چیزونکی قیمت قائم کرے ٭

۹۷۳۔ ماشہ و تولہ و سیر و پانچ سیری وغیرہ و پرستھہ و درون وغیرہ کی بانٹونکی کمی و بیشی کو راجہ کبھی پہر چھٹوین چھٹوین مہینہ مین انکا امتحان کرے اور سب چیزونپر راج مہر کا نشان کر دے ٭

۹۷۴۔ کشتی پر سوار ہوکر عبور کرنے مین سواری پیچھے ایک پن لینا چاہے اور معہ بوجھ فی آدمی آدہا پن اور چارپایہ اور استری پیچھے پن کا چوتھا حصہ اور بوجھ نرکھنے والے آدمی پیچھے پن کا آٹھوان حصہ لینا چاہئے ٭

۹۷۵۔ گاڑی وغیرہ محمولہ اشیاء وغیرہ سے بلحاظ چیزہای محمولکی سارا سارا بچار کرکی محصول مقرر کرنا

چاهیئے اور جس گاڑی وغیرہ مین اشیاء وغیرہ نہین ہی اور جو آدمی کچھہ سامان وغیرہ نہین رکھتا
اُنہونسے تہوڑا محصول لینا چاهیئے ❖

٩٧٦ - دریا کی راستہ سی دور جانے مین دریا کی تیز روی و قیام آب و موسم گرمی و برسات وغیرہ کا
لحاظ کر کے کشتی کا نرخ اجرت مقرر کرنا چاهیئے اور سمندر مین چلنا ہوا کی اختیار مین ہے اِسلیئے اوپر
لکھی ہوئی بات کا لحاظ نہین ہے بلکہ جو مناسب ہو وہی لینا چاهیئے ❖

٩٧٧ - دو مہینہ سی زیادہ کی حاملہ عورت و سنیاسی و بان پرستہہ و برہمن برہم چاری ان
سب سے عبور دریا کا محصول نہ لینا چاهیئے ❖

٩٧٨ - کشتی مین ملاحون کی قصور سے کسی چیز کی بربادی ہو تو اُسکو سب ملاح ملکر اپنی اپنی حصہ سے دیوین ❖

٩٧٩ - ملاحون کی قصور سے پانی مین برباد ہوئی چیزونکی تنقیح کو کہا آفت آسمانی مین ملاحونکا جرم
و سزا نہین ہے ❖

٩٨٠ - جو کشتری یا ویشہ رزق نہونے سے پریشان ہو اُسکو برہمن دھرم سی کام کو کرتا ہوا پرورش کرے ❖

٩٨١ - ویشہ اور شودر یہہ دونون اپنی کام سی بیکار ہونے پاوین اگر یہہ دونون اپنی دہرم سے
علیحدہ ہون تو زمانہ کو پُر آشوب کرین ❖

٩٨٢ - کام کا ہو جانا و سواری و حاصل زر و خرچ و خزانہ و معدن اِن سبھونکو ہر روز راجہ بلاخطہ کیا کرے
٩٨٣ - اِس طرح سے راجہ تمام کامونکو کرتا ہوا پاپ کو چہوڑ کر پرم گت کو پاتا ہے ❖

٩٨٤ - دہرم کی راہ پر چلنے والے جو مرد و عورت ہین اُن دونونکی وصل و جدائی مین جو دہرم
قدیم ہے اُسکو کہتے ہین - کہ ❖

۹۸۵- رات دن عورتونکو شوہر وغیرہ کے وسیلہ سے بے اختیار کرنا مناسب ہے جو عورت لشیون مین لگی ہے اُسکو اختیار مین رکہنا چاہیئے ٭

۹۸۶- لڑکپن مین باپ اور جوانی مین شوہر اور بڑہاپے مین بیٹا عورتونکی حفاظت کرے کیونکہ عورتین خود مختار ہونیکے لائق نہین ہین ٭

۹۸۷- کنیادان کے وقت کنیا کو نہ دیوے تو باپ اُسکا پاپی ہوتا ہے اور حیض سے فراغت ہونے پر شوہر اُس سے جماع نکرے تو وہ پاپی ہوتا ہے اور بحالت وفات شوہر کے بیٹا اپنی ماں کی حفاظت نکرے تو وہ پاپی ہوتا ہے ٭

۹۸۸- تہوڑی صحبت سے بہی خصوصاً عورتونکی حفاظت کرنا چاہیئے عورتین غیر محفوظ رہنے سے دونون کل (یعنی خاندان شوہر و خاندان والد) کو رنج پہونچاتی ہین ٭

۹۸۹- سب ورنونکی اُس اُتّم دہرم کو دیکہتے ہوئے کمزور شوہر بہی عورت کی حفاظت کیواسطے کوشش و تدبیر کرتے ہین ٭

۹۹۰- عورت کی حفاظت کرنیسے اپنی خاندان و اولاد و آتما و دہرم وغیرہ کی حفاظت ہوتی ہے ٭

۹۹۱- شوہر اپنی عورت مین داخل ہوکر بشکل حمل دنیا مین پیدا ہوتا ہے عورت مین عورت سے نسبت رکہنے والا دہرم وہی ہے کہ عورت مین آپ پیدا ہووے ٭

۹۹۲- جس قسم کے مرد کا استعمال عورت کرتی ہے ویسا ہی بیٹا پیدا کرتی ہے اسلئے اولاد پاک ہونیکے لئے حتی المقدور عورت کی حفاظت کرنا چاہیئے ٭

۹۹۳- کوئی آدمی ضد کرکے عورت کی حفاظت مین صاحب قدرت نہین ہوتا ہے بلکہ جو تدبیر آگے

کہینگے اسکو وسیلے سے اوسی حفاظت کرنیمین صاحب قدرت ہوتاھے۔

۹۹۴- مطلبو نکا قائل کرنا خرچ خانہ پاکیزگی و دہرم کہانا بنانا گہرکی چیزونکو دیکہنا ان سب کامونمین عورت کو اختیار دینا چاھئے۔

۹۹۵- حکم کرکے اچہے آدمی سے عورت گہرمین محفوظ کیگئی ہوا تسپر بہی محفوظ نہین ہوتی بلکہ جو عورت اپہی کو آپ حفاظت کرتی ہے وہی محفوظ رہتی ھے۔

۹۹۶- عورتونکی واسطے چہہ باتین داخل عیب ہین شراب کا پینا بدکی صحبت شوہر سے دوری ادہر ادہر گہومنا بے وقت سونا دوسرے کے گہرمین رہنا۔

۹۹۷- عورتین صورت وعمر کو نہین دیکہتی ہین خوبصورت ہو یا بدصورت ہو لیکن مرد ہو اوسیکو بہوگ کرتی ہین۔

۹۹۸- عورت تدبیر نیک سے محفوظ بہی ہوتا ہم اپنی بدطواری وتلون طبعی وبیوفائی وعادات ان باتونسے شوہر کو رنجیدہ کرتی ھے۔

۹۹۹- وقت پیدائش سے برہماجی سے عورتونکی یہہ عادت جانکر حفاظت کیواسطے مرد تدبیر کریں۔

۱۰۰۰- پلنگ وآسن وگہنہ وغیرہ بنانیکی عادت وکام وکرودہ وکہوٹہ پن ونفسانیت وبدچلنی ان سبکو منوجی نے شروع پیدائش مین عورتونکو دیا اسلئے تدبیر سے حفاظت کرنا چاھئے۔

۱۰۰۱- عورتونکی کریا منتر ولسے نہین ہی یہہ دہرم مین داخل ہی اندری اور منتر ان دونو سے عورت علیحدہ ہی دروغ کے مانند نامبارک ہی یہہ شاستر کا حکم ھے۔

۱۰۰۲- بدفعلی کرنا عورتونکی عادت ہی یہہ ویدمین پہلی لکہا ہی کہ ہم نہین جانتی ہین کہ برہمن ہین

یا غیر برہمن مین اسکو پرائشچت والے وید مین دیکھو ٭

۱۰۰۳ - جس طرح سے جیسے آدمی سے عورت وصل پاتی ہے ویسی ہی آپ ہوجاتی ہے جیسے سمندر سے ندی ٭

۱۰۰۴ - رذیل قوم سے پیدا اکش مالا نام عورت نے بششٹ رشی سے وصل کیا وہ دونون اونچے قابل ہوئے ٭

۱۰۰۵ - سوائے انکے اور بہی عورتین رذیل قوم سے پیدا ہوکر اس لوک مین اپنے شوہرونکی عظمت سے عظمت کو پہونچ گئین ٭

۱۰۰۶ - عورت و مرد کی قدیم نیک چلنی کو کہا اب اس لوک مین اور پرلوک مین اور زمانہ آئندہ مین سکھ کے واسطے جو رعایا کا دہرم ہے اسکو کہتے ہین ٭

۱۰۰۷ - گہر مین پیدائش کیواسطے بڑی قسمت والی پوجا کی لائق گہر کی تیج وان استری اور لکشمی مین اندونون مین خصوصیت کچھ نہین ہے دونون برابر ہین ٭

۱۰۰۸ - بیٹا و بیٹی کی پیدائش اور بعد پیدائش کے انکی حفاظت اور دنیاوی مراسم قدیم ان سبہون کا ظاہری سبب عورت ہی ہے ٭

۱۰۰۹ - اولاد اور دہرم کا رج اور اتم سیوا اور اپنا اور اپنے بزرگونکا سورگ یہہ سب عورت کی اختیار مین ہین

۱۰۱۰ - جو عورت دل و زبان و بدنکی عیب سے علیحدہ ہوکر اپنے شوہر کو چہوڑکر غیر مرد کا وصل نہین کرتی وہ پت لوک کو پاتی ہے اور دنیا مین اسکو اچہے لوگ سادہن (یعنی نیک خصلت) کہتے ہین ٭

۱۰۱۱ - دوسرے مرد کی ساتھ جماع کرنیسے عورت دنیا مین مذمت کے قابل ہوتی ہے اور گیدڑ کا جنم پاتی ہے اور پاپ روگونسے دکہی و کلیش وان ہوتی ہے ٭

۱۰۱۲ - اچہے قدیم بڑے لوگونے بابت اولاد کی سنسار کے بہلے کیواسطے جس پاک دہرم کو کہا ہے اسکو کہتے ہین کہ

۱۰۱۳۔ باپ کا بیٹا ہی ایسا سب جانتی ہین اور باپ کی بابت وطرحکی شرت ہی کوئی کہتا ہی کہ تخم والے کا بیٹا ہے اور کوئی کہتا ہی کہ ظرف (یعنی کشتیر) والے کا بیٹا ہی *

۱۰۱۴۔ عورت ظرف کی صورت ہی اور تخم مرد کی صورت ہی ظرف و تخم کی آمیزش سے سب جسم وارونکی پیدائیش ہے *

۱۰۱۵۔ کہین تخم بڑا ہی کہین ظرف بڑا ہی جہان دونون برابر ہین وہ اولاد بہت اچھی ہی *

۱۰۱۶۔ تخم اور ظرف دونومین تخم بڑا ہی سب جانداروںکی پیدائیش تخم کے نشان سی جانی جاتی ہی *

۱۰۱۷۔ تخم ریزی کے وقت جیسا تخم کہیت مین بویا جاتا ہی ویسا ہی معہ اپنی صفات کی پیدا ہوتا ہی *

۱۰۱۸۔ پانچ عناصر سی پیدا ہوئی جتنے جاندار ہین انکی پیدائیش کا سبب ظرف ہی اور کوئی چیز بونے اور اُگنی کی صفت کے سوائی تخم کے مضبوطی نہین بخشتی ہی اسلئے تخم ہی مقدم و افضل ہے *

۱۰۱۹۔ ایک ہی کہیت مین کاشتکار نے تخم ریزی کے وقت جَو و گندم وغیرہ تخم کو بُویا اور وہ تخم اپنی عادت سے انواع اقسام کا ہوتا ہی زمین تو ایک ہی صورت کی ہی او تخم ایک صورت کا نہین پس تخم ہی افضل ہے *

۱۰۲۰۔ جیسی ساٹہی و دہان و مونگ و تل و ماش و جَو و لہسن و اوکھ یہہ سب بونے کے بعد مختلف صورت سی پیدا ہوتے ہین *

۱۰۲۱۔ ایک چیز کو بویا اور دوسری چیز پیدا ہوئی ایسا نہین ہوتا بلکہ جو بوتے ہین وہی اُگتا ہی *

۱۰۲۲۔ متحمل و متواضع و دانشمند و کامل و گیان یگیان یعنی وید و شاستر کی جاننی والی و عمر کی خواہش کرنیوالے جو آدمی ہین وہ دوسرے کی عورت مین تخم کو نہ ڈالین *

۱۰۲۳۔ دوسرے کی عورت مین تخم ڈالنا نہ چاہئی اس بات مین اگلی زمانہ کی جاننی والی رشی لوگون نے

ہوا کا کہا ہوا سخن جو خاص چہند سی شاالی ہی بیان کیا ہے بلکہ اُس پر عمل کیا ہے ۔

١٠٢۴ - کسی نے آسمان پر پرند کو تیر مارا پہر دوسرے آدمی نے اُسی پرند پر تیر مارا تو دوسرے آدمی
کا تیر ضائع ہوا کیونکہ شکار تو پہلے تیر انداز ہی کو ملتا ہی اسطرح دوسرے کی عورت مین تخم
ضائع جاتا ہے یعنی جسکی عورت ہے اُسی کو بچہ کا افادہ ہوتا ہے ۔

١٠٢۵ - اوّل راجہ پرتہو نے اس پرتہوی کو لیا پہر بہت سے راجاؤن نے لیا تاہم یہہ پرتہوی راجہ
پرتہو ہی کی استری ہی اور جسنے اونچی اور نیچی زمین کو برابر کیا اُسی کا کہیت ہی اور جسنے اوّل
تیر سے مارا اُسی کا شکار ہی یہہ اگلے زمانہ کے جاننے والون نے کہا ہے ۔

١٠٢٦ - ایک ہی پرش نہین ہوتا بلکہ اپنا جسم و عورت و اولاد یہہ سب ملکر پرش کہاتا ہی یہہ
برہمنون نے کہا ہے جو شوہر ہے وہی عورت ہی یہہ رشی لوگون نے کہا ہے ۔

١٠٢٧ - تقسیم حصہ کنیادان و دینگو یہہ تینون باتین بہلے لوگونکی ایک ہی دفعہ ہوتی ہین ۔

١٠٢٨ - جسطرح گئو گہوڑا اونٹ لونڈی بہینس بکری بہیڑ انہومین بچہ پیدا کرنیوالے کا مالک
بچہ کو نہین پاتا اُسیطرح دوسرے کی عورت مین تخم ڈالنے والا اولاد کو نہین پاتا ۔

١٠٢٩ - دوسرے کی کہیت مین تخم ڈالنے والا اُس تخم کے ثمر کو کبھی نہین پاتا ۔

١٠٣٠ - دوسرے کی گئو مین دوسرے کا بیل بچہڑا پیدا کرے تو گئو کا مالک اُن بچہڑونکو پاتا ہے
اور بیل کا نطفہ بے فائدہ جاتا ہے ۔

١٠٣١ - اسیطرح دوسرے کے کہیت مین بیج بونے والا کہیت والیکا مطلب کرتا ہی آپ پہل کو نہین پاتا ہی

١٠٣٢ - اس عورت مین جو پیدا ہو وہ ہمارا اور تمہارا دونکا ہو وہی ایسی خیالکو دلمین نہ رکہکر جو پیدا

کنیا وہ لڑکا ظرف والی کا ہوتا ہی تخم سے ظرف فضل ہے +

۱۰۳۳۔ تخم ہوا سے اُڑ کر جسکے کہیت مین پڑا اُسکا پہل کہیت والا ہی پاتا ہی صاحب تخم نہین پاتا +

۱۰۳۴۔ گئو گہوڑا اونٹ بکری بہیڑ پرند بہینس داسی نہونکی پیدائش مین اسی دہرم کو جاننا +

۱۰۳۵۔ بہرگ جی کہتے ہین کہ آپ لوگونسی تخم و ظرف کی فضیلت و غیر فضیلت کو کہا اسکی بعد وقت
مصیبت مین عورتونکا دہرم کہتے ہین +

۱۰۳۶۔ بڑے بہائی کی زوجہ چہوٹے بہائی کی گرو پتنی کہاتی ہی اور چہوٹے بہائی کی زوجہ
بڑے بہائی کی پتوہو کہلاتی ہے +

۱۰۳۷۔ وقت مصیبت نہو اور والد وغیرہ کا حکم بہی ہو لیکن بڑی بہائی کی زوجہ سے
چہوٹا بہائی اور چہوٹے بہائی کی زوجہ سی بڑا بہائی جماع کرے تو دونون پتت ہوتے ہین
یعنی ورن واشرم کے درجہ سے گر جاتے ہین +

۱۰۳۸۔ نفرین کے لائق اور آفت آمیز اور مکّار اور سخت عورت کو شاستر کے طریق سی بہی
وواہ کرکے ترک کرنا چاہئے +

۱۰۳۹۔ عیب دار کنیا کا عیب نہ کہکر اُسکو دینے والے دُراتما کا کنیادان بیفایدہ ہی +

۱۰۴۰۔ اہل مطلب سفر کرنیسی پہلے عورت کی کہانے پینے کا بندوبست کردی تب پردیش کو
جائے کیونکہ بہوکہہ کی شدت سی حیادار عورت بہی دوسرے آدمی کی خواہش کریگی +

۱۰۴۱۔ کہانے پینے کا انتظام کرکے پردیش مین جانیکی بعد اُسکی زوجہ نیم سی رہکر زندگی بسر کری
اور بدون انتظام خورد و نوش کے شوہر کے سفر کرنے مین سوت کاتنے سے یا اور لائق تعریف

دستکاریوں سے اوقات گذاری کرے ٭

۱۰۴۲۔ دہرم کاج کرنیکے واسطے عورت پردیس گئے ہوئے شوہر کی حکم کی تعمیل آٹھ برس تک کرے ہی اور ودّیا پڑھنے کیواسطے پردیس گئے ہوئے شوہر کے حکم کی تعمیل چھہ برس تک کرے اور روزگار اور شہرت کے واسطے پردیس گئے ہوئے شوہر کے حکم کی تعمیل تین برس تک کرے ٭

۱۰۴۳۔ مرد ایک سال تک لڑائی جھگڑا فساد کرنیوالی عورت کا انتظام کرے اسکے بعد بھی اگر لڑائی جھگڑا فساد کرتی رہے تو زیور وغیرہ جو دھن دیا ہو اسکو واپس لیکر اسکی ساتھ جماع ترک کرے مگر کھانا کپڑا دئے جائے ٭

۱۰۴۴۔ قمار باز و نشہ باز و مریض شوہر کی بے تعظیمی جو عورت کرتی ہو اسکو تین ماہ تک زیور اور کپڑا نہ دینا چاھئے ٭

۱۰۴۵۔ اُنمت اور اپنے ورن کی دہرم کو نکرنیوالا و مخنث و کسی بیماری کیوجہ سے نطفہ نرکھنے والا و پاپ روگی ایسے شوہر سے فساد کرنیوالی عورت کو ترک کرنا مگر اسکی دولت نہ لینا ٭

۱۰۴۶۔ شراب پینیوالی اور سادہوں کی سیوا نکرنیوالی اور دشمنی کرنیوالی اور بیمار ہونے بھری ہوئی اور گہات کرنیوالی اور ہر روز دولت کو ملیت و نابود کرنیوالی عورت ہو تو دوسرا وواہ کرنا چاھئے ٭

۱۰۴۷۔ جو عورت مریض ہو لیکن خیرخواہ اور بامروت ہو تو اُسکی اجازت سے دوسرا وواہ کرنا چاھئے مگر اسکی بیقدری ہرگز نکرنا چاھئے ٭

۱۰۴۸۔ جس عورت کے اوپر دوسرا وواہ شوہر نے کیا ہو اور وہ عورت غصہ ہو کر گھر سے نکلی جاتی ہو

تو اسکو روک کر گھر مین رکھنا خواہ خاندان کے روبرو ترک کرنا چاھئے ❊

۱۰۴۹- کشتری وغیرہ کی زوجہ شوہر وغیرہ سے محفوظ ہو اور شادی وغیرہ کام نہین ہی ممنوع شراب کو پیوی یا ناچ رنگ کے جلسہ عام مین چلی جاے تو چھ رتی سونا ڈنڈ دیوے ❊

۱۰۵۰- سب ورنونمین جو اپنی ورن کی استری ہین وہی شوہر کے ذاتی و بھی کام و قدیم دہرم کا کام کرین دوسرے ورن کی استری نکرین ❊

۱۰۵۱- کنیا باحیض ہو کر بہی تازیست گھر مین رہی مگر اس کنیا کو کبھی بے ہنر آدمی کو ندیوے ❊

۱۰۵۲- تین برس تک باحیض کنیا اچھی شوہر کی امید مین رھی اسکے بعد اپنی ہی موافق شوہر کو حاصل کرے ❊

۱۰۵۳- والد وغیرہ شادی نہین کرتے اور کنیا آپ ہی بر کو قبول کرے تو اس کنیا اور بر کو عیب نہین ہے ❊

۱۰۵۴- اپنی طرف سی شوہر کو قبول کر نیوالی دختر ماں باپ بہائی وغیرہ کے دئے ہوئے زیور وغیرہ کو نہ لیوے اگر لیوے تو چور کہاتی ہے ❊

۱۰۵۵- تیس برش کی عمر کا لڑکا اور بارہ برس کی دختر لخت جگر کا وواہ کرے یا چوبیس برس کا لڑکا اور آٹھ برس کی لڑکی کا وواہ کرے یہہ مناسب وقت دکہایا ہی نیم نہین ہے اتنی مدت مین وید پڑھ سکتا ہی اسکے بعد گرہستہ اشرم مین آنے مین دیر نکرے ❊

۱۰۵۶- دیوتاؤنکی دی ہوئی کنیا کو شوہر پاتا ہی اپنی خواہش سے نہین اسلئے دیوتاؤنکی پوجن کرتا ہوا اس نیک چلن عورت کی ہر روز پرورش کرے ❊

۱۰۵۷۔ حمل رہنے کے واسطے عورت کو اور حمل قائم کرنیکے واسطے مرد کو پیدا کیا اسلئے ویدمین استری پرش کا سادہارن دھرم ہی یعنی زوجہ کے ساتھ ہی شوہر اگنہوتر وغیرہ کرم کرے ❊

۱۰۵۸۔ شودر بہی کنیا کو دیکر معاوضہ نہ لیوے اسکے لینے سے کنیا کا پوشیدہ بیچنے والا کہاتا ہے ❊

۱۰۵۹۔ ایک کو کہکر دوسرے کو دینا۔ اس بات کو کسی چہوٹے بڑے نے کبہی نہین کیا ❊

۱۰۶۰۔ معاوضہ لیکر پوشیدہ کنیا کا بیچنا پہلے جنم مین بہی نہین سُنا ❊

۱۰۶۱۔ مرتے دم تک دونون کی جدائی نہو یہہ مجملاً پرم دہرم استری پرش کا جاننا ❊

۱۰۶۲۔ جسکے پیدا ہونیسے باپ قرضہ سے ادا ہو جاتا ہے اور مکت پاتا ہے وہی بیٹا دہرم سے پیدا ہوا ہے اور سب کام سے پیدا ہوئے ہین رشیون نے کہا ہے ❊

۱۰۶۳۔ باپ کیطرح بڑا بیٹا سب بہائیونکی حفاظت کرے اور بڑے بہائی کے پاس چہوٹے بہائی بیٹے کیطرح رہین ❊

۱۰۶۴۔ بڑا بیٹا ہی خاندانکو ترقی دیتا ہے اور نیست نابود بہی کرتا ہے اور دنیا مین بڑی تعظیم کے لائق ہے اچھے لوگون نے اسکی برائی نہین کی ہے ❊

۱۰۶۵۔ جو بزرگی اختیار کرتا ہے وہ ماں باپکے برابر ہے اور جو بزرگی نہین اختیار کرتا ہے وہ مثل بہائی کے قابل تعظیم ہے ❊

۱۰۶۶۔ اس طریق سے سب شامل ہوکر رہین یا دہرم کرنیکی خواہش سے علیحدہ رہین چونکہ علیحدہ رہنے سے دہرم ترقی پاتا ہے اسلئے علیحدہ رہنا دہرم سے شامل ہے ❊

۱۰۶۷۔ تمام دولت مین جو دولت افضل ہے اور ہر قسم دولت مین جو دولت افضل ہے اور

گؤ وغیرہ جو چار پایہ ہین اُنمین سے منجملہ دس چار پایہ کی ایک چار پایہ۔ اُن تینون چیزونکو بڑا بہائی لیوے لیکن اس قسم کی تقسیم کو اسوقت جاننا جبکہ بڑا بہائی صاحب صفت ہو اور سب بہائی بے صفت ہون *

۱۰۶۸۔ سب بہائی اپنے کرم مین مصروف ہون تو جو تقسیم اوپر کہہ آئے ہون وہ کرنا بلکہ بڑے کی تعظیم قائم رکہنے کیواسطے کچھ ایک چہوٹی چیز دینا *

۱۰۶۹۔ اسطرح بڑے بیٹے کو اُدّھار نام حصّہ دیکر باقیماندہ اشیاء کو برابر حصّہ کرنا اور حصّہ مذکور نہ دیوے تو آگے جو حصّہ مقرر کرینگے وہ کرے *

۱۰۷۰۔ سب بہائی علیحدہ علیحدہ اپنے اپنے حصّہ سے چوتہا حصّہ ہمشیرہ کو دیوین دیوین نہ دیوین تو پتت ہوتے ہین

۱۰۷۱۔ بکری وبہیڑ و ایک کہُر والی یعنی گہوڑا وغیرہ) یہہ سب طاق ہون (یعنی چار بہائی اور پانچ گہوڑے ہون تو طاق کا حصّہ نکرنا چاہئے جو باقی ہے وہ بڑا لیوے *

۱۰۷۲۔ افضل کو غیر افضل کرنا دہرم کے خلاف ہے پیدائیش مین والد افضل ہے اسلئے دہرم سے والد کی خدمتگذاری کرے *

۱۰۷۳۔ کنیادان کے وقت داماد سے ایسی صلاح کرے کہ ہمارے گہر مین بیٹا نہین ہے اس بیٹی سے جو بیٹا پیدا ہوگا وہ ہمارا شرادہ وغیرہ کرم کرنیوالا ہوگا اسطرح دختر کو بجائے فرزند قرار دے *

۱۰۷۴۔ اگلے زمانہ مین ترقی نسل کیواسطے دکش پرجاپت نے اسیطرح دختر کو بجائے فرزند کے مانا ہے *

۱۰۷۵۔ خوشی سے بتواضع تمام دکش پرجاپت نے دہرم کو دس کنیا اور کشیپ رشی کو تیرہ کنیا اور چندرمان کو ستائیس کنیا دین *

۱۰۷۶۔ جیسی اپنی آتما ہی ویسے بیٹا ہو اور بیٹا کے برابر کنیا ہی اسلئے آتما کے برابر کنیا موجود ہونے پر کسطرح دوسرا آدمی دولت کو لیوے ❊

۱۰۷۷۔ بعد وفات والدہ کی اسکی یوتک نام دولت جسکا آگے بیان ہوگا اسکی کماری کنیا پاتی ہے اور جسکی بیٹا نہو اسکا سب دھن ناتی یعنی لڑکی کا لڑکا پاتا ہے ❊

۱۰۷۸۔ جو شخص بیٹا نہ رکھتا ہو اسکی تمام دولت ناتی پاوی اور وہ دو پنڈ دیوے ایک باپ کو اور ایک اپنے نانا کو ❊

۱۰۷۹۔ دنیا مین پوتا اور ناتی مین خصوصیت نہین ہی دونون برابر ہین کیونکہ ایک کے والد کی اور ایک کے والد کی پیدائش ایک ہی سے ہی ❊

۱۰۸۰۔ لاولد آدمی کے اگر شہر کا کرنیکو بعد (یعنی لڑکی کو بجائے فرزند قرار دینے کے بعد) لڑکا پیدا ہوا تو اس مقام پر اس لڑکی کے ساتھ بیٹے کا حصہ برابر ہوتا ہی کیونکہ عورت کو بزرگی نہین ہے اس سے بزرگی کا حصہ نپاویگی ❊

۱۰۸۱۔ اگر شہر کا سے لڑکا پیدا نہوا اور شہر کا مرجائے تو اسکو مرنیکے بعد اسکی دولت کو اسکا شوہر لیوے اسمین کچھ بچار نکرے ❊

۱۰۸۲۔ بیٹی کو بیٹا کرکے مانا ہو یا بیٹا نہ مانا ہو لیکن وہ بیٹی اپنی ہمقوم شوہر سی بیٹا پیدا کری تو وہ بیٹا اپنی نانا لاولد کی دولت لیوی اور نانا کو پنڈ دیوی اسکی وجہ سے نانا بیٹا والا کہلاتا ہی ❊

۱۰۸۳۔ بیٹا کے وسیلے اندر لوک وغیرہ کو فتح کرتا ہی اور پوتا کو وسیلہ سی بے انتہا پھل کو پاتا ہے اور پوتا کے بیٹے کے وسیلہ سے سورج لوک کو پاتا ہے ❊

۱۰۸۴- پُت نام دوزخ کا ہی اور تُر معنی محافظ کی ہین چونکہ بٹیا باپ کو دوزخ سی بچاتا ہی
اس سبب سے پتر کہاتا ہے اسا بتکو شری برمہاجی نے کہاھے +

۱۰۸۵- دُنیا مین پوتا اور ناتی دونون برابر ہین ناتی بھی ناناکو پرلوک مین مثل پوتا کے
نجات دلاتا ھے +

۱۰۸۶- پتّر کا کا بٹیا پہلا پنڈ والدہ کو دیوے دوسرا پنڈ نانا کو تیسرا پنڈ نانا کی باپ کو دیوی +

۱۰۸۷- دوسرے گوتر سی بھی لڑکا آیا ہوا و بہمہ صفت موصوف ہو تو جسکا وہ متبنّے ہوا ہی اسکی
تمام دولت کو پاتا ھے +

۱۰۸۸- پیدا کرنیوالیکی گوتر اور دولت کو فرزند متبنّے نہین پاتا بلکہ جسکا متبنّے ہوا ہی اُسکے
گوتر اور دولت کو پاتا ہی اور اُسیکو پنڈ دیتا ہی جس سے پیدا ہوا ہی اُسکو پنڈ نہین دیتا +

۱۰۸۹- بیوہ عورت نے بدون حکم والدوغیرہ کی جو لڑکا دیور وغیرہ سی پیدا کیا اور کسی عورت
نے بحالت عدم موجودگی فرزند باجازت سُسر وغیرہ دیور وغیرہ سی لڑکا پیدا کیا یہہ دونون
قسم کے لڑکے حصّہ نہین پاتے کیونکہ پہلا لڑکا دوسرے شوہر سے پیدا ہوا ہی اور دوسرا
کام سے پیدا ہوا ھے +

۱۰۹۰- پتت اُسکو کہتے ہین کہ جو اپنی بدفعلی سی ورن کے درجہ سی گر گیا ھے +

۱۰۹۱- ایک ہی بٹیا اور سن نام والا اپنی باپ کی تمام دولت کا مالک ہوتا ہی وہ اور بہائیونکو
رحم سے کہانا اور کپڑا دیوے +

۱۰۹۲- جو اپنی وواہتا استری سی بٹیا پیدا ہو وہ اورس نام بٹیا کہاتا ہی وہ بٹیا سب

بیٹوں سے افضل ہے ؀

۱۰۹۳۔ ماں باپ وقت مصیبت میں آپ اپنی ہمقوم بیٹی کو پانی سے سنکلپ کر کے براہ محبت دیویں وہ بیٹا دتک یعنی متبنّے کہلاتا ہے ؀

۱۰۹۴۔ جو لڑکا ہمقوم اور عیب و ہنر کو جاننے والا اور بیٹوں کی صفتوں سے بھرا ہوا ہو اسکو اپنا بیٹا بناوے وہ بیٹا کرترم کہلاتا ہے ؀

۱۰۹۵۔ ماں باپ دونوں نے خواہ ایک نے جس لڑکی کو ترک کیا اُس بیٹی کو دوسرے نے اپنا بیٹا کیا تو وہ بیٹا لینے والے کا بیٹا اپ بدھ نام کہلاتا ہے ؀

۱۰۹۶۔ جس لڑکے کے ماں باپ مر گئے ہوں یا بلا سبب ماں باپ نے اُسکو ترک کر دیا ہو وہ لڑکا اپنے کو آپ جسکو دیوے وہ اُسکا سویم دت نام بیٹا کہلاتا ہے ؀

۱۰۹۷۔ ایک باپ سے پیدا ہوئے چار پانچ بھائیوں میں ایک بھائی بھی پتر والا ہو تو اُسکی ہونے سے سب بھائی پتر والے کہلاتے ہیں اِس بات کو منُ جی نے کہا ہے ؀

۱۰۹۸۔ ایک آدمی کے چار پانچ زوجہ ہوں اُن سب میں ایک پُتر وان ہو تو اُسکی ہونے سے سب زوجہ پتر وان کہلاتی ہیں ایسا منُ جی نے کہا ہے ؀

۱۰۹۹۔ باپ اور بھائی دولت کو نہیں پاتے بیٹا ہی دولت کو پاتا ہے بیٹا نہو تو باپ اور بھائی دولت کو پاتے ہیں ؀

۱۱۰۰۔ باپ اور دادا اور پردادا اِن تینوں کو پنڈ اور جل دینا چاہیے چوتھا دینے والا ہے پانچواں کوئی نہیں ؀

۱۱۰۱ - سپنڈ یعنی سات پشت مین جو مردہ آدمی کا قریب ہو وہ دولت کو پاتا ہی اگر سپنڈ نہو تو سات پشت کے اوپر والا دولت کو پاتا ھی اگر وہ بھی نہو تو اچارج دولت کو پاتا ہی آچارج بھی نہو تو چیلا دولت کو پاتا ھے *

۱۱۰۲ - یہہ سب نہون تو تینون وید کو پڑھنے والی اور اندریونکو جیتنے والی صاحب اولاد برہمن لوگ دولت کو پاتے ہین اِس سبب سے دہرم کا ناش نہین ہوتا *

۱۱۰۳ - ایک عورت کی دو مرد سے دو لڑکے پیدا ہون اور والدہ کی دولت کیواسطی تکرار کرتے ہون تو جسکی والد نے جو دولت اُس عورت کو دی ہو وہ دولت وہی پاوے دوسرا نہ پاوے *

۱۱۰۴ - بعد وفات والدہ کے سب برادر حقیقی و کماری ہمشیرہ برابر حصّہ کرکے والدہ کی دولت لیوین *

۱۱۰۵ - والدہ کی دولت کو دختر پاوی اور دختر کی دختر کو بھی نانی کی دولت مین سے کچھہ ازروئے محبت کے دینا چاھئے *

۱۱۰۶ - وقت شادی کے اگن کے روبرو والدہ وغیرہ نے جو دھن دیا ہو اور رخصت کے وقت جو دھن دیا جاتا ہی اور خوشی دل سے جو شوہر دیتا ہی بھائی نے جو دیا ہو والدہ نے جو دیا ہو یہہ چھہ قسم کے دھن استری کے ہین یہہ رشیون نے کہا ھے *

۱۱۰۷ - خوش ہو کر جو شوہر نے دیا بعد شادی کے خاندان شوہر سے جو حاصل ہو ان دونون دھن کو بعد وفات اُس عورت کے اُسکی بیٹے لیوین *

۱۱۰۸ - برہم دیو آرش گاندھرب پراجاپتیہ ان پانچون بیواہ مین جو کچھ استری کو ملا اُسکو بعد وفات اُس لا ولد استری کے اُسکا شوہر پاتا ھے *

۱۱۰۹ - آسر پیشاچ راکشس ان تین قسم کی شادیوں مین جو دھن استری کو ملا اُسکو بعد وفات اُس لاولد استری کے اُسکے ماں باپ پاتے ہین شوہر نہین پاتا ٭

۱۱۱۰ - برادر وغیرہ بہت لوگونکا جو ساوہارن دھن ہے اُسکو استری وغیرہ واسطے زیور بنانیکے نہ لیوین اور بدون اجازت شوہر کے شوہر کا دیا ہوا دھن بھی نہ لیوین اس سے یہہ بات ثابت ہوئی کہ یہہ استریون کے دھن نہین ہین ٭

۱۱۱۱ - عورتنے بحالت زندگی شوہر کے جو زیور زیب بدن کیا ہے اُسکو حصّہ لینے والی تقسیم کرین تو پتت ہوتے ہین ٭

۱۱۱۲ - مخنث پتت پیدائش سے اندھا بہرا پیادہ وغیرہ سے پیدا ہوا بیقرار دل گونگا کوئی عضو نہ رکہنے والا ایسے جو شخص ہین وہ حصّہ نہین پاتے ٭

۱۱۱۳ - بعد وفات والد کے بڑا بہائی قبل تقسیم شراکت کے کچھ دولت جمع کرے تو اُسمین سے سب چہوٹے بہائی پاوین بشرطیکہ صاحب علم ہون ٭

۱۱۱۴ - جملہ برادران بے علم کی محنت سے دولت جمع ہو تو اُسمین برابر حصّہ کرنا چاہئے وہ دولت والد کی نہین ہے یہہ شاستر کا نشچے ہے ٭

۱۱۱۵ - علم و دوستی و وواہ مدھو پرک انہونکی وسیلہ سے جو دولت ملی اُسمین کسی کا حصّہ نہین ہے جو جمع کرے وہی لیوے ٭

۱۱۱۶ - سب بہائیون مین جو بہائی اپنے کام مین ہوشیار ہے اور والد کی دولت لینے کی خواہش نہین کرتا ہے اُسکو اپنے حصّہ سے کچھ دولت دیکر الا حصّہ کرنا چاہئے کیونکہ اُسکی لڑکے پیچھے سے تکرار

کہین کہ ہمارے والد نے حصّہ نہین لیا ہے ہمکو حصّہ دو ❖

۱۱۱۷- والد کا روپیہ ضائع نہو یعنی خرچ نہوا ور اپنی محنت سے جو دولت فراہم کرے اسکو اگر اپنی مرضی ہو تو بھائیونکو نہ دیوے یعنی اُس دولت مین سے بھائیونکو حصّہ نہ دیوے ❖

۱۱۱۸- والد کی دولت کو کسی نے چہین لیا اور والد نے اُسکو واپس نہ پایا ہوا ور بیٹا اُس دولت کو اپنی محنت سے وصول کرے تو اُسکا حصّہ اپنے بیٹونکو نہ دیوے اور خوشی ہو تو دیوے کیونکہ وہ دولت اپنی کوشش و پیروی سے آئی ہے باپ کی نہین ہے ❖

۱۱۱۹- ایکدفعہ تقسیم حصص ہو گئی پہر اپنی خواہش سے شامل ہو کر رہین اور پہر تقسیم حصص کرین تو برادر کلان کو وہ حصّہ نہ دیوین جو اُسکی بزرگی کی وجہ سے تقسیم اوّل مین دیا جاتا ہے ❖

۱۱۲۰- بھائیون مین بڑا بھائی یا چھوٹا بھائی تقسیم حصّہ کیوقت بوجہ سنیاس وغیرہ دہارن کے اپنے حصّہ سے محروم ہو یا فوت ہو گیا ہو تو اسکے حصّہ کو غائب نکرنا چاہئے بلکہ اسکا حصّہ بہی علیحدہ کرنا مناسب ہے ❖

۱۱۲۱- اُس حصّہ کو سب بھائی اور بہین ملکر بانٹ لیوین ❖

۱۱۲۲- جو بڑا بھائی طمع سے چھوٹے بھائی کو حصّہ نہ دیوے وہ بڑا بھائی نہین کہلاتا ہے اور راجہ سے ڈنڈ پاتا ہے ❖

۱۱۲۳- اگر سب بھائی بیفائدہ کامونمین مشغول رہین تو دولت کو نہین پاتے بڑا بھائی سب دولت کو چھوٹے بھائی کو بغیر دیئے ہوئے صرف اپنے قبضہ مین نکرے ❖

۱۱۲۴- سب بھائی ملکر دولت کو جمع کرین تو والد کو مناسب ہے کہ وقت تقسیم کے طاق حصّہ نکرے

یعنی سبکو حصّہ برابر دیوے +

۱۱۲۵- باپنے اپنے بیٹوں سبھی علیحدہ ہوکر پھر بیٹا پیدا کیا ہو تو وہ لڑکا صرف باپ ہی کا دھن پاتا ہے اور اُسکے ساتھ پہلے علیحدہ ہوئی بھائی شامل ہوئے ہون تو اُنکے ساتھ بعد تقسیم حصص جو لڑکا پیدا ہوا ہے وہ تقسیم حصص کرے +

۱۱۲۶- اگر بیٹا لاولد ہو تو اسکا دھن اسکی والدہ لیوے والدہ بھی نہو تو اسکی دادی لیوی +

۱۱۲۷- بعد تقسیم دولت و قرضہ کے موافق طریقہ شاستر کے جو کچھ دھن دیکھنے مین آوے وہی اسکا حصہ برابر کرین +

۱۱۲۸- پارچہ سواری زیور لڈّو وستّو کنوان وغیرہ غلام و کنیزک مشیر پروہت وغیرہ گئو وغیرہ چارپایونکی آنے جانے کی راہ ان سبھونکا حصّہ نکرنا چاہئے اپنے کام کے موافق سب کوئی لیوین +

۱۱۲۹- بھرگ جی کہتے ہین کہ اے رشی لوگو کشیترج وغیرہ بیٹونکی تقسیم حصص کو آپ لوگونسی کہا اسکے بعد قمار بازی کو بیان کرتے ہین +

۱۱۳۰- دیوت اور سما ہونے نام قمار بازونکو راجہ اپنی راجمین نہ ہونے دیوی کیونکہ یہہ دونون راجکو نیست و نابود کرتی ہین +

۱۱۳۱- یہہ دونون ظاہر چوری ہین اسواسطی ان دونونکی مٹانے کی تدبیر مین رہی +

۱۱۳۲- قمار باز رقاص گانیوالا سب دشمنی کرنیوالا پاکھنڈی ناکارہ کام کرنیوالا شراب بنانیوالا ان سب کو راجہ جلد شہر سے باہر نکال دیوے +

۱۱۳۳- یہہ سب چھپے ہوئے چور ہین کھوٹے کاموںسی اچھی رعایا کو تکلیف و رنج پہونچاتے ہین +

۱۱۳۴- بڑی دشمنی کرنیوالا قمار ہی ہی یہہ زمانہ سابق مین تجربہ کیا گیا اسوسطی عقلمند آدمی ہنسی کے

طور پر بہی اسکا استعمال نکرے ٭

١١٣٥ - پوشیدہ یا بظاہر قمار بازی کرنیوالی آدمیونکو راجہ جیسی سزا کی دینیکی خواہش کرے ویسی ہی سزا دیوے ٭

١١٣٦ - استری بالک بوڑہا اُنمت مفلس بیمار انہونکو بانس وغیرہ کی چہڑ سے مارنا اور رسّی سے باندہنا ان سزاؤنکو راجہ دیوے ٭

١١٣٧ - کام کرانیکی واسطے محکوم آدمی کام کو لیکے اوسکی کام کا نقصان کرے تو سب دہن اسکا راجہ لیلیوے ٭

١١٣٨ - جو آدمی راجہ کی حکم کے خلاف کام کرنیوالی و محصول سرکاری کو نقصان و عیب پہنچانیوالے و استری و بالک و برہمن کو مارنیوالے و دشمن کی خدمت گذاری کرنیوالے ہین راجہ ان سبہونکو نیست و نابود کرے ٭

١١٣٩ - جس مقام پر کسی مقدمہ مین ازروئے انصاف جو حکم اخیر ظاہر کنندہ سزا نافذ ہو گیا ہو اُسکو منظور کرے اور پہر اُسکو دوسری طرح نکرے ٭

١١٤٠ - لیکن وزیر و منصف جس مقدمہ کو خلاف فیصلہ کرین اُسکو راجہ آپ دیکہے اور اگر راجہ کو وقت ملاحظہ کے اُنکا فیصلہ خلاف انصاف معلوم ہو تو راجہ اُنہونسے ہزار پن ڈنڈ لیوے ٭

١١٤١ - برہمن کو مارنیوالا شراب پینیوالا برہمن کا سونا بقدر ١٦ ماشہ چرانیوالا اپنی والدہ سے جماع کرنیوالا یہہ چارون علیحدہ علیحدہ بڑے پاپی کہلاتے ہین ٭

١١٤٢ - یہہ چارونہہ اپرایشچت نکرین تو مع دولت سزاء بدنی مرقومہ ذیل اونکو دینا چاہئیے ٭

١١٤٣ - والدہ سے جماع کرنیوالا شراب پینیوالا برہمن کا ١٦ ماشہ سونا چرانیوالا برہمن کو مارنیوالا ان چارونکی پیشانی پر حسب سلسلہ نشانات مرقومہ ذیل کرنا چاہئیے یعنی فرج کی صورت دیگ و بہبکا

کی صورت کُتّے کی بالون کی صورت بے سر کے آدمی کیصورت *

۱۱۴۴- جو یہہ سب لوگ نشانات مرقومہ بالا کے رکہنیوالے ہین اُنکی بہوجن اور یگیہ اور پاٹہ اور شادی وغیرہ کرم نکرانا چاہئیے یہہ سب تمام دہرمونسے باہر ہوکر مفلس و متفکر و خوفناک ہوکر زمین پر کہہین *

۱۱۴۵- ذات والی اور رشتہ دار بہائی وغیرہ سب اُنکو ترک کرین اُنپر رحم نکرین اور نہ اُنکو نمسکار کرین یہہ مُن جہاراج کا حکم ہے *

۱۱۴۶- جو راجہ سادہ ہی وہ بڑے پاپیونکا دہن نلیوی اگر طمع سے لیوی تو اُنہونکی پاپ مین شامل ہوتا ہے *

۱۱۴۷- جس مقام پر راجہ پاپیونکی فراہم کی ہوئی دولت کو نہین لیتاہی وہان آدمی بڑی عمر والے پیدا ہوتے ہین یعنی بہت دن تک زندہ رہتے ہین *

۱۱۴۸- جسطرح ویشیہ لوگ جو غلہ بوتے ہین وہ غلہ علیحدہ علیحدہ پیدا ہوتا ہی اُسیطرح اُس راجہ کی راجمین لڑکے بہی نہین مرتے اور نہ کوئی لڑکا کسی عضو سے محروم پیدا ہوتا ہے *

۱۱۴۹- جو چہوٹا ورن خواہش سے برہمنونکا قتل کرنیوالا ہے اُسکو انواع اقسام کی تدبیر ونسے قتل کرے جو بیقراری و رنج و خوف کو دینیوالی ہین *

۱۱۵۰- جو قتل کے لائق نہین ہو اُسکے قتل مین جتنا پاپ ہوتا ہی اُتنا ہی پاپ قتل کے لائق آدمی کو چہوڑدینے سے ہوتا ہے *

۱۱۵۱- اب بہرگ جی کہتے ہین کہ اے رشی لوگو اٹہارہ قسم کے مقدمات مین باہم بحث کرنیوالو کی تنقیح مقدمہ کو مفصل کہا *

۱۱۵۲- راجہ اِس طریق سے کارہائے متعلقہ دہرم کو اچہی طرح سے کرتا ہوا اُن ملکونکی فتح کی خواہش

کرے جو کہ فتح نہین ہوئے اور پہر ممالک مفتوحہ کی پرورش کرنیکی خواہش کرے *
۱۱۵۳- شاستر مین کہے ہوئے ملک مین موافق ہدایت شاستر کے قلعہ بناکر اوراُسمین مقیم ہوکر کانٹا نکالنے مین تدبیر شائستہ کرے *
۱۱۵۴- راجہ پرورش رعایا مین کماحقہ مشغول ہوکر اچھے لوگونکی حفاظت کرے اور کانٹے کے نکالنے سے سورگ مین جاتا ہے *
۱۱۵۵- جو راجہ چورونکو سزا نہین دیتا اور محصول اپنا لیتا ہے ایسے راجہ کی راج مین رعایا بد دعا کرتی ہے اور اُس پاپ سے بہنیہ چہین ہوکر سورگ بہی حاصل نہین ہوتا *
۱۱۵۶- جب راجہ کی قوت بازو پاکر رعایا بیخوف رہتی ہے اسکا راج ہر روز ترقی پاتا ہے جیسے سینچا ہوا درخت *
۱۱۵۷- راجہ دو تونکی آنکہہ سے دیکہکر دوسرے کی دولت کو چرانیوالے چور کو ظاہر و باطن دو قسم کرکے دو طرحکا جانے *
۱۱۵۸- انواع اقسام کی چیزونکو فروخت کرنیوالے ظاہری چور ہین اور آدمیونسے خالی مقام مین اور بحالت سوجانے آدمیونکی دوسرے کی دولت چرانیوالے پوشیدہ چور ہین *
۱۱۵۹- کام والے آدمی سے دہن لیکر نامناسب کام کرنیوالا اور خوف دکہلاکر دہن لینے والا اور سونا وغیرہ مین ناقص چیز ملاکر دغابازی کرکے دوسرے کا دہن لینے والا اور دیوت اور سماے ہر قسم کی قماربازی کرنیوالا اور دولت و فرزند و نفع وغیرہ حالات خوشی کو بیان کرکے اوقات بسر کرنیوالا اور بدفعلی کو چہپاکر اچھے فعل کو ظاہر کرکے دوسرے کی دولت لینے والا اور ہاتہ کی ریکہا کو دیکہکر

اچھے و بُرے پھل کو کھکر دوسرے کی دولت لینیو الا ✦

١١٦٠ - ہاتھی کو سکھلانیسے اوقات بسر کرنیوالا اور پیشہ طبابت سے اوقات بسر کرنیوالا یہہ دونوں اُس حالتمین جبکہ اپنے کام کو اچھی طرح نکرین اور دہن لیوین اور پیشہ مصوّری وغیرہ سے گذارہ کرنیوالا اور بغیر کہے ہوئے تصویر کھینچنیوالا اپنی تحریک و ترغیب دیکر دوسرے کی دولت لینیوالا اور دوسرے کی عورت یہہ سب دوسرے کو اپنے قابو مین کر لینے کو ہوشیار ہین ✦

١١٦١ - اِن سب کو اور اِنکی برابر دوسرونکو ظاہری خارِ عالم جاننا چاہئے اور پوشیدہ خارتگر دوسرے ہین جو کہ بھلے آدمی نہین ہین مگر بھلے آدمیونکی نشان سے رہتے ہین ✦

١١٦٢ - اُن سبکو بوسیلہ کارپردازی و غیرہ جاسوسونکے (جو کہ بہت سے مقامات پر مقیم ہین اور جنکا بیان ساتوین ادھیائے مین ہوا) اور نیز بوسیلہ اُن آدمیونکے جو کہ پوشیدہ خارتگری کرنیوالے ہین جانکر اور اُنکو دُکھ دیکر اپنے اختیار مین کرے ✦

١١٦٣ - راجہ اُنکے علیحدہ علیحدہ کام مین کماحقّہ عیب کو کہکر اچھی طرح سے جرم کے موافق سزا دیوے ✦

١١٦٤ - چور اور پاپی جو مودّب و متواضع صورت بناکر عالم مین گشت کرتے ہین اُنہونکے جرم کا انسداد بدون سزا دینے کے ممکن نہین ہے اسواسطے سزا دینا چاہئے ✦

١١٦٥ - سبھا یعنی مقام فراہمی صلاح اندیشان) چاہ جابجا پخت پکوان مقام شراب و شی مقام غلّہ فروشی چوراہا خانہ طوائف مشہور درخت مول مقام مجمع خلائق ✦

١١٦٦ - باغات جنگل ملے کہنہ خانہ کاریگران خانۂ خالی درخت انبہ وغیرہ کا جنگل جنگل نو ملیا کردہ ✦

١١٦٧ - ایسے ملکونکی فوج وغیرہ سے راجہ گرفتاری چور وغیرہ کی کرے کیونکہ چور وغیرہ ایسے مقامات مین

سامان خورونوش ولوازمہ عیاشی کے تلاش کرنیکو واسطی اکثر رہا کرتے ہین ٭

۱۱۶۸۔ اُنہونکی مدد کرنیوالی اور میلاپ و بگاڑ کے جاننیوالی چورونکی فریب مین ہوشیار پہلی چور جاسوس کی صورت ہین اُنہونکی وسیلہ سے چورونکو جاننا اور نیست و نابود کرنا چاہیئے ٭

۱۱۶۹۔ پہلی جو چور جاسوس صورت ہین وہ اُن سب چورونسی ایسا کہین کہ آئو ہماری گہر چلیں لڈو وغیرہ کہائو ہماری ملک مین ایک برہمن ایسا ہی کہ تدبیر حصول جملہ مطالب کی جانتا ہی اسکا درشن کیجیئے ایک آدمی بہت آدمیونسی جنگ کریگا اُسکو دیکھیں اس بہانہ سے راجہ کے ڈنڈ کو ہارن کرنیوالے آدمی اُن چورونکو فراہم کرین اور پھر اُنکو گرفتار کرین ٭

۱۱۷۰۔ جو چور مقام خورونوش مین بخیال و بخوف گرفتاری نجاوین یا دزدان جاسوس صورت مرقومہ بالا کے پاس نجاوین تو راجہ اُنکو اُسی انکار سے پہچانکر جبراً اُنکو بلاکر مع اُنکی ہمجنس رشتہ دار اُنکی نیست و نابود کری

۱۱۷۱۔ دہرم کا جاننیوالا اور اُسپر عمل کرنیوالا راجہ چورونکو بدون دریافت و ثبوت کامل چوری کے قتل نکری اگر چور مع نشان چوری کے ہو تو اُسکو مع اُسکی اشیا کی نیست و نابود کری یہہ خیال نکری کہ اُسکو دکھ ہوگا ٭

۱۱۷۲۔ گانونمین جو کوئی چورونکو غلہ و آذوقہ و مکان دیوے راجہ اُنکو بھی نابود کرے ٭

۱۱۷۳۔ راجمین جو آدمی حفاظت کا اختیار رکھنیوالی ہین اور جو آدمی گانونکی چارونطرف رہنیوالے ہین یہہ دونون قسم کے آدمی چورونکو چوری کرنیکی ہدایت کرین تو راجہ اُنکو بھی چورونکی طرح سزا دیوے ٭

۱۱۷۴۔ جو برہمن یگیہ و دان وغیرہ کرکے یگیہ و دان وغیرہ دہرم کو دوسرونکی واسطی بیچکر اوقات گذاری کرے اور اپنی دہرم سی علیحدہ ہو راجہ اُس برہمن کو بھی ڈنڈ دیوے ٭

۱۱۷۵۔ جو شخص چورونسے گانونکی غارت ہونی و شکستگی پُل و راستہ مین چوری کے نظر آنے مین بحالت صاحب

طاقت ہونیکی دور تا نہین ہی وہ اشیاء خانگی گانونسے نکالدینے کے لائق ہے ۔

۱۱۷۶ - راجہ کے خزانہ کو چرانیوالا اور خلاف حکم راجہ کی عمل کرنیوالا اور راجہ کے دشمنونسے دوستی کرنیوالا انکو انواع اقسام کے ڈنڈ سے قتل کرنا چاہئے ۔

۱۱۷۷ - جو چور نقب زنی کر کے رات مین چوری کرتے ہین انکی دونون ہاتھ کاٹ کر پھر انکو ترسول پر بٹھلاوے ۔

۱۱۷۸ - جو چور اوّل دفعہ گرہ کاٹے اُسکا انگوٹھا اور انگوٹھے کے پاس کی انگلی کاٹنا چاہئے دوسری دفعہ مین ہاتھ پانون کاٹنا تیسری دفعہ مین قتل کرنا مناسب ہے ۔

۱۱۷۹ - جو شخص چور کو آگ و بہات و اسلحہ و جہلت دیتا ہی اور جو چوری کی چیزونکا رکھنےوالا ہے انہونکو راجہ مانند چور کے نابود کرے ۔

۱۱۸۰ - جو تالاب کا اسنان اور دان وغیرہ سی لوگونکا انکار کرنیوالا ہی اُسکو پل وغیرہ شکست کرنیسے جو بگارتا ہی اس آدمی کو پانی مین غرق کرے یا اور طرحسے نابود کری اگر وہ آدمی تالاب مذکور کو بدستور سابق بنا دیوی تو اُسکو فانی نکرنا چاہئے بلکہ اُتّم ساہس تاوان لینا چاہئے ۔

۱۱۸۱ - راجہ کا غلّہ وغیرہ دولت کا خزانہ و اسلحہ خانہ و دیوتا کا مندر انہونکو توڑنے و دیگار توڑنیوالا و ہاتھی و گھوڑا و رتھ کو چرانیوالا ان سبکو مارنا اسمین کچھ بچار نکرنا چاہئے ۔

۱۱۸۲ - کسی شخص نے رعیت کیواسطے تالاب بنایا اور دوسرا آدمی اُسکا پانی لیوہی اور پانی کے آنیکی راہ کو مینڈ لگاکر بند کردے تو وہ شخص پرتھم ساہس ڈنڈ کے لائق ہے ۔

۱۱۸۳ - بغیر وقت مصیبت کے شاہراہ مین ناپاک چیز کو ڈالی تو دو کارشاپن ڈنڈ دیوی اور جس

ناپاک چیز کو ڈالا ہے اُسکو جلد شاہراہ سے باہر لیجاوے ۔

۱۱۸۴- اگر کوئی مصیبت زدہ یا بوڑھا یا حاملہ عورت یا نابالغ لڑکا حرکت مرقومہ بالا کرے تو صرف اس بات کے کہنے کے لائق ہوتا ہے کہ یہ کیا کیا سزا کے لائق نہیں ہوتا لیکن اُس ناپاک چیز کو تو ضرور رستہ سے اُٹھا لیجاوین ۔

۱۱۸۵- جو شخص بدون علم شاستر کے چارپایہ وغیرہ مین جھوٹھی طبابت کرتا ہے اُس سے پورب ساہس تاوان اور آدمیونمین جھوٹھی طبابت کرنیوالے سے مدہم ساہس تاوان لینا چاہئے ۔

۱۱۸۶- پانی کے اوپر آنے جانے کیواسطے قایم جو لکڑی یا پتھر ہے اور محل بادشاہی مین جو بیرق جھنڈا ہے اور تالاب وغیرہ مین جو لٹھہ ہے اور دیوتا کی مورت ان چیزونمین سے کسی چیز کا علیحدہ کرنیوالا پانسو پن ڈنڈ دیوے اور جو بگاڑا ہے اُسکو بنا دیوے ۔

۱۱۸۷- بے عیب چیزونکو باعیب کرنے اور توڑنے مین اور جواہرات وغیرہ مین ناکارہ سوراخ کرنے مین پرتہم ساہس ڈنڈ دیوے ۔

۱۱۸۸- برابر قیمت دینے والونمین ایک کو اچھی چیز اور دوسرے کو ناقص چیز یا کسیکو بیش قیمت والی چیز اور کسیکو کم قیمت والی چیز دینے والا پورب ساہس یا مدہم ساہس ڈنڈ دیوے حسب حیثیت جرم تعین سزا کرنا چاہئے ۔

۱۱۸۹- تمام قیدخانونکو سڑک پہ بنانا چاہیے تاکہ اُسکی دیکھنے سے پاپ کرنے والونکو دکھہ ہو (یعنی پابجولان و بھوکھے پیاسے اور ناخن و مونچھہ و داڑھی کی بال بڑھے ہوئے و لاغر بدن ایسے قیدیونکی دیکھنے سے سب آدمی کار ہائے ناکردنی کے کرنیسے خوف کہائینگے کہ جب ہم بُرا کام

کرینگے تو ایسی حالت کو پہونچین گے) *

۱۱۹۰۔ قلعہ کو توڑنیوالا اور اُسکی خندق کو پاٹنیوالا اور اُسکی دروازہ کو توڑنیوالا جلد ملک سے نکال دیا جاوے *

۱۱۹۱۔ شاستر مین کہی ہوئے مارن کا پریوگ ور بانون کی دہول لیکر مارن پر یوگ اِن مونکے کرنیوالونکو دو سو پن ڈنڈ دینا چاہئے اور اگر اِن پریوگ سے آدمی مرجائے تو سنرا کیلئے قتل دینا اور اسی طریق سے ماں باپ و زوجہ کو چہوڑکر اگر منتری وغیرہ موہ کرکے دولت لینی کیواسطے لبسی کرن و اُچاٹن و انواع اقسام کا پریوگ کرین تو اُنکو کرنیمین بہی وسو پن ڈنڈ لینا چاہئے *

۱۱۹۲۔ جو بیج کہ جمنی کے لائق نہین ہے اُسکو جمنی کے لائق کہکر فروخت کرنیوالا یا ناقص تخم مین تہوڑا اچہا تخم ڈالکر بیچنے والا مرجادا کا کہونیوالا یہہ سب انواع اقسام کی سنرا قطع اعضا پاوین

۱۱۹۳۔ سب دُشٹو نمین بڑا دسٹ سنار ہے وہ جب قصور کرے تو جرم کے موافق تہوڑے تہوڑے عضو کو چہری سے کاٹے *

۱۱۹۴۔ ہل و پہاوڑا وغیرہ جو آلات کاشتکاری ہین اور اسلحہ اور دوا یہ انہونکی چورانے مین وقت و فعل کو دیکہکر راجہ سنرا کا تعین کرے *

۱۱۹۵۔ راجہ وزیر و دار السلطنت و ملک و خزانہ و سنرا و رشتہ دار و دوست وغیرہ اِن ساتون کو پرکرت کہتے ہین اور یہہ ساتون عضو سلطنت ہین اسوجہ سے سلطنت ہفت اعضا والی کہلاتی ہے

۱۱۹۶۔ اِن ساتون مین سلسلہ وار سے اوّل اوّل کو بہت بڑا دکہ ہوتا ہے یعنی آخر آخر کے نہونے مین اوّل اوّل کو دُکہ ہوتا ہے *

۱۱۹۷- اس لوک مین باہم ملے ہوئے ہفت اعضا سلطنت مین باہم عجیب مددگاری سے تر دنڈ کیطرح کوئی عضو زائد نہین ہی اگرچہ اوّل اوّل عضو کو زیادہ کہا تو بہی ان ساتو اعضا کے درمیان مین ایک عضو کی کام کو دوسرا عضو نا بات خود نہین کر سکتا اس سے اگلی اگلی عضو کی بہی ضرورت ہوتی ہے اسی وجہ سے زیادتی کی ممالغت ہے اسمین بتبی کی تر دنڈ کی تمثیل دی ہے جیسے تینون ڈنڈ ملا کر اوپر چار انگل گئو کے بال سے بندش کرنیسے باہم نسبت ہوتی اور تر ڈنڈ دہارن سے شاستر ارتھ مین کوئی ڈنڈ زیادہ نہین ہے ویسے ہی ہفت اعضا سلطنت مرقومہ بالا کو جاننا چاہئے *

۱۱۹۸- جس عضو سے جو کام ہو وہی اسمین افضل ہے *

۱۱۹۹- جاسوس و اُتساہ (یعنی تقویت دل) وعمل انکی وسیلے سے راجہ دوسرونکی طاقت کو ہمیشہ جانے *

۱۲۰۰- تمام تکلیفات و رنج کو خیال کرکے چہوٹے بڑے کام کو آغاز کرے *

۱۲۰۱- اگر کامونکو کرتے کرتے تہک جائے تو پہر پہر کامون ہی کا آغاز کرتا رہے کیونکہ لکشمی کام کرنیوالونکی سیوا کرتی ہے *

۱۲۰۲- ست جگ تریتا دواپر کلجگ یہ چار جگ ہین مگر کچھ نہین بلکہ راجہ جیسا رواج جاری کرے وہی جگ ہوتا ہے یعنی راجہ ہی جگ ہے *

۱۲۰۳- جب راجہ بیوقوفی و سستی وغیرہ سے انجام کار نکرے تب کلجگ ہوتا ہے اور جب جانکر کام نہین کرتا تب دواپر ہوتا ہے اور جب کام کرتا ہے تب تریتا ہوتا ہے *

۱۲۰۴ - اور جب شاستر کے موافق کام کرتا ہی تب ست جگ ہوتا ہی اسلئے راجہ ہر وقت کام کرتا رہے یہہ سدہانت ہی چارو جگ کا ہونا سدہانت نہین ہے ۔

۱۲۰۵ - اندر سورج ہوا یم راج برن چندرمان اگن زمین نہونکی پرا کرم کو راجہ دہارن کرے اور دشٹونکو فانی کرکے اقبال و محبت سے شامل رہے ۔

۱۲۰۶ - جسطرح چار مہینہ برسات مین راجہ اندر پانی برساتے ہین اسیطرح راجہ اندر کا کام کرتا ہوا تمام راج مین رعایا کی تمنّاء دلی پوری کرے ۔

۱۲۰۷ - جسطرح سورج اپنی شعاع سے آٹھ مہینہ تک پانی زمین سے کہینچتے ہین اسیطرح راجہ سورج کا کام کرتا ہوا راج سے محصول کو لیوے ۔

۱۲۰۸ - جسطرح ہوا تمام جاندارونمین داخل ہوکر گشت کرتی ہی اسیطرح راجہ ہوا کا کام کرتا ہوا بوسیلہ جاسوسان تمام راج مین داخل ہوکر گشت کرے ۔

۱۲۰۹ - جسطرح یم راج دوست و دشمن دونون کو قریب المرگ ہونے پر مارتا ہی اسیطرح راجہ سب رعایا کو جرم کے موافق یم راج کا کام کرتا ہوا سزا دیوے ۔

۱۲۱۰ - جسطرح برن دشٹونکو باندہتی ہین اسیطرح راجہ برن کا کام کرتا ہوا مجرمونکو گرفتار کرے ۔

۱۲۱۱ - جسطرح پورن چندرمان کو دیکہکر آدمیونکو آنند ہوتا ہی اسیطرح سب جاندار راجہ کو دیکہکر خوش رہین اسطریق سے راجہ رہا کرے ۔

۱۲۱۲ - پاپ کرمونمین ہمیشہ صاحب اقبال و پرجلال رہی یعنی مجرمونکو ضرور سزا دیوے اور اگن کا برت کرتا ہوا دشٹ منتریونکو سزا دینے والا رہے ۔

۱۲۱۳۔ جسطرح زمین تمام جانداروںکو اپنے اوپر یکسان قائم رکھتی ہے اسیطرح راجہ زمین کا برت
دھارن کرتا ہوا سب جانداروںکو دھارن کرے*

۱۲۱۴۔ اِن تدبیروں اور دیگر تدبیروںسے مشمول ہوکر ہمیشہ سستی سے دور رہے اپنے اور دوسروںکے
راج سے چوروںکو نیست و نابود کرے*

۱۲۱۵۔ اسطریق سے راجہ ہر ایک وقت پر راج دھرم کو کرتا ہوا بھی عالم مین سب ملازمان
کو مصروف کرے*

۱۲۱۶۔ یہہ تمام طریق راجہ کی عمل در آمد کا کہا گیا اب آگے سلسلہ وار ویشیہ اور شودروںکے دھرمونکو کہینگے*

۱۲۱۷۔ ویشیہ سنسکار کو پاکر وواہ کرکے حفاظت چارپایہ و کاشتکاری وغیرہ مین ہمیشہ مصروف رہے*

۱۲۱۸۔ برہماجی نے ویشیہ کو پیدا کرکے اسکو پشو (یعنی چارپایہ) دیا اور برہمن و کشتری کو تمام رعیت دی*

۱۲۱۹۔ ویشیہ خواہش نکرے کہ چارپایہ کی حفاظت نکرینگے کاشتکاری وغیرہ کرتا ہوا ہی چارپایہ
کی حفاظت ضرور کرے اور جبتک ویشیہ حفاظت چارپایہ کی کرے تب تک دوسرا ورن نکرے*

۱۲۲۰۔ جواہرات و مونگا و موتی و لوہا و سوت و خوشبویات و رس ان سبھونکی قیمت ملک
و وقت سمجھکر کم و زیادہ مقرر کرے*

۱۲۲۱۔ کھیت کا عیب و ہنر تخم ریزی بر ستھہ و درون وغیرہ تعداد تولہ و ماشہ وغیرہ تعداد وزن
ان سبھونکا جاننے والا ویشیہ ہووے*

۱۲۲۲۔ برتنونکا سارا سارا ملکونکا عیب و ہنر اشیاء فروختنی کا نفع و نقصان ترقی چارپایہ ان سبکو جانے۔

۱۲۲۳۔ مزدوروںکی مزدوری آدمیونکی انواع اقسام کی زبان روپیہ و اشرفی وغیرہ چیزونکی قیام کی

تدبیر اور خرید و فروخت ان سب کو جاننے ✤

۱۲۲۴ - دھرم سے ترقّی دولت مین اچھّی تدبیر کرے سب جانداروں کی کھانے پینے کی نیک طریق سے خبر گیری کرے ✤

۱۲۲۵ - برہمن سب لوگونکی تدبیر معاش کو موافق طریق کے جانے اور دوسرونکو سمجھاوے اور آپ بھی اسی کے موافق کرے ✤

۱۲۲۶ - سب ورنونمین اُن عورتونسے جو ہمقوم و منکوحہ و وقت شادی کی باکرہ ہوں جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ مساوی (یعنی ماں باپ کی ذات والی) کہلاتی ہے ✤

۱۲۲۷ - کہنا پچھتانا تپ کرنا وید پڑھنا انھونکی وسیلہ سے پاپ کرنیوالا پاپ سے چھوٹتا ہے اور وقت مصیبت مین دان کرکے پاپ سے چھوٹتا ہے ✤

۱۲۲۸ - جیسی کینچل سے سانپ چھوٹتا ہے اُسی طرح ظاہر پاپونکو جیسی جیسی کہتا ہے اُسیطرح آدمی پاپ سے چھوٹتا ہے ✤

۱۲۲۹ - پاپ کرنیوالے آدمی کا دل جیسی جیسے بُرے کام کی بُرائی کرتا ہے ویسی ویسے اُسکا بدن اُس ادھرم سے چھوٹتا ہے ✤

۱۲۳۰ - پاپ کرکے سنتاپ کرے تو اُس پاپ سے چھوٹتا ہے مین پھر ایسا نکرونگا ایسی شرط کرکے وہ پاپی پاک ہوتا ہے ✤

۱۲۳۱ - دانستہ یا نا دانستہ بُرا کرم کرکے اُس کرم سے چھوٹنے کی خواہش کرتا ہوا دوسری دفعہ بُرا کرم نکرے اور اگر دوسری دفعہ بُرا کرم کرے تو دو چند پرایشچت کرے ✤

۱۲۳۲۔ جس پراشچت کر نیسے پاپ کرنیوالے کے دلکو سنتوش نہو تو اُس پراشچت کو پھر کرے جبتک چت کو سنتوش نہو تب تک پراشچت کرتا رہے ٭

۱۲۳۳۔ دیوتا و آدمی ان دونونکی سکھہ کا مول مدھیہ و انت مین تپ ہی ہی اس بات کو ویدکے دیکھنے والون نے کہا ہے ٭

۱۲۳۴۔ برہمن کا تپ برہم گیان ہے کشتری کا تپ حفاظت عالم ہے ویشہ کا تپ زراعت وغیرہ ہے شودر کا تپ سیوا ہے ٭

۱۲۳۵۔ رشی لوگ اندریونپر غالب ہوکر پھل و مول و ہوا انہو نمین سے کسی ایک کو بھوجن کرتے ہوئے ساکن و متحرک تینون لوک کو تپ ہی سے دیکھتے ہین ٭

۱۲۳۶۔ جو چیز دُکھہ سے ترنے کے لائق او رملنے کے لائق اور جاننے کے لائق ہے وہ تپ ہی سے ہو سکتی ہے جو نہو سکے تو اُسکی ہونمین تپ ہی سمرتھ ہے تپ کا النگھن بڑا کٹھن ہے ٭

۱۲۳۷۔ مہاپاتکی وغیرہ سے لیکر جتنے پاپ کرنیوالے ہین وہ سب تپ سے پاک ہوتے ہین ٭

۱۲۳۸۔ دل و گفتار و بدنسے جو کچھہ پاپ ہوتا ہے وہ سب تپ ہی سے فانی ہوتا ہے ٭

۱۲۳۹۔ پرجاپت برہما نے اس شاستر کو تپ ہی سے پیدا کیا اور اسکو رشی لوگوں نے تپ سے پایا ٭

۱۲۴۰۔ دل و بدن و گفتار سے جو عمل نیک و بد پیدا ہوتا ہے اس سے آدمیونکی اتم مدھیم ادھم گت پیدا ہوتی ہے ٭

۱۲۴۱۔ آگے جو دس لکشن کہینگے اُس سے مشمول آدمی ارباب قالب کا دل جو کہ بدن و گفتار و دل سے اتم مدھیم ادھم کرم مین مصروف کرنیوالا ہے اُسکو جانو ٭

۱۲۴۲۔ دوسرے کی دولت مین دھیان دل سے بدخیالی ناستک پن یہہ تین قسم کے مانس کرم ہین یعنی دل سے

پیدا ہونیوالے ہین ٭

١٢٤٣ - بدن دی ہوئی چیز کو لینا بدھ کرنا خلاف جیو و کنا مارنا دوسرے کی عورت سے جماع کرنا یہ تین قسم کا کرم بدن کا ہے ٭

١٢٤٤ - نامرغوب گفتار دروغ گوئی دوسرے کا عیب کہنا بے مطلب بولنا یہہ چار قسم کا واچک کرم ہے یعنی گفتار سے پیدا ہوتا ہے ٭

١٢٤٥ - بدنسبی پیدا ہوئے عمل نیک و بد کی نتیجہ کو صاحب بدن آدمی سلسلہ وار دل و گفتار و بدن سے بہوگ کرتا ہے ٭

١٢٤٦ - بدن و گفتار و دل سے پیدا ہوئے کرم سے ساکن یعنی درخت وغیرہ پرند و چارپایہ و چانڈال وغیرہ کا جنم پاتا ہے ٭

١٢٤٧ - جسکی گفتار و دل و بدن سب سلسلہ وار نامرغوب گفتار و بدخیالی و ممنوع تجارت کو ترک کرنیوالے ہین وہی ترِدنڈی کہلاتا ہے ٭

١٢٤٨ - تمام جاندارون مین ان تینون ڈنڈ کو یعنی دل و بدن و گفتار کے ڈنڈ کو قایم کرکے کام اور کرودھ کو روک کر سدھ کو پاتا ہے ٭

١٢٤٩ - بدنکو کرم مین مشغول کرانیوالا کشتریگیہ کہلاتا ہے اور جو کرم کرتا ہے وہ بہوت آتما یعنی بدن کہلاتا ہے یہہ بات پنڈت لوگ کہتے ہین ٭

١٢٥٠ - جملہ ارباب قالب کے ساتھ پیدا ہوا انتر آتما جیو نام والا جسکو مہت کہتے ہین وہ علیحدہ ہی جس سے جنم مین تمام سکھ دکھ کو کشتریگیہ ان بہوگ کرتا ہے یعنی سکھ دکھ کو بہوگ کرتا ہے ٭

۱۲۵۱- جہت تتو وکشتر گیہ یہ دونون پرتھوی وغیرہ پانچ مہابہوتون کرکے اونچ وینچ یونن
مین پرماتما کو پکہر کر رہتے ہین ❊

۱۲۵۲- پرماتما کے بدنسے اونچ وینچ یون مین قایم بدنکو ہمیشہ کرم متحرک کرنیوالی بے تعداد
مورت یعنی جیو نکلتے ہین ❊

۱۲۵۳- پرلوک مین پاپ ہونکی دکھ بہوگ کرنیکو لئے پرتھوی وغیرہ پانچ عناصر کے حصّون سے
ایک دوسرا بدن لنگ نام پیدا ہوتا ہے ❊

۱۲۵۴- اُس بدنسی یم راج کی سخت سزا کو اِن بہوگ کرکے یعنی دکہہ بہوگ کر وہ بدن اپنی اصل
مین محو ہوجاتا ہے (یعنی یہ پرتھوی وغیرہ پانچ عناصر سے جو حصّہ نکلا وہ پانچون عناصر مین ملجاتا ہی ❊

۱۲۵۵- لنگ نام بدنمین قائم جیو پشی باسنا کی صحبت سے پیدا ہوئی پاپونکو بہوگ کر اور پاپونسے
علیحدہ ہوکر بڑے پراکرم والے مہان اور پرماتما دونونکی پناہ لیتا ہی ❊

۱۲۵۶- اسنسی سی علیحدہ مہان اور پرماتما یہہ دونون ساتھ ہوکر جس دہرم وادہرم سی مشمول جیو اس
لوک و پرلوک مین سکہہ دکھ کو پاتا ہی اُس دہرم کو اور بہوگ سے بچے ہوئی پاپونکو بچاتے ہین ❊

۱۲۵۷- جب جیو بہت دہرم کو کرتا ہی اور تہوڑے پاپونکو کرتا ہی تب پرلوک مین سکھ کو پاتا ہی ❊

۱۲۵۸- اور جب بہت پاپ کرتا ہی اور تہوڑا دہرم کرتا ہی تب پرلوک مین دکھ پاتا ہے ❊

۱۲۵۹- یم راجکی سزا کو بہگت کر پاپ سے علیحدہ ہوکر پہر جہان سے لنگ نام بدن پیدا ہوا ہے
اُسی مین پہر حصّہ دار داخل ہوتا ہے ❊

۱۲۶۰- اپنے چیت سے اِس جیو کی یہہ گت دیکہکر ہر وقت دلکو قائم کرے ❊

۱۲۶۱- ست رج تم یہہ تینون آتما بہت تتو کے گن ہین ان گنو لسنی محیط ہوکر سب چیزین جہان قائم ہے *

۱۲۶۲- تینون گنونمین سے جو گن جب بدنمین زیادہ ہو اُس بدنکو زیادہ تر اُسی گن والا وہ گن کرتا ہے *

۱۲۶۳- ست گیان ہی تم اگیان ہی راگ یعنی چیز مرغوب کی خواہش اور دویش یعنی چیز نامرغوب ہین غصّہ یہہ دونون رج ہین ان تینون گنولسے تمام عالم محیط ہے *

۱۲۶۴- جب آتما کو پریت سے مشمول سانت و سدہ روپ دیکھے تب ست گن کو جانے *

۱۲۶۵- جب آتما کو دُکھ سے مشمول و ناخوش دیکھے تب جوگن جانے وہ رجوگن سب ارباب قالبونکو مشکل سے دور کرنیکے لائق ہے *

۱۲۶۶- جب آتما کو موہ سے مشمول الشبے روپ پوشیدہ دیکھے تب تموگن جانے وہ تموگن دلیل کے لائق نہین ہے اور جاننے کے لائق نہین ہے *

۱۲۶۷- ان تینون گنونکا جو نتیجہ افضل و اوسط وادنیٰ ہے اُسکو ہم کہینگے *

۱۲۶۸- وید کا پڑھنا تپ گیان پاکی اندریونکو جیتنا دہرم کریا یعنی وید کے موافق عمل آتم چنتا یہہ سب ستوگن کے لکشن ہین *

۱۲۶۹- شروع کام مین غیرت بے صبری بُرے کام کو قبول کرنا ہمیشہ وشیونکی سیوا یہہ سب رجوگن کے لکشن ہین *

۱۲۷۰- لوبھ خواب بے صبری کٹھورپن ناستک پن اجار پر عمل نکرنا مانگنا پرماد یہہ سب تموگن کے لکشن ہین

۱۲۷۱- تینون زمانہ ماضی و مستقبل و حال مین ہونے والی تینون گنونکا خلاصہ سلسلہ وار گین لکشن جاننے کے لائق ہے +

۱۲۷۲- آدمی جو کرم کرکے اور کرتا ہوا اور کرنیکی خواہش کرتا ہوا شرم اگین ہو اُس کرم کو پنڈت لوگ تامس گن لکشن جانین +

۱۲۷۳- جس کرم کرکے اِس لوک مین بڑی شہرت ہونیکی خواہش کرتا ہی اور ادولتی ہونے مین رنج نہین کرتا ہے اُس کرم کو راجس گن لکشن جانین +

۱۲۷۴- جو کرم سرب آتم کے وسیلہ سی وید ارتہہ کو جاننے کی خواہش کرتا ہی اور جس کرم کو کرتے ہوئے شرم نہین ہوتی اور جس کرم کرکے پرش کی آتما خوش او رتریپت ہوتی ہی اُس کرم کو ستوگن لکشن جانین

۱۲۷۵- تموگن کا لکشن کام یعنی شہوت ہی رجوگن کا لکشن ارتہہ ہی ستوگن کا لکشن دہرم ہے انہون مین پچہلا پچہلا افضل ہے +

۱۲۷۶- جس گن کے وسیلہ سی جیو جس گت کو پاتا ہی اُس تمام جگت کی گت کو مین مختصراً بیان کرونگا +

۱۲۷۷- ستوگن والی دیوبہاو کو اور رجوگن والے منشیہ بہاو کو اور تموگن والی چارپایہ وپرند وغیرہ کے بہاو کو پراپت ہوتے ہین یہہ تین طرحکی گت ہے +

۱۲۷۸- ستوگن وغیرہ تین گن کے وسیلہ سی تین قسم کی گت جو بیانکی وہ دیش و کال وغیرہ کی تفریق سے اور سبھ رت عالم تفریق عمل سے ادھم و مدھیم و اتم اقسام کرکے پھر تین قسم کی گت جاننا +

۱۲۷۹- درخت و چھوٹے بڑے کیڑے و مچھلی و سانپ و چارپایہ و کچھوا دھرن ان سبھونکو تموگن کی نیچ گت جاننا +

۱۲۸۰- ہاتہی گہوڑا شودر ملیچہ سنگہ باگہہ سور ان سب گنونکو تموگن کی مدہیم گت جاننا ❊

۱۲۸۱- نٹ پرند کپٹ سہ دہرم کرنیوالے آدمی راکشس پشاچ ان گنونکو تموگن کی اُتم گت جاننا ❊

۱۲۸۲- براہتہ کشتری سے ہمقوم عورت مین پیدا ہوئی اولاد جسکا بیان شودرون دسویں مین ہوا اور جہل
یعنی لاٹہی سے پرہار کرنیوالے اور مل یعنی پہلوان لوگ اور نٹ یعنی سبہا کا بنانیوالا اور سلحہ سے
زندگی بسر کرنیوالا اور قمار بازی کرنیوالا اور شراب پینیوالا ان سب گنونکو رجوگن کی نیچ گت جاننا ❊

۱۲۸۳- راجہ وکشتری وراجہ کا پروہت وبحث علمی کو افضل جاننے والا وتکلیف پسند کرنیوالا ان
سب گنونکو رجوگن مدہیم گت جاننا ❊

۱۲۸۴- گندہرب وگہجگ وبکش ودیوتونکے پیچہے چلنے والی بڈیا دہر وغیرہ والپسرا ان سب
گنونکو رجوگن کی اتم گت جاننا ❊

۱۲۸۵- اس لوک مین سلسلہ سے یہہ جیو جس جس کرم کرکے جس جس یونی مین جاتا ہو اُس سبکو کہتے ہین ❊

۱۲۸۶- بہت سال تک گہور نرک کے بہوگ کر نیسی پاپونکو دور کرکے باقیماندہ پاپسے مہاپاپی آدمی
سنسار مین جنم پاتے ہین ❊

۱۲۸۷- چہوٹے بڑے کیڑے پتنگ غلیظ کہانیوالی پرند مارنیکی خصلت رکہنیوالی شیر وغیرہ انہونکی
یون مین شراب پینے والا برہمن جاتا ہے ❊

۱۲۸۸- مکڑی سانپ گرگٹ جل کے جیو ٹیڑہے چلنیوالے جیو پشاچ مارنیکی خصلت رکہنیوالی جیو
انہونکی یون مین سونا چرانیوالا برہمن ہزارون دفعہ جاتا ہے ❊

۱۲۸۹- ترن (یعنی دوب وغیرہ) گلم لتا کچے گوشت کے کہانیوالی (گدہ وغیرہ) داڑہہ والی (سنگہ وغیرہ)

کرور کرم کرنیکا جنکا سو بہاوے ہے (باگہہ وغیرہ) انہونکی یونین میں الدہ سی جماع کرنیوالا سیکڑون فعہ جاتا ہی

۱۲۹۰- جیونکی مارنیکی خصلت رکہنے والے جو ہین وہ کچے گوشت کی کہانیوالی (یعنی بلار وغیرہ) ہوتے ہین اور جو نہ کہانے کے قابل چیز کو کہاتے ہین وہ چہوٹے کیڑے ہوتے ہین مہاپاتکی کے سوائے جو چور ہین وہ باہم گوشت کی کہانیوالے ہوتے ہین یعنی وہ اُنکی گوشت کو کہاتا ہی اور وہ اُسکے گوشت کو کہاتا ہے) اور چانڈال کی عورت سے جماع کرنیوالا پریت ہوتا ہے ۞

۱۲۹۱- غلّہ کے چورانیسے چوہا اور کانسا کی چورانیسے ھنس اور پانی کے چورانیسے پلو نام جانور اور شہد کے چورانیسے جنگل کی ماچہی اور دودہ کی چورانیسے کوّا اور رس کے چورانے سے کُتّا اور گہی کے چورانیسے نیولا ہوتا ہے ۞

۱۲۹۲- ہرن و ہاتہی ان دونومین سے کسی ایک کو چورانیسی بنڈار ہوتا ہی گہوڑے کے چورانے سے باگہ ہوتا ہے پہل و مول ان دونومین سے کسی ایک کے چورانیسی بندر ہوتا ہی عورت کے چورانیسے ریچہہ ہوتا ہی پینے کے لائق پانی چورانیسی پپیہا نام پرندہ ہوتا ہی سواریونکو چوراکر اونٹ ہوتا ہے چارپایونکو چوراکر بکرا ہوتا ہے ۞

۱۲۹۳- دوسرے کی دربہہ چورانیسی اور بدون بہوگ لگائے دیوتاؤن کے ہبیہ بہوجن ضرور ٹہیر ہی ملنے والی جانورونکی جسم یعنی قالب کو پاتا ہی یعنی اُنکی صورت سے پیدا ہوتا ہے ۞

۱۲۹۴- اور عورت بہی اوپر لکہی ہوئی کرہونکی کرنیسے اوپر لکہی ہوئے جاندارونکی عورت ہوتی ہی۔

۱۲۹۵- وقت مصیبت کی نہونے مین چارہ ورن اپنی کرمونسی علیحدہ ہو کر پاپ یونین جاکر اپنے دشمنونکی غلام ہوتے ہین ۞

۱۲۹۶- اپنے دہرم سے علیحدہ ہمہن قے کی ہوئی چیز کو بہوجن کرنیوالا اُنکا مکہہ نام ہریت ہوتا ہے اور اپنے دہرم سے علیحدہ کشتری غلیظ وبیشاب کہانیوالا کیٹوتن نام ہریت ہوتا ہے ؎

۱۲۹۷- جو ویسیہ اپنے دہرم سے علیحدہ ہو وہ بیٹ بہوجن کرنیوالا ہیتر اکش نام ہریت ہوتا ہے اور جو شودر اپنے دہرم سے علیحدہ ہو وہ کیڑا بہوجن کرنیوالا ہریت ہوتا ہے ؎

۱۲۹۸- بشیہ نہین آتما کو لگانیوالا آدمی جس جس طرح بشیون کا سیون کرتا ہے اُس اُسطرح بشیو نمین ہوشیار ہوتا ہے ؎

۱۲۹۹- وہ سب کم عقل والے پاپ کرمونکی مہارت سے اُن اُن یون مین دکہہ کو پاتے ہین ؎

۱۳۰۰- اور تامسر اُس ہتھیر بن بندھن چہیدن جو نرک ہین اُنمین دکہہ پاتے ہین ؎

۱۳۰۱- اور انواع اقسام کی تکلیف پاتے ہین اور کوا و اُلو پرند اُنکو کہاتے ہین اور گرم بالو کی گرمی کو پاتے ہین اور نہایت خوفناک کُنبہی پاک نام نرک کے دکہہ بہوگتے ہین ؎

۱۳۰۲- ہمیشہ بہت دکہہ والی ناقص یون مین پیدایش اور سردی وگرمی سے تکلیف وانواع اقسام کا خوف پاتے ہین ؎

۱۳۰۳- بار بار شکم مین قیام وتکلیف ولادت وتکلیف گرفتاری ودوسرے کی خدمتگذاری اِن سبکو پاتے ہین ؎

۱۳۰۴- بہائیون اور پیاری لوگونسے جدائی اور بدآدمیونکے ساتھ بودوباش اور دولت کا فراہم ہونا اور پہر اُسکا کالعدم ہوجانا اور دوست ودشمن کا ملانا اِن سبکو پاتے ہین ؎

۱۳۰۵- قابل عدم معالجہ حالت پیری وبیماریونسے دکہہ وانواع اقسام کی تکلیفین اُٹہانیکے بعد